ہندوستانی گرامر

از

بنجمن شُلزے

ترتیب، ترجمہ، تعلیقات

ڈاکٹر ابواللّیث صدّیقی

○

مجلسِ ترقیِ ادب۔ لاہور

ہندوستانی گرائمر

از

بنجمن شُلزے

ترتیب، ترجمہ و تعلیقات
ڈاکٹر ابواللّیث صدّیقی

مجلسِ ترقیِ ادب۔ لاہور

فہرست

مقدمہ ، از ڈاکٹر ابواللیث صدیقی - - - - - - - ۱
قواعد (مترجم از لاطینی) - - - - - - - - ۳۹
مؤلف کا پیش لفظ - - - - - - - - - ۳۹
مصنّف کا دیباچہ - - - - - - - - - ۴۲

باب اول :

حروف تہجی سنسکرت ، بنگلہ ، گورمکھی وغیرہ - - - - - ۴۵
حروف تہجی ہندی - - - - - - - - - ۵۹

باب دوم :

اسم کا بیان - - - - - - - - - - ۶۵
اسم کی گردان - - - - - - - - - ۶۷
اسما کی ساخت - - - - - - - - - ۷۱
بیان صفت کا - - - - - - - - - ۷۷
اسم عدد (صفت عددی) گنتی - - - - - - - ۸۴
عدد ترتیبی - - - - - - - - - - ۸۶

باب سوم :

ضمائر - - - - - - - - - - - ۸۸
ضمیر اشارہ (قریب) - - - - - - - - - ۹۲
ضمیر اشارہ (بعید) - - - - - - - - - ۹۲
ضمیر استفہامی - - - - - - - - - ۹۳

باب چہارم :

فعل کی بحث - - - - - - - - - - - ۹۳

باب پنجم :

حروفِ عطف کا بیان - - - - - - - - - - ۱۲۲

حواشی و تعلیقات - - - - - - - - - - - ۱۳۷

☆ ☆ ☆

مقدمہ

دنیا کی اکثر زبانوں کی تاریخ کے مطالعے سے پتا چلتا ہے کہ ان زبانوں کے قواعد اور لغت کی ابتدائی تالیف و تدوین کا کام بالعموم اُن لوگوں نے انجام دیا جو خود اہلِ زبان نہ تھے، بلکہ کسی ضرورت سے وہ کوئی زبان بطور ثانوی زبان سیکھتے اور استعمال کرتے تھے۔ یہ امر ایک حد تک قدرتی ہے۔ اہلِ زبان کو قواعد کی کتابوں سے زبان سیکھنے کی ضرورت نہیں ہوتی۔ ماں کی گود سے قبر تک وہ اس زبان کو سنتے اور بولتے ہیں اور سند کے لیے قواعد پیش نہیں کرتے، بلکہ قواعد نویسوں کے لیے اہلِ زبان کی گفتگو اور تحریر سند ہوتی ہے اور اسی پر قواعد اور فرہنگ نویسی کی اساس قائم ہوتی ہے۔ اس کلّیے میں بعض مستثنیات بھی ہیں لیکن وہ بھی خاص حالات کی پیداوار ہوتے ہیں؛ مثلاً دنیا میں معلوم زبانوں کی قدیم ترین قواعد سنسکرت کی قواعد ہے؛ اور پانینی کی قواعد جیسی ہم تک پہنچی ہے، دنیا کی کسی زبان کی قدیم ترین قواعد ہے۔ پانینی کا زمانہ چوتھی صدی قبل مسیح کا ہے اور وہ ٹیکسلا (پاکستان) کا رہنے والا تھا۔ پانینی نے اپنے پیشرو قواعد نویسوں میں سے بعض کے حوالے دیے ہیں اور ان سے استفادہ بھی کیا ہے لیکن ان کی وہ تحریریں اب نایاب ہیں۔ بہرحال پانینی اور اس کے پیشرو اسی ملک کے رہنے والے تھے جہاں سنسکرت رائج تھی۔ اور اگرچہ ویدک سنسکرت جس کی قواعد ان حضرات نے تالیف کی، عام بول چال کی زبان نہ تھی لیکن سنسکرت کے عالموں کے لیے یہ اس عہد میں کوئی اجنبی یا غیر ملکی زبان نہ تھی۔ یوں مستشرقین نے بھی سنسکرت کی قواعد اور لغت نویسی میں بڑا اضافہ کیا ہے لیکن یورپ میں سنسکرت کی پہلی قواعد ایک جرمن مشنری ہینکزلیڈن (Hanxleden) نے اٹھارویں صدی عیسوی کے آغاز میں لکھی تھی۔ اسی طرح عربی کے پہلے قواعد نویس بھی عربی بولنے والے تھے۔ اپنی قواعد کے سلسلے میں عرب مصنّفین کی اکثریت کا قول ہے کہ پہلا شخص جس نے علمِ نحو کی بنا ڈالی، وہ ابوالاسود ظالم بن عمرو وئلی تھا۔ وئل، بنی کنانہ کا ایک قبیلہ تھا جس کی بنا پر ان کی نسبت وئلی ہوئی۔ ابوالاسود کوفے کے رہنے والے تھے اور ان کی نشوونما بصرے میں ہوئی تھی۔ مختلف روایات میں ابوالاسود کی عمر پچاسی سال اور ان کا سنہِ وفات ۶۹ ہجری بتایا جاتا ہے۔ علاوہ تدوینِ نحو کے ان کا ایک یادگار کارنامہ یہ بھی بتایا جاتا ہے کہ پہلے پہل عبارتِ قرآن میں نقطے دینے کا رواج نہ تھا۔ چنانچہ انھوں نے سب سے پہلے قرآن میں نقطے لگا کر ان لوگوں کے لیے قرآن پڑھنا آسان کر دیا جن کی زبان عربی نہ تھی۔ بعد کے دور میں اُن لوگوں نے بھی عربی کی قواعد نویسی کی طرف توجہ کی اور اس فن میں امام مانے گئے جو عرب نہ تھے۔ ایسی ایک مثال ابو بشر بن عثمان ملقّب بہ سیبویہ کی ہے اور ان کی کتاب عرفِ عام میں سیبویہ کے نام سے ہی معروف ہے۔ ان کی وفات سنہ ۱۶۱ھ (مطابق سنہ ۷۷۸-۷۹ع) اور سنہ ۱۹۴ھ (مطابق سنہ ۸۰۹-۸۱۰ع) کے درمیان ہوئی۔

یہ حقیقت بھی نہایت دلچسپ ہے کہ زبانوں کے سیکھنے اور ان کو محفوظ رکھنے اور ان کی قواعد اور لغت کی تالیف و تدوین میں ایک اہم محرّک مذہب رہا ہے ۔ سنسکرت کے قواعد نویسوں کو ویدک سنسکرت کی قواعد مرتّب کرنے کی ضرورت یوں ہی محسوس ہوئی کہ صدیوں تک وید کی تعلیم و تحصیل برہمنوں کے مخصوص طبقے میں زبانی روایت کے طور پر ایک نسل سے دوسری نسل تک منتقل ہوتی رہی تھی اور تحریری سند نہ ہونے کی وجہ سے قراءت کا اختلاف قدرتی طور پر بڑھتا گیا ، یہاں تک کہ چوتھی صدی قبل مسیح میں اس کی شدت نے سنسکرت کی قواعد کی تدوین کی ضرورت محسوس کرائی ۔ عربی کی قواعد نویسی کے آغاز کے بارے میں بھی اسی قسم کی روایت ہے کہ ایک اعرابی حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی خدمت میں آیا اور اس نے قرآن پڑھنے کا ارادہ کیا ۔ ایک شخص نے اسے سورۂ براءت پڑھائی اور ''ان اللہ بری من المشرکین و رسولہ'' بالجرّ پڑھا جس کا مطلب یہ ہوا کہ اللہ بیزار ہے مشرکین اور اپنے رسولؐ سے (نعوذ باللہ) ۔ اعرابی نے سن کر کہا ''جب خود اللہ تعالیٰ اپنے رسولؐ سے بیزار ہے تو میں اس سے بھی زیادہ بیزار ہوں'' ۔ یہ خبر حضرت عمرؓ تک پہنچی تو آپ نے اس اعرابی کو بلا کر دریافت کیا کہ کیا تم رسول اللہؐ سے بیزار ہو ؟ اس نے جواب دیا ''امیرالمومنین میں مدینہ میں آیا اور قرآن سیکھنے کا ارادہ کیا ۔ ایک شخص نے مجھے یوں پڑھایا تو میں نے کہا ''جب اللہ تعالیٰ اپنے رسول سے بیزار ہے تو میں اس سے بھی زیادہ بیزار ہوں'' ۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ اے اعرابی ! تم کو کسی نے غلط پڑھایا ہے ۔ آیت یوں ہے ''ان اللہ بری من المشرکین و رسولہٗ'' یعنی اللہ اور اس کا رسولؐ مشرکین سے بیزار ہیں ۔ اعرابی نے کہا ''ہم زیادہ بیزار ہیں اُس سے جس سے اللہ اور اس کے رسولؐ بیزار ہیں'' ۔ چنانچہ اس واقعے کے بعد حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حکم دیا کہ آئندہ وہی شخص قرآن کی تعلیم دے جو لغت جانتا ہو تاکہ خطا سے محفوظ رہے ۔ اور آپ نے ابوالاسود کو نحو عربی کی تدوین کا حکم دیا ۔

خود اردو زبان کی تاریخ کے مطالعے سے واضح ہوتا ہے کہ اس کی ابتدائی ترقی اور نشو و نما کی تحریک مذہب سے ہوئی ۔ اردو کی ابتدائی نشوونما میں صوفیائے کرام کا بڑا حصہ ہے ۔ ان میں سے اکثر کی مادری زبان فارسی یا ترکی تھی اور فارسی ہی اس عہد میں درباری ، دفتری ، عدالتی ، تہذیبی اور شعر و ادب کی زبان تھی ۔ ان بزرگوں نے اپنی تدریس و تبلیغ کے لیے یہاں کی زبانوں کو سیکھا اور اپنی محفلوں میں گفتگو اور تالیف و تصنیف کے لیے ان کو اختیار کیا ۔ یہی وجہ ہے کہ اردو نثر و نظم کا ابتدائی ادب مذہبی ادب ہے ۔ سولھویں صدی کے بعد جب مغربی مشنری یہاں آنا شروع ہوئے تو انھوں نے بھی اپنی تبلیغی ضرورت کے پیش نظر یہاں کے مختلف علاقوں کی زبانیں سیکھیں ۔ ان کے قواعد اور لغت مرتّب اور مدون کیے ، انجیل اور دوسری مقدس کتابوں کے ان زبانوں میں ترجمے کیے ۔

مشنریوں کی ان تالیفات ، تصانیف اور تراجم کا سلسلہ سولھویں صدی عیسوی سے شروع ہوا ۔ بعض حوالوں سے پتا چلتا ہے کہ عہدِ اکبری میں ہی ان مبلّغوں نے اردو کو ، جسے وہ ہندوستانی ، زبانِ ہندوستان ، ہندوی اور ہندی کے ناموں سے یاد کرتے تھے ، استعمال کرنا شروع کر

دیا تھا - سولھویں صدی کے ان مصنفین میں ایک نام جیرونیمو زاویر (Jeronimo Xavier) کا ہے جو حضرت عیسیٰ کے حواریوں Companions of Jesus کی تنظیم سے متعلق تھا اور جہانگیر کے دربار میں بھی پیش ہوا تھا - اس کا قیام آگرہ میں تھا جہاں وہ سنہ ۱۵۸۶ع اور سنہ ۱۶۱۵ع کے درمیان موجود تھا - اس نے ہندوستانی فارسی لغت کا ایک مجموعہ مرتب کیا[1] - یہ ان کتابوں میں شامل ہے جو سنہ ۱۵۹۹ع سے قبل کی تصنیف ہیں - اس کا پورا نام Vocabularium Portugalico Hindustano-persicum ہے اور اس اعتبار سے اس کا شمار اردو کی قدیم ترین لغات اور قواعد اردو میں ہوتا ہے - سنہ ۱۶۰۰ع اور ۱۶۹۹ع کے درمیان مختلف مشنریوں نے بنگالی ، کنڑی ، کونکنی ، مالاباری ، سنسکرت ، تامل اور سنگھالی (سہنالی) زبان میں مختلف رسالے لکھے - اس دور کا اردو کا ایک مشنری مصنف انتونیودی سلدانہا (Antonio de Saldhana) تھا - اس کی وفات سنہ ۱۶۶۳ع میں ہوئی - اس نے دعاؤں کا ایک مجموعہ Rosas کے نام سے ہندوستانی زبان میں لکھا[2] اور کونکنی کے لغات کا ایک رسالہ بھی مرتب کیا - اسی دور کا دوسرا مصنف اگناسیو آرکامونے (Ignacio Arcamone) تھا - اس کی ولادت باری (Bari) میں سنہ ۱۶۱۵ع میں ہوئی اور یہ جماعت عیسیٰ (Society of Jesus) میں سنہ ۱۶۳۱ع میں شامل ہوا - اس کی وفات ۲ اپریل سنہ ۱۶۸۳ع کو ہوئی - اس نے کونکنی اور دکھنی (یعنی اردوئے قدیم) کا ایک لغت لکھا جس میں لاطینی مترادفات بھی درج کیے - اس کے رسالے میں قواعد بھی ہے اور لاطینی کونکنی لغت کے علاوہ ایک پوری فصل دکھنی اور کونکنی بولیوں کی خصوصیات پر لکھی گئی ہے - تیسرا مصنف جان دی پیڈروزا (João de Pedroza) تھا - اس کا عہد سنہ ۱۶۳۰ع اور سنہ ۱۶۷۲ع کے درمیان ہے - اس نے اعتراف کے لیے ہدایات Instrucsan para a confissao sacramental em lingua Indostania کے عنوان سے لکھیں[3] - اٹھارویں صدی کے آغاز میں گیساپے ماریا دی برنینی داگاگنانو (Guisappe Maria de Bernini) نے ہندی ہندوستانی میں کئی کتابیں لکھیں - اس کی ولادت سنہ ۱۷۰۹ع اور وفات سنہ ۱۷۶۱ع میں ہوئی - لغت میں اس کی دو کتابیں ہیں : ہندی ، لاطینی اطالوی لغت اور اطالوی ہندی لغت - اس کی تین دیگر تصانیف حسب ذیل ہیں :

1. Catechiomus cum orationilus cotidia nis im lingua Hinde.
2. Leber devotions pere neophytis im lingua Hinde.
3. Dialago fra un cristiano un gentile im lingua Indostana.

ان میں پہلی دو کتابوں میں مذہبی دعائیں ہیں اور تیسری کتاب میں ایک عیسائی اورایک غیرعیسائی کے درمیان مکالمہ ہے - آخری کتاب کے متعلق مصنف نے واضح طور پر بتایا ہے کہ اسے زبان ہندوستان میں لکھا ہے -

---

۱- یہ لغت اب دستیاب ہو گئی ہے اور زیر ترتیب و تدوین ہے -
۲- قلمی نسخہ موجودہ قومی کتب خانہ سینٹ لزبوا (St. Lisboa B.N.) -
۳- قلمی نسخہ موجودہ قومی کتب خانہ سینٹ لزبوا (St. Lisboa T.) -

اٹھارویں صدی کی ایک اور مشنری شخصیت فادر کاسیانو دی ماسیراتا (Fr. Cassiano de Macerata) کی ہے۔ ان کی ولادت سنہ ۱۷۰۸ع میں ماسیراتا میں ہوئی تھی۔ سنہ ۱۷۳۸ع میں انھوں نے تبلیغ کے لیے تبت کا سفر کیا اور سنہ ۱۷۴۸ع میں اٹلی کو واپسی ہوئی۔ تبت کا دوسرا سفر سنہ ۱۷۵۹ع میں کیا اور سنہ ۱۷۸۵ع میں ان کی وفات ہوئی۔ انھوں نے ہندوستانی زبان کی ایک قواعد Grammatica Hindustana کے نام سے لکھی۔ اس کا سنہ تالیف بعض حوالوں سے ۱۷۵۶ع ہے اور اس کا قلمی نسخہ موجود ہے۔ اسی دور کے ایک اور مصنف فرانسس ماری داتورس (Francois Marie de Tours) نے مترادفات زبان ہندوستانی (Thesarus linguae Indianae Hindostaniae) مرتب کی لیکن اس کی تاریخ تصنیف کا تعین قطعی نہیں ہو سکتا۔ ایک اور مصنف یوجین تری گوئرس (Eugino Trigueiros) تھے جن کی ولادت پرتگال میں ٹورس ویدراس (Torres Vedras) میں ۶ جنوری سنہ ۱۶۸۶ع کو ہوئی۔ انھوں نے اپنی زندگی کا ایک بڑا حصہ بر صغیر پاک و ہند کے مختلف علاقوں میں گزارا۔ وہ سنہ ۱۷۱۵ع میں بنگال میں تھے اور سنہ ۱۷۳۰ع میں گوا میں ان کے قیام کا حوالہ ملتا ہے۔ ان کی وفات ۲۲ اپریل سنہ ۱۷۴۱ع کو ہوئی۔ ان کی دو تصانیف کا پتا چلتا ہے۔ ایک پرتگالی، ہندوستانی فارسی لغت:

1. Nomes de consas a mezin has em portugues e Indostan, oer. Persico.

اور دوسری لغت زبان ہندوستانی:

2. Fragments de un vocabulario de lingua Indostana.

اسٹیفامس پیٹرو (Stephamus a. ss. Petro) جن کا انتقال سنہ ۱۷۶۶ع میں ہوا اور جو مالابار کے مشن سے منسلک تھے، دو اور کتابوں کے مصنف ہیں۔ ان میں ایک میں ہندوستانی کے حروف تہجی، اس کی قواعد لغت اور عیسائی مذہب کے بارے میں کچھ تحریریں شامل ہیں۔ اس کا نام Alphabetum Indostanum, cui accedit grammatica, Dictionariolum et doctrina christiana ہے۔ ان کی دوسری کتاب اطالوی۔ ہندوستانی، ہندوستانی۔ اطالوی لغت ہے۔ اس کا قلمی نسخہ بھارت کے تاریخی شہر الہ آباد کے عیسائی مشن کے کتب خانہ میں محفوظ ہے۔ مارتینودامیلو کاسترو (Martino de Meloe Castro) نے غالباً سنہ ۱۷۸۱ع میں ہندوستان کے مختلف زبانوں کے حروف تہجی پر ایک کتاب لکھی جس کا نام Alphabeta Indica تھا اور اس میں دیگر زبانوں کے علاوہ ہندوستانی زبان بھی شامل تھی۔ اٹھارویں صدی میں لکھی جانے والی اس قبیل کی بعض اور تصانیف و تالیفات حسب ذیل ہیں:

1. Introductio ad linguam Indostana, anctore quodam missiouario capucino.
2. Compendium catechesis chritiqnae im lingua Indostana.
3, Compendium vitae salvatoris Jesus Chrisi im lingua Indostana.
4. Dialogus inter magistrum et discipulm de Christiana religione im Lingua Indostana.

5. Catechesmius im lingua Indostana.

اس کا قلمی نسخہ لاہور میں مسیحیوں کے کتب خانے میں محفوظ ہے ۔

6. Catechesnio im Lingua Indostana-Marodella Tomba (D. Bhagapur 1830) palua 1744.
7. Grammatica Indostana.

۱۳۶ صفحات پر مشتمل اس کا نسخہ گوٹنگن (Gottingen) کے کتب خانے میں موجود ہے جس کا نمبر 5290 Ling II ہے ۔

انیسویں صدی کے آغاز سے پہلے ہی برصغیر پاک و ہند کے مختلف علاقوں میں عیسائی مشنری پھیل گئے تھے اور انھوں نے اپنے مشن اور تبلیغی مراکز قائم کر لیے تھے ۔ اپنے لٹریچر کی اشاعت کے لیے انھوں نے ہی سب سے پہلے اس ملک میں چھاپے خانے قائم کیے ۔ سیرام پور سے لے کر کلکتے تک چھوٹے بڑے کتنے ہی اشاعت خانے کام کرنے لگے تھے ۔ مثلاً سینٹ فرانسس پریس آگرہ سے آگرہ کے آرک بشپ کی نگرانی میں "پیامِ خوشخبری" کے نام سے ایک پندرہ روزہ اخبار شائع ہوتا تھا ۔ رومن کیتھولک آرفن پریس کے نام سے سردھنا میں ایک پریس قائم تھا ۔ اس پریس میں ریورنڈ ڈبلو کیگن نے اردو لاطینی انگریزی لغت مرتب کیا ۔ بیٹھیا (Bettiah) کے کیتھولک مشن پریس سے R. P. Gerold نے ہندوستانی زبان کی قواعد سنہ ۱۹۰۳ع میں شائع کی ۔ اس کا نام Grammatik der Hindostanischen Sprache تھا اور یہ ۲۰۵ صفحات پر مشتمل تھی ۔ پٹنہ کے مشن پریس سے جوزف الویس (Joseph Alois) کی قواعد شائع ہوئی اور یہی ایک دوسری قواعد Grammatika Hindustana کا بھی مصنّف ہے ۔ لاہور سے سنہ ۱۸۲۶ع میں اسی نام سے ایک اور قواعد شائع ہوئی ۔ اطالوی میں ایک اور قواعد ہے ۔ بارتولومیودا کسولا P. Bartolomio da Casola نے سنہ ۱۹۱۵ع میں لکھی جو دینا پور کے پریس سے شائع ہوئی اور اس کا نام Grammatica elementare Italiano-Indostana ہے ۔

یہ تو صرف ایک مختصر سی فہرست قواعد اور لغتِ برصغیر کی اردو زبان کی ہے جسے ہندوستانی کہا گیا ہے ۔ یہ ان لوگوں کی دلچسپی ظاہر کرتی ہے جن کا اصلی مقصد مسیحیت کی تبلیغ و اشاعت اور عیسائی ہونے والوں کی تعلیم و تربیت تھا ۔ لیکن بعض اور اسباب بھی تھے جن کی بنا پر مشنریوں کے علاوہ اور لوگ بھی اس طرف متوجہ ہوئے ۔ لیکن ان کا ذکر کرنے سے پہلے اردو کی قواعد نویسی کی تاریخ میں بعض اور امور توجہ طلب ہیں ۔

مولوی عبدالحق صاحب لکھتے[۱] ہیں کہ جہاں تک تحقیق کی گئی ہے ، اس سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ پہلا یورپین جس نے ہندوستانی زبان کے قواعد لکھے ، جان جوشوا کیٹلر تھا ۔ مولوی صاحب کے خیال میں یہ کتاب سنہ ۱۷۱۵ع کے لگ بھگ لکھی گئی اور ڈیوڈ مل نے اسے سنہ ۱۷۴۳ع

۱- قواعد اُردو ، ص ۱۸ ۔

میں شائع کرایا - مولوی صاحب اسے لاطینی[1] میں بتاتے ہیں لیکن جیسا کہ شلزے کی قواعد کے مقدمے سے قطعی طور پر واضح ہے، یہ لاطینی میں نہیں، ڈچ میں تھی - یہ درست نہیں کہ پیٹیوں میں ہندوستانی الفاظ بعینہٖ لکھے ہیں اور ان الفاظ کا املا ڈچ زبان کے طریقے پر ہے - شلزے نے اس کا شکوہ کیا ہے کہ کاش فاضل مولف ان کا املا فارسی رسم الخط میں بھی لکھ دیتا تاکہ تلفظ کے بہت سے مبہم مقامات واضح ہو جاتے - جان جوشوا کیٹلر کی قواعد، اردو یا ہندوستانی کی پہلی قواعد بھی نہیں ہے - سطورِ بالا میں سترھویں صدی عیسوی میں اس موضوع پر لکھی جانے والی کتابوں کا بیان ہو چکا ہے - مولوی صاحب نے کیٹلر کی قواعد کے بعد شلزے کی قواعد کا ذکر کیا ہے جو ان کے بقول[2] سنہ ۱۷۴۴ع میں شائع ہوئی - حقیقت یہ ہے کہ یہ کتاب ۳۰ جون سنہ ۱۷۴۱ع کو مدراس میں مکمل ہوئی اور سنہ ۱۷۴۵ع میں ہال سیکسنی سے شائع ہوئی - اس پر تفصیل سے گفتگو آئندہ اوراق میں ہوگی - اس دور میں اہلِ مغرب کی ہندوستان اور ہندوستان کی زبانوں سے دلچسپی کی نوعیت اور انہاک میں بعض نئے عناصر شامل ہو چکے تھے - اب اہلِ مغرب صرف تبلیغ اور دینِ مسیحی کی اشاعت کے لیے ہی نہیں، تجارتی اور سیاسی مقاصد سے بھی اس ملک میں آ رہے تھے - ساحلی شہروں اور تجارتی بندرگاہوں میں انھوں نے اپنی تجارتی کوٹھیاں اور ان کے پردے میں مضبوط پناہ گاہیں قائم کر لی تھیں اور آہستہ آہستہ ملکی سیاست میں ان کا عمل دخل بڑھتا جا رہا تھا - ڈچ، پرتگالی، فرانسیسی اور انگریز سب ان میں شریک تھے - ان کی سیاست اور ریشہ دوانیوں کا کچھ حال ہماری تاریخوں میں محفوظ ہے لیکن چونکہ ابھی تک ہماری تاریخ نویسی کا مزاج ان غیرملکی استحصال کرنے والوں کی تحریروں کے اثر سے کلی طور پر آزاد نہیں ہوا ہے اس لیے اس کی بہت کچھ تفصیلات اب بھی درونِ پردہ ہیں - بہرحال یہ تفصیل ہمارے موضوع سے خارج ہے - ان میں سب سے اہم ادارہ جس نے یہاں کی تاریخ پر گہرا اثر ڈالا، ایسٹ انڈیا کمپنی تھی جو ایک تجارتی ادارے کی حیثیت سے شروع ہو کر مغلِ اعظم کی وسیع و عریض سلطنت کی وارث بن گئی - ایسٹ انڈیا کمپنی نے اپنے انگریز ملازمین کو یہاں کی زبان اور تاریخ سے مناسب واقفیت بہم پہنچانے کے لیے جو کوششیں کیں ان میں فورٹ ولیم کالج کا قیام بطور خاص قابلِ ذکر ہے - اس کالج سے متعلقہ لوگوں میں ڈاکٹر جان گلکرسٹ بھی تھے جنھوں نے اردو کی قواعد و لغت پر کئی کتابیں لکھی ہیں - اس کے محرکات کا اندازہ ڈنکن فوربس کی قواعد ہندوستانی کے انتساب اور اس کے مقدمے کے آغاز کی عبارت سے ہوتا ہے - اس انتساب کی تاریخ ۲۰ جولائی سنہ ۱۸۵۵ع ہے - انتساب یہ ہے:

۱- قواعد اُردو، ص ۱۹ -

۲- ایضاً، ص ۲۰ -

To[1]
Elliot Macghten Esqr. Chairman
Col. William Henry Sykes. Deputy Chairman
and
The Directors
of
The Honorable The East India Company.
The following work
Intended
To facilitate the acquisition of the Hindustani Language
is
Respectfully dedicated

by their most obedient
and faithful servant
DUNCAN FORBES

اور پیش لفظ کا آغاز اس طرح ہوتا ہے[۲] :

The following work has been compiled with a view to enable every one proceeding to India to acquire a fair knowledge of the most important and most extensively spoken language of that country of late years, a new era may be said to have commenced with regard to the study of the Hindustani language; it being now imperative on every Junior officer in the company's service to pass an examination in that language before he can be deemed qualified to command troops or to hold any staff appointment.

''اس تالیف کا مقصد یہ ہے کہ وہ تمام حضرات جو ہندوستان کے لیے آمادۂ سفر ہوں ان کے لیے یہاں کی سب سے مفید اور علاقے میں سب سے زیادہ بولی جانے والی زبان کا حصول آسان ہو سکے - پچھلے چند سالوں سے ہندوستانی زبان کے مطالعے کا ایک نیا دور شروع ہوا ہے - اب کمپنی کی ملازمت میں ہر جونیر افسر کے لیے یہ ضروری ہے کہ وہ اس زبان کے امتحان میں کامیابی حاصل کرے جس کے بغیر نہ اسے سپاہ کی کمان سپرد کی جا سکتی ہے اور نہ کوئی اعلیٰ افسری کا عہدہ دیا جا سکتا ہے -"

---

1. A grammar of the Hindustani Language—Duncan Forbes. L.L.D. Wm. H. Allen & Co. Booksellers to The Honorable The East India Company. 7, Leaden Hare Street.—1859.

۲- ایضاً ، ص iii -

اس بیان سے جہاں ایک طرف اہلِ مغرب کے لیے اس زبان کی تحصیل ، اس کے لغت اور قواعدِ صرف و نحو کی تالیف و تدوین کے اصل محرکات کا پتہ چلتا ہے ، وہاں خود اس زبان کی اہمیت اور حیثیت کا بھی اندازہ ہوتا ہے کہ مصالحِ ملکی کی بنا پر وہ جس زبان کو مفید ترین اور اس خطۂ ارض میں سب سے زیادہ بولی اور سمجھی جانے والی زبان سمجھتے تھے وہ یہی اردو ہے جسے وہ ہندوستانی کا نام دیتے ہیں ۔ اور یہ نام بھی کچھ اہلِ مغرب کا بخشا ہوا نہیں ، اس سے پہلے خود اس ملک کے رہنے والے اسے زبانِ ہندوستان اور ہندوستانی کہتے چلے آئے تھے ۔ چنانچہ ملاؔ وجہی اپنی مشہور تصنیف "سب رس" میں آغازِ داستان میں اسے زبانِ ہندوستان ہی کہتا ہے ۔

اٹھارویں صدی کے نصف آخر میں بعض اور مغربی مصنفین اردو کی قواعد نویسی کی طرف متوجہ نظر آتے ہیں اور سر جارج گریرسن کی مشہور تالیف جائزہ لسانیہ ہند (Linguistic Survey of India) میں اردو سے متعلق جلد کے شروع میں ان کی کوششوں کا ذکر کیا گیا ہے ۔ ان میں ایک مصنف نے پرتگالی میں Portuguese Grammatica Indostana لکھی جو لزبن سے سنہ ۱۷۷۸ع میں شائع ہوئی ۔ انگریزی زبان میں اردو کے قواعد نویسوں میں ایک قدیم مصنف گلشن ہے جو گورنر ونسی ٹارٹ کا سکریٹری تھا ۔ اس کا ذکر جان گلکرائسٹ نے کیا ہے اور اس کی بڑی تعریف کی ہے ۔ ان کے بعد کے مشہور مصنف ہیڈلے ہیں ۔ مولوی عبدالحق صاحب[1] کا بیان ہے کہ ہیڈلے کی گریمر سنہ ۱۷۷۲ع میں شائع ہوئی ۔ اصل صورتِ حال یہ ہے کہ ہیڈلے سنہ ۱۷۶۳ع میں بنگال آرمی میں داخل ہوا اور اس سلسلے میں اسے ہندوستانیوں کی ایک کمپنی کی سربراہی سپرد[2] ہوئی ۔ چنانچہ اپنے منصب سے متعلق فرائض کی انجام دہی کے لیے اسے اس زبان کی تحصیل کی طرف توجہ کرنی پڑی اور اس نے سنہ ۱۷۶۵ع میں بقول خود اپنے سپاہیوں کے لیے اس زبان کے قواعد مرتب کیے جسے لندن کے ایک تاجر نے سنہ ۱۷۷۰ع میں شائع کیا ۔ یہ گویا ہیڈلے کی قواعد کا پہلا ایڈیشن تھا اور کم و بیش اس زمانے سے تعلق رکھتا ہے جب شلزے کی قواعد کے اصل لاطینی متن کا انگریزی ترجمہ ہوا تھا ۔ اس کے بعد ہیڈلے نے اس پر نظر ثانی کی اور اپنی انگریزی میں اس کا دوسرا ایڈیشن سنہ ۱۷۷۲ع میں شائع کیا ۔ مولوی عبدالحق صاحب نے غالباً اسی دوسرے ایڈیشن کا حوالہ دیا ہے ۔ کتاب کی مقبولیت کا اندازہ اس سے ہوتا ہے کہ اس کے متعدد ایڈیشن شائع ہوئے ۔ چنانچہ میرے پیش نظر اس قواعد کا چھٹا ایڈیشن ہے جو ۱۸۰۴ع مطابق سنہ ۱۲۱۹ھ میں لندن سے ہی شائع ہوا تھا ۔ اس کا عنوان یہ ہے :

A compendious grammar of the current corrupt dialect of the jargon of Hindostan—VI Edition 1804, London.

۱۔ قواعد اردو ، ص ۲۰ ۔
۲۔ رسالۂ کل کرسٹ ، ص ۶ ۔

ہیڈلے اس زبان کو صرف رائج بگڑی ہوئی بولی بتاتا ہے ۔ اس کا سبب غالباً یہ ہے کہ اس کے پیش نظر بول چال کی زبان تھی اور وہ بھی بنگال آرمی کے سپاہیوں کی ۔ فوجی چھاؤنی کی بولی بول بھی مستند اور معیاری نہیں ہوتی اور پھر جب یہ چھاؤنی ایسے علاقے میں ہو جس کی اپنی زبان اور بولی الگ ہو ۔ ظاہر ہے بنگال میں ایک فوجی چھاؤنی میں جو ہندوستانی بولی رائج ہوگی وہ معیاری اور مستند زبان نہ ہوگی ورنہ حقیقت یہ ہے کہ اس زمانے تک ہندوستانی ، جسے اب ہم اردوے قدیم کا نام دیتے ہیں ، اتنی ترقی کر چکی تھی کہ اس میں نثر اور نظم دونوں کا خاصا ذخیرہ جمع ہو چکا تھا ۔ اس کا ثبوت تو ان ہی تصانیف سے مل جاتا ہے جو بنگال میں ہی انیسویں صدی کی پہلی دہائی میں فورٹ ولیم کالج کے قیام کے بعد وہاں لکھی گئیں اور جن میں میر امن کی "باغ و بہار" یعنی "قصہ چہار درویش" کے علاوہ "آرائش محفل" اور "شکنتلا" جیسی کتابیں اور شعرائے اردو کے تذکرے ، جن میں اردو میں شعرائے اردو کا پہلا تذکرہ (جس کے مؤلف مرزا علی لطف ہیں) شامل ہیں ۔ ظاہر ہے بیس پچیس برس میں کسی بولی کی یہ صورت پیدا نہیں ہو سکتی جو ادبی زبان میر و سودا کے کلام میں ملتی ہے ۔ ہیڈلے نے اپنی قواعد میں اصطلاحات صرف انگریزی میں دی ہیں اور ان کے اردو یا فارسی مترادفات درج نہیں کیے ہیں ۔ اس زمانے میں انگریزی زبان کے قواعد نویسوں پر لاطینی قواعد کے اصولوں اور توضیحات کا اثر اتنا گہرا تھا کہ اکثر و بیشتر قواعد کی کتابوں میں انھی کو بطور نمونہ پیش نظر رکھا جاتا تھا اور اصطلاحات بھی وہی استعمال ہوتی تھیں ۔ چنانچہ بحیثیت مجموعی ہیڈلے کی قواعد بھی انگریزی قواعد نویسی کی اسی روایت کا نمونہ ہے ۔ اس کتاب کے مختلف ایڈیشن شائع ہوئے جن میں سنہ ۱۷۷۵ع ، ۱۷۷۹ع ، ۱۷۹۴ع ، ۱۷۹۷ع ، ۱۸۰۲ع اور سنہ ۱۸۰۹ع کے ایڈیشنوں کا سراغ ملتا ہے ۔ ہیڈلے نے آخری ایڈیشنوں میں اردو قواعد و لغت پر شائع ہونے والی دوسری تالیفات سے بھی فائدہ اٹھایا ۔ چنانچہ اپنی زندگی میں ۱۷۹۷ع والے ایڈیشن میں اس نے گل کرائسٹ کے لغت سے فائدہ اٹھایا جو سنہ ۱۷۹۰ع میں شائع ہوا ۔ ہیڈلے نے دو جگہ گل کرسٹ کا حوالہ دیا ہے جس سے اس استفادے کی تائید ہوتی ہے ۔

گل کرسٹ نے اپنے رسالہ "قواعد اردو" میں ایک مصنّف جے فرگوسن (J. Ferguson) کا ذکر کیا ہے جس نے سنہ ۱۷۷۳ع میں لندن میں ہندوستانی زبان کا ایک لغت لکھا تھا اور جو دو جلدوں میں شائع ہوا تھا ۔ اس میں ایک مقالہ ہندوستانی زبان کی قواعد پر بھی تھا ۔ اسی زمانے کا ایک اور قواعد نویس ڈف تھا جسے مولوی عبدالحق نے بے لی ڈف اور رسالۂ گل کرسٹ کے مولف نے بے بی ڈف لکھا ہے ۔ اس نے اپنی کتاب میں جو حالات لکھے ہیں ان سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ شخص سنہ ۱۷۸۵ع میں مدراس آیا تھا ۔ بقول مولوی عبدالحق یہ ہیڈ ماسٹر اور رسالۂ گل کرسٹ کے مولف کے نزدیک بینڈ ماسٹر تھا ۔ گریرسن جس سے مولوی صاحب نے اس کے حالات لیے ہیں ، بیان کرتا ہے کہ سنہ ۱۷۸۷ع میں یہ شخص کلکتہ چلا گیا جہاں اس نے ایک پنڈت سے بنگالی ، سنسکرت اور ہندوستانی سیکھی ، اور اتنی استعداد بہم پہنچائی کہ دو ناٹکوں کا بنگالی میں ترجمہ کیا ۔ اس نے کم و بیش بیس سال اس ملک میں گزارے ۔ ڈف کے اپنے بیان کے مطابق اس کے بنگالی ڈراموں میں سے ایک بہت پسند کیا گیا ۔ اور اسی کی شہرت کی بنا پر

وہ مغل بادشاہ کے ہاں تھیئٹر کا منتظم ہو گیا تھا اور بالآخر بیس سال بعد وہ انگلستان واپس چلا گیا جہاں اس نے اپنی اردو گریمر شائع کی ۔ گریرسن کا بیان ہے کہ ممکن ہے یہ شخص سنسکرت یا بنگالی زبان سے واقف ہو لیکن اس کا ہندوستانی زبان کا علم بالکل ناقص ہے ، کیونکہ اس نے اپنے رسالہ قواعد میں ہندوستانی الفاظ کا تلفظ بھی غلط لکھا ہے اور قواعد کے بیان کرنے میں بھی اس سے غلطیاں سرزد ہوئی ہیں ۔ اگر یہ درست ہے کہ وہ صرف بینڈ ماسٹر تھا اور یہ کہ اس نے سنسکرت ، بنگالی اور ہندوستانی کلکتے کے ایک ہندو پنڈت سے سیکھی تھیں ، تو کوئی تعجب کی بات نہیں کہ اس کا ہندوستانی کا تلفظ اور قواعد کے بارے میں اس کی معلومات ایسی ہی ناقص ہیں ۔

گل کرسٹ نے ایک اور قواعد نویس کرک پیٹرک (Kirk Patric) کا بھی ذکر کیا ہے جو اس زمانے میں کمانڈر انچیف کے سیکریٹری تھے ۔ جس زمانے میں گل کرسٹ فوجی ملازمت میں تھے اور رخصت لے کر فیض آباد میں اپنی قواعد کی ترتیب و تدوین کے سلسلے میں مصروف تھے ، انہیں معلوم ہوا کہ پیٹرک بھی اسی قسم کا کچھ کام کر رہے ہیں ۔ یہ صاحب فارسی کے ترجمان تھے جس سے اندازہ ہوتا ہے کہ ان کا کام بہرحال ان لوگوں کے کام سے بہتر ہوگا جن کے استاد اور رہنما خود تامل ، تلیگو یا بنگلہ بولنے والے تھے ۔ گل کرسٹ کو معلوم ہوا کہ کرک پیٹرک کے کام کا کچھ حصہ شائع بھی ہو چکا ہے ۔ چنانچہ سنہ ۱۷۸۵ع کے آخر میں وہ کلکتہ پہنچے تو کرک پیٹرک سے بھی ملے ، اور انہیں معلوم ہوا کہ کرک پیٹرک کا کام اس وقت تک نا مکمل تھا ، اور انہوں نے وعدہ کیا کہ گل کرسٹ کے کام کو ہاتھ نہیں لگائیں گے ۔ غالباً گل کرسٹ کی قواعد اور لغت پر کتابیں شائع ہونے کے بعد کرک پیٹرک نے یا تو اپنے کام کو نامکمل ہی چھوڑ دیا یا پھر اس کی طباعت اور اشاعت کی نوبت نہیں آئی ۔ گل کرسٹ نے بھی اس سلسلے میں کچھ اور نہیں لکھا ۔

گل کرسٹ نے ہی ایک اور قواعد نویس ہنری ہیرس کا ذکر کیا ہے اور اس کی کتاب کا نام Analysis, Grammar and Dictionary of Hindostany Language بتایا ہے جو سنہ ۱۷۹۱ع میں مدراس سے شائع ہوئی تھی ۔ گل کرسٹ خود اس تالیف کو بنیادی طور پر لغت کی کتاب قرار دیتے ہیں اور انہوں نے اس لغت کے کچھ الفاظ اپنی لغت میں شامل بھی کیے ہیں ۔ گل کرسٹ کا بیان ہے کہ اس عہد کے دیگر یورپین مصنفین کے مقابلے میں اس مصنف نے زیادہ صحت سے کام لیا ہے اور اس لیے گل کرسٹ ، جو خود ان مسائل پر عالمانہ نظر رکھتے تھے ، اسے ایک مستند تصنیف مانتے ہیں اور اپنی تحریروں میں اس کے حوالے دیتے ہیں ۔ ڈاکٹر جان گل کرسٹ جن کا شمار اردو کے محسنوں میں ہوتا ہے ، پیشے اور تعلیم کے اعتبار سے ایک طبیب تھے ۔ چنانچہ سنہ ۱۷۸۲ع میں وہ ایسٹ انڈیا کمپنی میں اسی حیثیت سے ملازم ہو کر بمبئی پہنچے اور بمبئی میں متعین فوجی دستے میں اسسٹنٹ سرجن مقرر ہوئے ۔ ہندوستانی زبان کی تحصیل اور اس کی لغت و قواعد کی تدوین سے دلچسپی کی داستان وہ خود یوں بیان کرتے ہیں :

(ترجمہ) "سنہ ۱۷۸۲ع میں بمبئی وارد ہوتے ہی میں نے محسوس کر لیا تھا کہ ہندوستان میں میرا قیام، خواہ اس کی نوعیت کچھ ہو، اس وقت تک نہ تو میرے لیے ہی ذاتی طور پر خوشگوار ہو سکتا ہے اور نہ ہی میرے آقاؤں کے لیے مفید ہوگا جب تک کہ میں اس ملک کی مروجہ زبان میں پوری دست گاہ حاصل نہ کر لوں، جہاں مجھے کم از کم کچھ عرصہ ضرور قیام کرنا ہوگا . . . چنانچہ، اس زبان کو، جسے اس زمانے میں مورس (Moors) کہتے تھے، سیکھنے کے لیے میں جم کر بیٹھ گیا۔ میری اس نئی تعلیم کے سلسلے میں لوگوں نے ہیڈلے کی اس تالیف کی طرف رجوع کرنے کا مجھے مشورہ دیا جو اس زبان کی مبادیات پر اس نے لکھی تھی۔ ایک دو ہفتوں کے بعد مجھے ایک منشی مل گیا جس نے اصرار کیا کہ ہیڈلے سے میں نے جو کچھ سیکھا تھا اسے سرے سے بھلا دوں۔ کچھ دنوں تک اپنے طور پر کوشش کرنے کے بعد مجھے توقع سے زیادہ کامیابی ہوئی۔ اس بحرانی دور میں خوش قسمتی سے اپنے دوست کپتان جان ریٹ رے (John Rattray) سے، جو اب کرنل ہو چکے تھے، سودا کا کلیات مجھے مل گیا۔ ہندوستانی زبان میں اس وقت تک جو مہارت میں نے حاصل کی ہے اس کے لیے سودا کا کلیات اور اس کریم النفس انسان کے مشوروں، ہمت افزائی اور امداد کا میں بے حد مرہونِ منّت ہوں۔"

اس کے بعد گل کرسٹ نے فتح گڑھ اور فیض آباد وغیرہ میں رہ کر اردو سیکھی اور فیض آباد ہی میں انھوں نے ہندوستانی معاشرت اختیار کی اور داڑھی رکھی، اور یہیں انھوں نے قواعد و لغتِ اردو کے متعلق لوگوں سے استفسار کیا تو انھیں پتا چلا کہ اس وقت تک اردو میں اردو کے قواعد و لغت پر کوئی کتاب نہیں لکھی گئی تھی۔ یہ واقعہ غالباً سنہ ۱۷۸۵ع کا ہے۔ اس کے بعد گل کرسٹ کلکتے گئے اور غازی پور بھی پہنچے تاکہ وہاں رہ کر اپنی مجوزہ کتاب اردو لغت و قواعد مرتّب کر سکیں۔ چنانچہ ان کی پہلی انگریزی ہندوستانی لغت۔ A Dictionary English and Hindostani شائع ہوئی۔ سنہ ۱۷۹۶ع میں انھوں نے قواعدِ ہندوستانی A grammar of Hindostani Language شائع کی جو ان کی مجوزہ کتاب ہندوستانی لسانیات کی پہلی جلد کا تیسرا حصہ تھی۔ اس کا پہلا حصہ وہ لغت تھی جو انگریزی ہندوستانی لغت کے نام سے پہلے شائع ہو چکی تھی۔ دوسرا حصہ بطور مقدمہ قواعد و لغت سنہ ۱۷۹۸ع میں شائع ہوا۔ سنہ ۱۷۹۸ع میں ہی گل کرسٹ نے ولزلی کے ایما پر، جو اس وقت گورنر جنرل تھے، اعلٰی ملازمتوں میں داخل ہونے والے انگریزوں کو اردو سکھانے کے لیے ایک مدرسہ Oriental Seminary کھولا۔ اس میں گل کرسٹ ہندوستانی اور فارسی پڑھاتے تھے۔ سنہ ۱۸۰۰ع میں فورٹ ولیم کالج قائم ہوا اور گل کرسٹ کو کالج کے ہندوستانی شعبے کا سربراہ مقرر کیا گیا۔ ان کی توجہ سے فورٹ ولیم کالج میں اردو کے شعرا اور مصنفین کا ایک ممتاز حلقہ قائم ہوگیا جس سے اردو کی تاریخ میں ایک نئے باب کا آغاز ہوا۔ لیکن یہ داستان ہمارے موضوع سے خارج ہے۔

سنہ ۱۸۰۴ع میں گل کرسٹ کالج کی خدمات سے سبکدوش ہوگئے۔ بظاہر اس کا سبب گل کرسٹ کی علالت بتایا گیا لیکن حقیقت یہ تھی کہ گل کرسٹ کو کالج کے اربابِ حل و عقد

سے شکایت تھی کہ صدر شعبۂ عربی کو تو چھبیس سو روپے ماہوار تنخواہ ملتی ہے اور ان کو صرف تیرہ سو روپے اور یہ کہ ہندوستانی کتب کی ترتیب و تدوین و اشاعت کے باب میں کالج کونسل ان کی تجویزوں پر پوری طرح عمل درآمد نہیں کرتی ۔ بہرحال سنہ ۱۸۰۴ع میں وہ وطن واپس چلے گئے اور سنہ ۱۸۴۱ع تک مختلف آسامیوں پر اردو کی درس و تدریس میں مصروف رہے ۔ ۹ جنوری سنہ ۱۸۴۱ع کو ان کا انتقال ہوا ۔ گل کرسٹ کی قواعد اردو کی ایک تلخیص اردو میں میر بہادر علی حسینی نے ''رسالۂ گل کرسٹ'' کے نام سے مرتّب کی تھی ۔ اس کا سنہ تالیف و اشاعت ۱۸۱۶ع یا ۱۸۲۰ع بتایا جاتا ہے ۔ حال ہی میں مجلس ترقی ادب نے اس رسالے کو دوبارہ شائع کیا ہے اور اس کی بنیاد اُس نسخے پر رکھی ہے جو ہندوستانی پریس کلکتہ سے کلکتہ اسکول بک سوسائٹی کے لیے سنہ ۱۸۲۰ع میں شائع ہوا تھا ۔ سنہ ۱۸۳۱ع ، سنہ ۱۸۴۶ع اور سنہ ۱۸۷۲ع میں اس کے مختلف ایڈیشن شائع ہوئے جس سے اس کی مقبولیت کا اندازہ ہوتا ہے ۔ مغربی ممالک بالخصوص انگلستان میں اردو کے تعارف اور تعلیم و تدریس کے سلسلے میں گل کرسٹ کا نام سرِفہرست ہے ۔ چنانچہ مشہور فرانسیسی مستشرق موسیو گارساں دتاسی اپنی تاریخِ ادبیاتِ ہندی و ہندوستانی کے مقدمے میں اس کا خاص طور پر اعتراف کرتا ہے کہ ہندوستانی زبان سے اس کی واقفیت اور ابتدائی تعلیم گل کرسٹ ہی کی مرہونِ منّت ہے[1] ۔

انیسویں صدی میں جیسے جیسے ایسٹ انڈیا کمپنی اور بعد ازاں تاجِ برطانیہ کے مفادات اور اثرات بر صغیر میں بڑھتے گئے ویسے ہی اردو زبان کی طرف ان کی دلچسپی بھی بڑھتی گئی ۔ اور اگرچہ اردو ہندی کی کشمکش کا آغاز بھی اسی دور میں ہوا لیکن گارساں دتاسی کے بقول یہ مخالفت بے معنی تھی ، کیونکہ اس وقت تک ہندی میں ، جسے حال ہی میں ہندی کہنے لگے تھے (اور جو دیوناگری رسم الخط میں صرف و نحو کے اعتبار سے اس ہندوستانی سے بالکل مختلف نہ تھی جسے فارسی رسم الخط میں اردو کے نام سے پکارتے تھے) کوئی ادبی سرمایہ نہ تھا اسی لیے خود انگریزوں نے فارسی کی جگہ اردو ہی کو دفتروں اور عدالتوں میں رائج کیا ۔ یہ کام کچھ اردو دوستی کی بنا پر نہ تھا ۔ اس کے پسِ پردہ درحقیقت فارسی کے اثر کو زائل کرنے کی کوشش تھی جسے انگریز مغلیہ سلطنت اور مسلمانوں کے دورِ اقتدار اور ان کی تہذیبی زندگی کی ایک علامت سمجھتے تھے اور جس کے وسیلے سے ہندوستان کے فارسی دانوں کا رشتہ افغانستان ، ایران ، وسطِ ایشیا اور ترکی تک پھیل جاتا تھا ، کیونکہ فارسی ان تمام علاقوں میں ایک ادبی اور تہذیبی ورثے کی حیثیت سے رائج تھی ۔ اردو ایک علاقے یا صوبے سے مخصوص نہ تھی بلکہ بر صغیر میں ہر جگہ ، شمال سے جنوب اور مشرق سے مغرب تک ، سب سے زیادہ بولی اور سمجھی جانے والی زبان تھی ۔ تیسری بات یہ تھی کہ انیسویں صدی میں اگر بولی جانے والی کوئی زبان یا بولی ایسی تھی جس میں تہذیبی اور ادبی سرمایہ سب سے زیادہ تھا تو وہ یہی زبان تھی ۔

---

۱ ۔ مقدمۂ تاریخِ ادبیاتِ ہندی و ہندوستانی از گارسیں دتاسی ، ترجمہ و حواشی للیان نذر ، قلمی نسخہ کتب خانہ ڈاکٹر ابواللیث صدیقی ۔

اور خاص طور پر مسلمانوں کی تاریخ ، ان کی تہذیب اور ان کی تخلیقات کا سب سے زیادہ ذخیرہ اسی زبان میں تھا ۔ خاص طور پر مذہبی لٹریچر مسلمانوں کا جس قدر اردو میں تھا وہ برصغیر پاک و ہند کی کسی دوسری زبان میں نہ تھا ۔ چنانچہ یہاں کی تاریخ اور تہذیب ، مختلف تحریکات ، میلانات اور رجحانات کے مطالعے کے لیے بھی اردو سے زیادہ اہمیت کسی اور زبان کی نہ تھی ۔ چنانچہ یہی سبب ہے کہ انیسویں صدی میں بکثرت مغربی مصنفین اردو زبان کی تحصیل کی طرف متوجہ ہوئے ۔ انگلستان کے علاوہ بعض اور یوروپین ممالک مثلاً فرانس میں بھی اردو کے مطالعے کے لیے خاص انتظامات کیے گئے ۔ نصاب کی کتابیں ، جن کا ایک سلسلہ فورٹ ولیم کالج میں شائع ہوا ، اس دور کی مرغوب نصابی کتب تھیں ؛ مثلاً "باغ و بہار" کے متعدد ایڈیشن شائع ہوئے جن میں سے اکثر میں اردو انگریزی لغت بطور ضمیمہ شامل ہے ۔ ان میں سے بعض مثلاً ڈنکن فوربس والا نسخہ رومن رسم الخط میں چھاپا گیا ہے تاکہ وہ وقت جو انگریزوں کو ایک نیا رسم الخط سیکھنے میں صرف کرنا پڑے ، اس کی جگہ اس زبان کی تحصیل پر صرف ہو تو زبان بہت جلد سیکھی جا سکتی ہے ۔ میر حسن کی مثنوی "سحرالبیان" اس دور کی دوسری پسندیدہ کتاب تھی جس کے اقتباسات رومن میں انگریزی ترجموں کے ساتھ شائع ہوئے ۔ گل کرسٹ کے "انتخاباتِ نظم و نثر" اور گارساں دتاسی کی "مبادیاتِ ہندوستانی" اسی قبیل کی تالیفات ہیں ۔ لیکن زبان کی ساخت کو سمجھنے اور اس کو صحت کے ساتھ استعمال کرنے کے لیے قواعد کی تحصیل ضروری سمجھی جاتی تھی ۔ چنانچہ انیسویں صدی میں قواعد کی کتابیں بھی بکثرت لکھی گئیں جن میں سے چند یہ ہیں :

۱۔ اردو گریمر تالیف جان شیکسپیر ، اس کا پہلا ایڈیشن سنہ ۱۸۱۳ع میں ، دوسرا سنہ ۱۸۱۸ع ، تیسرا سنہ ۱۸۲۶ع ، چوتھا سنہ ۱۸۴۳ع اور پانچواں سنہ ۱۸۵۸ع میں شائع ہوا ۔ تقریباً نصف صدی تک اس کی مسلسل اشاعت سے اس کی مقبولیت اور افادیت کا اندازہ ہوتا ہے ۔

۲۔ مقدمۂ زبان ہندوستانی ، تالیف ولیم ٹیٹ ، طبع اول سنہ ۱۸۰۷ع ، دوم سنہ ۱۸۲۴ع ، سوم ۱۸۳۳ع ۔

۳۔ گارساں دتاسی مقالۂ قواعدِ اردو ، سنہ ۱۸۳۸ع ۔

۴۔ رسالۂ قواعد ہندوستانی ، ڈبلو ۔ بری ٹن ، سنہ ۱۸۳۰ع ۔

۵۔ جدید خود آموز قواعدِ زبانِ اردو ، تالیف اسٹیفورڈ ارناٹ ، طبع اول سنہ ۱۸۳۱ع ، طبع دوم سنہ ۱۸۴۴ع ۔

۶۔ رسالۂ قواعدِ اردو ، تالیف اسٹیفورڈ ارناٹ ، تشریح واضافہ ڈنکن فوربس ، طبع سنہ ۱۸۴۴ع ۔

۷۔ ہندوستانی زبان کی قواعد مشرق اور رومن رسم الخط میں معہ انتخابات برائے مطالعہ فارسی ، عربی ۔ اور دیوناگری رسم الخط میں مع حواشی ، نیا ایڈیشن ، تالیف جولائی سنہ ۱۸۵۵ع ، ناشر ولیم ۔ ایچ ۔ ایلن ، لندن سنہ ۱۸۵۹ع ۔

۸- ہندوستانی قواعد ، تالیف جیمس آربائن ٹائن ، سنہ ۱۸۴۳ع ، ۱۸۶۸ع -

۹- قواعد ہندوستانی ، ریورنڈ - جی - اسپال ، سنہ ۱۸۴۷ع ، سنہ ۱۸۵۸ع -

۱۰- قواعد ہندوستانی ، جے دت لوپراخنو ، سنہ ۱۸۵۲ع -

۱۱- قواعد ہندوستانی ، تالیف کاٹن ماتھر ، مرتبہ سرمونیرہ لیھس -

۱۲- ہندوستانی قواعد ، تالیف جان ڈاسن ، سنہ ۱۸۷۲ع -

۱۳- قواعدِ اردو ، جان پلیٹس ، سنہ ۱۸۷۴ع -

۱۴- ہندوستانی ، فارسی و عربی قواعد ، پامر ، سنہ ۱۸۸۲ع -

۱۵- قواعد ہندوستانی ، ڈبلو - کیگر ، سنہ ۱۸۸۳ع -

۱۶- قواعد ہندوستانی ، فان - کیو ، سنہ ۱۸۸۳ع -

۱۷- اردو قواعد ، جے - ولسن ، سنہ ۱۸۸۲ع -

۱۸- ہندوستانی قواعد ، تالیف اے - سی - ڈل ، سنہ ۱۸۹۳ع -

۱۹- ہندوستانی قواعد ، تالیف ، شلسر ، سنہ ۱۸۹۴ع[1] -

یہ امر بالکل قرینِ قیاس ہے کہ بعض اور یورپین مصنفین نے بھی اس دور میں اردو کی قواعد نویسی کی طرف توجہ کی ہو لیکن انگریزی کے علاوہ اور زبانوں مثلاً پرتگیزی ، ہسپانوی ، فرانسیسی ، اطالوی ، ڈچ ، جرمن وغیرہ میں یقیناً اردو کی قواعد کے متعلق مواد موجود ہے لیکن یہ اہم ماخذ ابھی تک ہمارے سامنے نہیں آئے ہیں ، بلکہ خود برصغیر پاک و ہند میں لکھی جانے والی اردو کی قواعد کی کتب کی کوئی فہرست بھی ابھی تک مرتب نہیں ہوئی ہے - کہا یہ جاتا ہے سنہ ۱۸۰۶ع میں امانت علی شیدا[2] نے "صرف اردو" کے نام سے ایک رسالہ لکھا تھا جس میں اردو کی قواعد کے ابتدائی اصولوں سے بحث کی گئی تھی لیکن یہ رسالہ سامنے نہ ہونے کی بنا پر اس کے بارے میں کچھ کہنا دشوار ہے - البتہ اس تصنیف کے ایک سال بعد یعنی سنہ ۱۸۰۷ع (مطابق ۱۲۲۳ھ) میں اردو کے مشہور شاعر اور زبان دان انشاء اللہ خاں انشاء نے قتیل کے اشتراک و تعاون سے اپنی مشہور کتاب "دریائے لطافت" لکھی - حقیقت یہ ہے کہ کتاب میں دو مباحث الگ الگ ہیں - ایک کا تعلق زبان اردو ، اس کی اصلیت و حقیقت ، اس کے صرف و نحو ، اس کے محاوروں اور اس کی مختلف بولیوں اور نمونوں کی بحث سے ہے اور در اصل یہی حصہ اس تصنیف کی روح ہے - دوسرا حصہ فنِ شعر اور عروض سے متعلق ہے - اور اگرچہ اس میں بھی بڑی جدّت اور ذہانت کا ثبوت ملتا ہے لیکن اس کی اہمیت پہلے حصے کے مقابلے میں محض ثانوی

۱- بہ حوالہ قواعد اردو ، عبدالحق ، ص ۱۹ تا ۲۵ و دیگر ذرائع -

۲- خاکہ تاریخِ ادبیاتِ اردو ، جلد سوم ، شائع کردہ پنجاب یونیورسٹی -

ہے ۔ مولوی عبدالحق "دریائے لطافت" کے بارے میں لکھتے ہیں[1] ۔

"سید انشاءاللہ خاں انشاء پہلے شخص ہیں جنھوں نے عربی فارسی زبان کا تتبّع چھوڑ کر اُردو زبان کی ہیئت و اصلیت پر غور کیا اور اس کے قواعد وضع کیے ۔ اور جہاں کہیں تتبع کیا بھی ہے تو وہاں زبان کی حیثیت کو نہیں بھولے ۔"

اس قواعد میں پہلی مرتبہ اردو زبان کو اس کی حقیقی اور واقعی حیثیت ملی ہے ۔ انشاء کا یہ قول کہ اردو زبان میں صحت کا معیار اردو زبان کا اپنا معیار ہے ، ایک ایسا اصول ہے جو لسانی نقطۂ نظر سے بالکل صحیح اور درست ہے ۔ انھوں نے اردو کی فصاحت و بلاغت کی بحث ، زبان کی ٹکسال کا مسئلہ اور مختلف علاقوں ، بلکہ شہر دہلی کے ہی مختلف محلوں ، آبادی کے مختلف طبقات کے اردو بولنے والوں کی زبان کا نہایت دلچسپ مطالعہ کیا ہے اور بعض ایسی باتیں لکھی ہیں جو جدید لسانیات کے وضاحتی اصولوں اور طریقِ کار کے عین مطابق ہیں ۔ اس سے انشاء کے ذہن کی رسائی اور ان کے علم و فضل کا کچھ اندازہ ہوتا ہے ۔ غرض اردو زبان کی تاریخ میں قواعد کی یہ تالیف ایک سنگِ میل کی حیثیت رکھتی ہے ۔

اُنیسویں صدی کے نصف اول میں قواعد کی بکثرت کتابیں لکھی گئیں ۔ ہم ان کی مختصر روداد گارساں دتاسی کے حوالوں سے مرتّب کرنے کی کوشش کرتے ہیں ۔ گارساں دتاسی ۲۰ جنوری سنہ ۱۷۹۳ع کو مارسیلز میں پیدا ہوئے اور وہیں انھوں نے ابتدائی تعلیم پائی ۔ مارسیلز کا شہر اس وقت ایک آزاد بندرگاہ تھا اور خاص طور پر مشرق کی توجہ کا مرکز تھا ۔ چنانچہ اسی شہر میں گارسیں دتاسی کا مشرقی زبانوں سے پہلا تعارف ہوا ۔ لیکن ان زبانوں کے بارے میں اس کے باقاعدہ مطالعے کا آغاز سنہ ۱۸۱۷ع میں پیرس میں ہوا ، جہاں انھوں نے عربی ، فارسی اور ترکی زبانوں کا مطالعہ کیا ۔ ہندوستانی زبان سے ان کا پہلا تعارف ڈاکٹر گل کرسٹ کی تحریروں سے ہوا جس کا ذکر انھوں نے خود اپنی "تاریخِ ادبیاتِ ہندی و ہندوستانی" میں کیا ہے ۔ سنہ ۱۸۲۹ع میں انھوں نے ایک مقالہ فرانسیسی میں لکھا جس کا عنوان "ہندوستانی زبان کے عناصر" تھا ۔ اس کے بعد وہ اپنی اور تصانیف و تالیفات کی طرف متوجہ ہوئے جس میں ایک اہم تصنیف "تاریخ ادبیات" ہے ۔ اس کے پہلے ایڈیشن کی پہلی جلد سنہ ۱۸۳۹ع میں اور دوسری جلد سنہ ۱۸۴۷ع میں مرتّب ہوئی ۔ یہ کتاب خاصی مقبول ہوئی ۔ اور جیسا کہ انھوں نے خود لکھا ہے ، مختلف زبانوں میں اس کے ترجمے ہوئے ۔ اردو میں جلد اول کا ایک ترجمہ کریم الدین اور فیلن نے کیا جو "تذکرہ" کے نام سے شائع ہوا اور جس میں ترجمے کے علاوہ اصلاح اور حذف و اضافہ سے بھی کام لیا گیا تھا ۔ پہلے ایڈیشن کے بعد گارساں دتاسی کو بہت کچھ مواد نظر ثانی کے لیے مل گیا ۔ چنانچہ دوسرا ایڈیشن تین جلدوں میں سنہ ۷۱—۱۸۷۰ع میں شائع ہوا ۔ پہلا ایڈیشن اب تقریباً نایاب ہے ۔ دوسرے ایڈیشن کو سامنے رکھ کر ایک فرانسیسی طالبہ للیان سیکسٹن نے اس کے فرانسیسی متن

۱- دریائے لطافت ، مرتّبہ عبدالحق ، طبع اول ۱۹۱۶ع ، ص ۴ ۔

کا اردو میں ترجمہ کر کے مقدمہ ، حواشی و تعلیقات لکھ کر میری نگرانی میں کراچی یونیورسٹی سے اردو میں پی ایچ ۔ ڈی ۔ کی سند حاصل کی ۔ یہ قلمی نسخہ دو جلدوں پر مشتمل ہے ۔ جلد اول میں ۷۳۳ اور جلد دوم میں ۶۶۲ صفحات ہیں ۔ اس طرح یہ تاریخ چودہ سو صفحات پر پھیلی ہوئی ہے اور اس میں بھی صرف اردو کے مصنفین و شعرا کے حالات شامل ہیں ۔ ہندی کے شعرا کو اس میں شامل نہیں کیا گیا ہے ۔ اسی نسخے کے حوالے سے اس دور کے اردو قواعد نویسوں کا جائزہ لیا گیا ہے اور حوالہ کے صفحات اسی قلمی اردو ترجمے کے ہیں ۔

۱۔ مولوی میر احمد علی :

دہلی کالج کے پروفیسر تھے ، ''چشمۂ فیض'' یا ''فیض کا چشمہ'' کے مصنّف ہیں جو ہندوستانی زبان میں اردو کی قواعد ہے اور دہلی سے سنہ ۱۸۴۵ء میں شائع ہوئی ہے ۔ یہ کتاب ورنیکولر ٹرانسلیشن سوسائٹی (Vernacular Translation Society) کے زیر اہتمام چھوٹی تقطیع کے چونتیس صفحات میں مرتّب ہو کر کئی زبانوں میں شائع ہوئی ہے . . . . کریم الدین کے بقول سنہ ۱۸۴۷ء میں ان کی عمر ۲۵ سال تھی (ص ۱۱۶) ۔

۲۔ انشاء اللہ خاں انشا — دریائے لطافت :

اس کی تفصیل بیان ہو چکی ہے ۔ گارسیں نے اس کے پہلے ایڈیشن کا حوالہ دیا ہے جو مرشد آباد سے سنہ ۱۸۴۸ء میں شائع ہوا تھا اور جس میں ۴۶۷ صفحات تھے (ص ۲۳۱) ۔

۳۔ میر بہادر علی حسینی :

رسالۂ قواعدِ ہندی یا اردو : یہ کلکتہ سے رسالۂ گل کرسٹ کے نام سے شائع ہوا ۔ اس کا ذکر کیا جا چکا ہے ۔ اسی بیان میں گارسیں لکھتے ہیں کہ مسٹر فوربس کے پاس ایک اردو قواعد تھی جس کا نام A Treatise on Ordu Grammar تھا اور اس کا نمبر فہرست میں ۹۲ تھا ۔ اس کتاب کے مصنف کا نام نہیں ملتا (ص ۳۹۲) ۔

۴۔ حیدر جنگ بہادر :

انھوں نے ہندوستانی زبان کی ایک ابتدائی قواعد لکھی ہے جس کا عنوان یہ ہے :

Key to Hindustani—Easy method of acquiring Hindustani -

یہ کتاب لندن سے سنہ ۱۸۶۱ء میں شائع ہوئی ہے (ص ۴۰۹) ۔

۵۔ پنڈت دیبی پرشاد دل :

وہ پٹنہ کے ایک کائستھ خاندان کے فرد اور بریلی کالج کے ایک پرانے طالب علم تھے ۔ وہ مرشد آباد میں رہتے تھے اور ضلع فرخ آباد کے انسپکٹر مدارس تھے ۔ انھوں نے حسب ذیل کتابیں لکھی ہیں :

6. Polyglot Grammar and Exercises in Persian, English, Arabic, Hindi, Urdu and Bengali.
7. Polyglot Munshi or vocabulary, exercises and pleasant stories in English, Persian, Oordoo etc.

[ان کتب کی تاریخ کا پتا نہیں چلتا لیکن دیبی پرشاد کی جن دیگر تصانیف کا ذکر ملتا ہے وہ سنہ ۱۸۴۹ع ، سنہ ۱۸۵۸ع ، سنہ ۱۸۵۹ع ، سنہ ۱۸۶۰ع ، سنہ ۱۸۶۸ع اور ۱۸۶۹ع کی ہیں - ان کی ایک تالیف مجموعہ' تعزیرات ہند کا اشتہار ، سائنٹفک اخبار علی گڑھ کی اشاعت ۲ اپریل سنہ ۱۸۶۹ع میں ملتا ہے - اس سے ان کے زمانے کا تعیّن ہو سکتا ہے (لیث)] -

۸- منشی سورج مل :

یہ پٹنہ ، ترہٹ اور الہ آباد کے مدارس کے انسپکٹر تھے - منجملہ اور کتابوں کے ان کی ایک تصنیف ''اردو آموز'' ہے - اس کا ذکر گارسیں دتاسی نے اپنے خطبہ سنہ ۱۸۶۸-۶۹ع میں بھی کیا ہے - یہ کتاب بہار کے ناظم تعلیات کی تحریک پر لکھی گئی جو پٹنہ سے سنہ ۱۸۶۸ع میں شائع ہوئی اور چھوٹی تقطیع کے ۲۰۳ صفحات پر محیط ہے - اس کے دو حصے ہیں ؛ پہلے حصے میں جو ۷۰ صفحات پر مشتمل ہے ، اصلاحی حکایات ، ریاضی اور جغرافیہ شامل ہیں - دوسرا حصہ ۳۳ صفحوں کا ہے جس میں قواعد اردو ہے - تیسرا حصہ ان کے علاوہ ہے جس میں دو ابواب اور ۹۸ صفحات ہیں اور حکایات و لطائف ، نثر و نظم اور خطوط نویسی سے متعلق ہے (ص ۵۸۳) -

۹- مولوی امانت اللہ بنگالی ، شیدا :

گارسیں کے بقول سنہ ۱۸۱۳ع میں ، جب بینی نرائن اپنا تذکرہ لکھ رہے تھے ، شیدا کلکتے میں موجود تھے - ان کی کئی تصانیف و تراجم ہیں جن میں سے بعض حقوق و فرائض اسلام سے متعلق ہیں ؛ مثلاً قرآن کے بعض حصوں کا ترجمہ ، اردو ''اخلاق جلالی'' - ان کی ایک منظوم تصنیف کا عنوان انگریزی میں بقول گارسیں دتاسی A Short System of rules ہے - گارسیں دتاسی اسے صرف اردو بتاتا ہے -

۱۰- مولوی امام بخش صہبائی :

مشہور عالم و مصنّف اور دہلی کے کوچہ چیلاں کے ساکن - گارسیں لکھتا ہے کہ دور حاضر میں ان سے بڑھ کر فارسی کا کوئی عالم نظر نہیں آیا - جب دہلی کالج کھلا اور لفٹننٹ گورنر طامسن اس تقریب کے لیے آئے تو انھوں نے امام بخش صہبائی کو اس کالج کے لیے فارسی کا پروفیسر مقرر کیا - مفتی صدر الدین آزردہ نے اس اسامی کے لیے تین موزوں اساتذہ کے نام تجویز کیے تھے : مرزا غالب ، امام بخش صہبائی اور حکیم مومن خاں مومن - غالب نے خود یہ واقعہ بیان کیا ہے کہ وہ محض اس لیے واپس چلے آئے کہ کالج میں ان کا شایان شان استقبال اس لیے نہ

ہوا کہ وہ ملازمت کے امیدوار کی حیثیت سے آئے تھے - مرزا بے چارے اس خیال میں تھے کہ ملازمت سے توقیر میں اضافہ ہوگا ، یہاں صورت برعکس نظر آئی - مومن نے بھی غالباً اپنی نازک مزاجی کی وجہ سے یہ عہدہ قبول نہیں کیا - غرض صہبائی کی تصانیف میں ایک رسالہ ''قواعدِ اردو'' بھی ہے - گارسیں نے اس کا عنوان انگریزی میں یوں نقل کیا ہے :

A Grammar of the Urdoo Language in Urdoo by Maulvi Imam Bux of the Delhi College,

گارسیں کے بقول یہ اردو زبان میں اردو کی ایک عمدہ قواعد ہے اور دہلی سے سنہ ۱۲۶۱ھ مطابق ۱۸۴۵ع میں ۲۹۸ صفحات پر شائع ہوئی - اس کتاب کے تیسرے باب میں الفاظ اور چوتھے میں محاورات اور ضرب الامثال کی بحث ہے (ص ۱۹ ، جلد دوم) -

۱۱- شیخ عبداللہ شبنم :

''شملہ اخبار'' کے مدیر تھے جو بقول گارسیں شمال مغربی صوبوں میں سب سے ممتاز اخبار تھا - اس کے متعلق گارسیں نے ایک عجیب انکشاف یہ کیا ہے کہ اگرچہ اخبار اردو زبان میں نکلتا تھا لیکن اس کا رسم الخط دیوناگری تھا ، ان کی ایک کتاب ''تسہیل التعلیم'' ہے ، یعنی اردو حروفِ تہجی کی با تصویر کتاب (ص ۷۷ ، جلد دوم) -

۱۲- مولوی عبدالسلام لکھنوی :

ساگر کے کالج میں فارسی کے پروفیسر تھے - ان کی تصانیف میں ایک ''تکمیلِ اردو'' ہے جو بقول گارسیں ہندوستانی قواعد کی کتاب ہے اور ہندوستانی مدرسوں میں رائج ہے- مطبع ساگر میں ۵۸ صفحات پر چھپی تھی اور اس کے پہلے ایڈیشن کی ڈھائی ہزار کاپیاں شائع ہوئی تھیں - اس کا مسودہ محمد خلیل اللہ نے لکھا تھا جو ساگر کالج میں پروفیسر تھے (ص ۸۴ ، جلد دوم) -

۱۳- میر حسن علی لکھنوی :

گارسیں دتاسی نے ان کے والد کا نام میر حاجی شاہ بتایا ہے جو ایسٹ انڈیا کمپنی کے فوجی اسکول واقع Croydon میں منشی تھے اور کئی سال تک انگلستان میں بھی رہے تھے جہاں انھوں نے ایک انگریز خاتون سے شادی کر لی تھی - بعد میں اپنی اہلیہ کے ساتھ لکھنؤ گئے لیکن وہ سنہ ۱۸۳۲ع میں انگلستان واپس چلی گئیں - گارسیں نے ان کی چار کتابوں کا ذکر کیا ہے جن میں ایک ہندوستانی قواعد تھی جس کا قلمی نسخہ فورٹ ولیم کالج کے کتب خانے میں موجود تھا -

ایک اور مشہور انگریز مصنّف اور قواعد و لغت نگار جان شکسپیر (J. Shakespear) تھے جو کرائڈن (Croydon) میں میر حسن علی کے رفیقِ کار تھے (ص ۱۰۵ ، جلد دوم) -

۱۴- میر غلام علی :

سلطان ٹیپو کی حکومت میں منشی تھے - گارسیں دتاسی نے ان کی تصانیف اور تراجم کا ذکر کیا ہے - ان میں سے ایک قواعد کی کتاب بھی تھی - اس کا انگریزی عنوان گارسیں نے English and Hindustani-Phraseology, English and Dakhni—under the direction of Philip Brown. بتایا ہے اور لکھا ہے کہ یہ کتاب مدراس سے سنہ ۱۸۵۵ع میں ۲۳۶ صفحات پر شائع ہوئی تھی (ص ۱۳۱ ، جلد دوم) -

۱۵- منشی غلام محمد :

گارسیں دتاسی کے بقول Colloquial dialogues in hindustani کے مصنّف ہیں - یہ کتاب سنہ ۱۸۵۸ع میں بمبئی سے چھوٹی تقطیع پر شائع ہوئی تھی - گارسیں کے خیال میں یہ وہی صاحب ہیں جو سنہ ۱۸۳۹ع میں کپتان ٹاڈ (Todd) کے ساتھ ہرات گئے تھے - (ص ۱۳۴-۱۳۵ ، جلد دوم) -

۱۶- مرزا محمد فطرت :

گارسیں کے بقول انھوں نے ریورنڈ ہنری مارٹن کے ساتھ مل کر انجیل کا اردو ترجمہ کیا تھا - سنہ ۱۸۲۲ع سے سنہ ۱۸۳۷ع تک اس ترجمے کے چار ایڈیشن شائع ہو چکے تھے جن میں دیوناگری اور اردو دونوں رسم الخط کے نسخے شامل ہیں - گارسیں نے لکھا ہے کہ فطرت نے جان ہیڈلے کی ہندوستانی قواعد کے پانچویں ایڈیشن کو درست کیا تھا - (ص ۱۶۵ ، جلد دوم) -

۱۷- میر معی‌الدین فیض :

''چشمہ فیض'' کے مصنّف جو فرید الدین عطّار کے مشہور پندنامے کا اردو ترجمہ ہے - انھوں نے ایک کتابِ انشا بھی لکھی تھی جو کانپور سے سنہ ۱۸۵۰ع میں شائع ہوئی تھی - عنوان سے قیاس کیا جا سکتا ہے کہ اس کا موضوع قواعد و انشا ہوگا - (ص ۱۷۲-۱۷۳ ، جلد دوم) -

۱۸- مرزا محمد حسین قتیل :

بقولِ گارسیں ، قتیل نے مرزا انشاء اللہ خاں کی معاونت سے ایک اردو قواعد کی کتاب لکھی تھی جس کا نام ''دریائے لطافت'' ہے - یہ کتاب مرشد آباد میں سنہ ۱۸۴۸ع میں چھپی - گارسیں کا یہ قیاس درست نہیں کیونکہ ''دریائے لطافت'' کے مندرجات سے پتا چلتا ہے کہ اس میں قواعد کا حصہ جو کتاب کی جان ہے ، انشاءاللہ خاں کی اپنی تصنیف ہے - قتیل نے عروض والا حصہ لکھا ہے - (ص ۱۸۵ ، جلد دوم) -

۱۹- مولوی کریم الدین :

شیخ سراج الدین کے بیٹے اور عماد الدین کے بھائی تھے - پانی پت میں پیدا ہوئے - عربی ، فارسی اور قواعد کی تعلیم کی تکمیل کے بعد دہلی کالج میں داخل ہوئے اور عربی کے ذریعے سے منطق ، فلسفہ ، جغرافیہ ، ریاضی ، علم نجوم ، انجینیرنگ ، الجبرا ، تاریخ اور اخلاقیات کا مطالعہ کیا - جب ورنا کیولر ٹرانسلیشن سوسائٹی قائم ہوئی تو انھوں نے اس کی ترجمہ کی ہوئی کتابوں کے مطالعے سے جدید مغربی علوم سے مزید آگاہی حاصل کی اور ترجمہ کی ہوئی کتابوں کو چھاپنے کی غرض سے ایک مطبع بھی قائم کیا - وہ اپنے گھر پر مشاعرے کرتے تھے اور شعرا کا کلام "گل رعنا" کے نام سے ایک گلدستے یا رسالے میں شائع کرتے تھے - سنہ ۱۸۵۴ع میں وہ آگرہ کالج میں اردو کے پروفیسر بھی تھے اور سنہ ۱۸۶۴ع میں لاہور کے ٹربیونل میں سررشتہ دار تھے - گارسیں نے ان کے حالات تفصیل سے لکھے ہیں اور ان کی تصانیف تعلیم النساء ، گلستانِ ہند ، گلدستۂ نازنینان ، عجالۃ الاولیٰ ، رسالۂ فرائض ، روضۃ الاجرام ترجمۂ ابو الفدا اور تاریخ شعرائے عرب کا ذکر کیا ہے - انھوں نے کریم الدین کے طبقات الشعرائے ہند یا تذکرہ شعرائے ہند کا بھی حوالہ دیا ہے اور انگریزی میں اس کا عنوان : -

History of Urdu Poets, chiefly translated from Garcin de Tassy's Histoire de la litrature Hindoustani,

بتایا ہے جو کریم الدین نے ایس - ڈبلیو - فیلن (S. W. Fallon) کی مدد سے مرتب کیا تھا اور جو سنہ ۱۸۴۸ع میں دہلی سے ۵۰۰ صفحات پر مشتمل شائع ہوا تھا -

کریم الدین کی تصانیف ، تالیفات اور تراجم میں سے ۳۴ کا حال گارسیں نے لکھا ہے - قواعد اور زبان سے متعلق ان میں حسب ذیل کتابیں شامل ہیں :

۱- مواضیح اللسان : ایک مختصر رسالہ اردو حروف کے متعلق -

۲- قواعد المبتدی : اردو کا قاعدہ جس کے متعدد ایڈیشن شائع ہو چکے ہیں - ایک ایڈیشن آگرہ سے سنہ ۱۸۵۸ع میں شائع ہوا جس میں چھوٹی تقطیع کے ۱۲۰ صفحات تھے - ایک اور کتاب حروفِ تہجی کے نام سے سنہ ۱۸۵۹ع میں الہ آباد سے ۴۰۰ صفحات پر مشتمل شائع ہوئی تھی -

۴- تسہیل القواعد : اسے انارکلی لاہور سے بابو نوین چندر بنرجی نے ۳۱ صفحات پر شائع کیا - اس کا دوسرا ایڈیشن سنہ ۱۸۶۵ع میں شائع ہوا جس میں ۲۵ صفحات تھے -

۵- انشائے اردو : اسے منشی محمد عظیم نے لاہور سے سنہ ۱۸۶۳ع میں شائع کیا - لاہور والے ایڈیشن میں ۴۷ صفحات تھے - ایک اور ایڈیشن لکھنؤ سے منشی نولکشور نے

چھاپا جو دو حصوں پر مشتمل سنہ ۱۸۶۶ع اور ۱۸۶۷ع میں شائع ہوا۔ پہلے حصے میں ۲۱ اور دوسرے میں ۲۸ صفحات تھے۔

۶۔ گرامر اردو زبان کی جو گارسیں کے خیال میں چھاپی نہیں گئی۔ (ص ۲۲۵ تا ۲۲۹، جلد دوم)۔

۲۰۔ مرزا محمد کالپوری :

ان کی کتاب کا نام

Comparative Grammar and Vocabulary of Turkish, Arabic, Persian, Oordoo and English language.

ہے۔ گارسیں کی اطلاع کے مطابق ۱۵ اکتوبر سنہ ۱۸۵۷ع کو انجمنِ لاہور کو اس کتاب کا ایک قلمی نسخہ پیش کیا گیا تھا۔ (ص ۲۹۵، جلد دوم)۔

۲۱۔ خان بہادر مولوی مسیح الدین :

یہ واجد علی شاہ آخری نوابِ اودھ کے کارپرداز تھے اور واجد علی شاہ کی والدہ کے ساتھ ان کے مقدمے کی پیروی کے سلسلے میں لندن بھی گئے تھے۔ وہ فلسفہ، جغرافیہ اور علم نجوم کے عالم اور ان موضوعات پر فارسی میں کتابوں کے مصنّف ہیں۔ اودھ کے متعلق ان کی ایک انگریزی کتاب لندن میں سنہ ۱۸۵۷ع میں طبع ہوئی، یعنی :

Oude—its princes and its government vindicated—London, 1857.

گارسیں کے بیان سے معلوم ہوتا ہے کہ انہوں نے اردو میں بھی ایک کتاب "دریائے لطافت" کے نام سے لکھی تھی جس میں اصول قواعد، علمِ بلاغت اور منطق کے مضامین درج تھے۔ (ص ۳۱۸، جلد دوم)۔

۲۲۔ منشی محمد ابراہیم :

ان کی تصانیف میں ایک تحفۂ الفنسٹن (Elphinston) ہے۔ بقول گرسیں دتاسی یہ ہندوستانی زبان کی ایک قواعد ہے جو بمبئی سے سنہ ۱۸۲۳ع میں شائع کی گئی اور جس پر نظر ثانی میجر کنیڈی (Van Kennedy) نے کی تھی۔ سنہ ۱۸۰۲ع میں اس کتاب کے مصنف بمبئی میں اُن انگریزوں کو اردو پڑھاتے تھے جو یہ زبان نہیں جانتے تھے اور اس اعتبار سے یہ ڈاکٹر جان گلکرسٹ اور فورٹ ولیم کالج کے دوسرے مصنفین و مؤلفین کے ہم عصر ہیں۔ جب انہوں نے گل کرسٹ کی وہ کتابیں، جو انہوں نے اردو زبان اور اس کے قواعد کے بارے میں مطالعے کے لیے لکھی تھیں، دیکھیں تو انہوں نے بھی انگریزی میں اپنے طلبہ کے لیے اردو کی ایک قواعد لکھی اور اس کی انگریزی کی اصلاح اپنے انگریز طالب علموں سے کرائی۔

گارسیں دتاسی لکھتے ہیں کہ اس قواعد میں مجھے بہت سی باتیں ایک دوسرے سے متضاد نظر آئیں اور حقیقت یہ ہے کہ یہ کتاب شیکسپیر کی قواعد سے کمتر درجہ رکھتی ہے ۔ گارسیں کے ہی بیان سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ اس کتاب میں دلچسپ بات یہ ہے کہ انگریزی اور اردو میں افعال کے زمانوں اور حالتوں کے متعلق بہت سی مثالیں دی گئی ہیں جن میں ہندوستان کے رسم و رواج کا نقشہ اتارا ہے ۔ ان مشقوں میں وہ درخواست بھی اصل شکل میں دی گئی ہے جو شیخ منصور نامی کسی شخص نے ایک جج کو دی تھی ۔ اس میں جنگِ پانی پت کے متعلق بھی ایک بیان اردو میں موجود ہے ۔ اس مصنف کو سنہ ۱۸۳۶ع میں ایشیاٹک سوسائٹی لندن کا غیرمقامی ممبر منتخب کیا گیا تھا ۔ ۱۳ مئی سنہ ۱۸۴۰ع کو وہ Elphinston Native Education Society, Bombay کے بورڈ کے رکن بنائے گئے ۔ قواعد سے متعلق ان کی ایک اور کتاب ''ہندوستانی تعلیم نامہ'' ہے جو سنہ ۱۸۳۵ع میں بمبئی ایجوکیشنل سوسائٹی کی طرف سے چھوٹی تقطیع پر دو جلدوں میں شائع ہوئی تھی ۔ اس میں سبق آموز کہانیاں اصول و قواعد و انشاء شامل ہیں ۔ ایک اور ایڈیشن بمبئی سے سنہ ۱۸۴۵ع میں ''تعلیم نامہ'' کے نام سے چھپا تھا ۔ (گارسیں جلد دوم ، ص ۳۴۸-۳۴۹) ۔

۲۳- منشی مُول چند :

لکھنؤ میں پیدا ہوئے ۔ دہلی میں رہتے تھے اور شاہ نصیر کے شاگرد تھے ۔ ذات کے کائستھ تھے ۔ لیکن گارسیں نے تعجب سے لکھا ہے کہ انہوں نے اپنی کتاب ''شمشیر خانی'' کو حضرت عیسیٰ[ع] ، حضرت محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) ، شاہِ دہلی اور شاہِ انگلستان کی تعریف سے شروع کیا ہے ۔ گارسیں نے ان کی ایک قواعدِ اردو کا ذکر کیا ہے جو دہلی سے سنہ ۱۸۴۵ع میں شائع ہوئی تھی ۔ (جلد دوم ، ص ۳۶۸) ۔

۲۴- مرزا نثار علی بیگ :

یہ آگرہ کالج میں صدر مدرس تھے اور اردو کی تعلیم و تدریس کے سلسلے میں کئی کتابوں کے مصنّف ہیں ۔ ان میں سے ایک رسالہ قواعدِ اردو ہے جو سوال و جواب کی صورت میں ہے ۔ اس کا پہلا حصہ آگرہ سے سنہ ۱۸۶۱ع میں چھوٹی تقطیع پر ۱۲ صفحات میں شائع ہوا ۔ یہ کتاب انہوں نے آگرہ کالج کے مدرسِ دوم منشی فیض اللہ خاں کے تعاون سے لکھی تھی ۔ (ایضاً ، ص ۴۱۳) ۔

۲۵- مرزا علی لطف ولا :

بقولِ گارسیں یہ وہی بزرگ ہیں جو مظہر علی خاں ولا کے نام سے مشہور ہیں ۔ ان کی ولادت دہلی میں ہوئی ۔ طپش اور مصحفی کے شاگرد تھے ۔ ان کی ایک تصنیف اتالیقِ ہندی ہے جو ایرانیوں کو ہندوستانی پڑھانے کے لیے لکھی گئی تھی ۔ (ایضاً ، ص ۴۷۷) ۔

اس مختصر سی فہرست سے اندازہ ہو جاتا ہے کہ انیسویں صدی میں بکثرت مصنفین اردو کی قواعد نویسی کی طرف متوجہ ہوئے ۔ ان میں سے بیشتر کا مقصد ان لوگوں کو اردو پڑھانا تھا جن کی مادری زبان اردو نہ تھی لیکن بعض کتابیں خود ہندوستانی طالب علموں کی تعلیم و تدریس کے لیے بھی لکھی گئی تھیں ۔

قواعد کی ان تصانیف و تالیفات کے سلسلے میں بعض اور امور بھی قابلِ غور ہیں ۔ جن مغربی مصنفین نے ہندوستانی کی قواعد لکھی ہے ان میں سے اکثر کے پیش نظر انگریزی زبان کی قواعد کا ڈھانچہ ہے جو خود لاطینی قواعد کے نمونوں پر لکھی گئی ہے ۔ اس لیے بعض اصطلاحیں اور بحثیں اس میں عجیب معلوم ہوتی ہیں ۔ مثلاً انگریزی میں الفاظ کی ایک خاصی تعداد الفاظِ سابقہ (Prepositions) کے طور پر استعمال ہوتی ہے ؛ مثلاً حروف ظرف مکان میں پر ، اوپر ، اندر ، باہر وغیرہ اور یہ Prepositions اس لیے ہوتے ہیں کہ اسم سے پہلے لائے جاتے ہیں ۔ اردو میں اس کے برعکس حروفِ لاحقہ (Post Po<ition) ہوتے ہیں کہ اسم کے بعد آتے ہیں ۔ بہت کم مغربی مصنفین ایسے ہیں جو اردو زبان کے مزاج اور اس کی ساخت سے کماحقہ واقف ہیں ۔ ان میں سے بعض عربی یا فارسی کے عالم ہیں اور وہ اردو کی قواعد کو فارسی قواعد کے نقشے کو سامنے رکھ کر لکھتے ہیں ۔ مغربی قواعد نگاروں میں ڈاکٹر جان گل کرسٹ اور گارسیں دتاسی دو ایسے فاضل نظر آتے ہیں جو اردو زبان کے اپنے مزاج سے واقف ہیں ۔ گل کرسٹ نے اردو قواعد اور ہندوستانی لسانیات پر بہت کچھ لکھا ہے ۔ گرسیں نے قواعد پر کوئی مستقل تصنیف تو نہیں چھوڑی لیکن فرانسیسی میں ''ہندوستانی کے عناصر'' کے نام سے ایک رسالہ لکھا ہے جس میں اردو زبان کی ساخت اور ہیئت سے بحث کی ہے ۔ ہندی ، ہندوستانی ، اردو اور کھڑی بولی کے فرق کو واضح کیا ہے اور اردو کے بنیادی عناصر کی نشاندہی کی ہے ۔

جیسا کہ پہلے کہا جا چکا ہے ، اہلِ زبان میں انشاء اللہ خاں پہلے شخص ہیں جنھوں نے سنہ ۱۸۰۷ع میں "دریائے لطافت'' لکھنے میں اردو کی اپنی ساخت و ہیئت کا لحاظ رکھا ۔ مولوی عبدالحق صاحب نے ان کے بارے میں لکھا ہے کہ سید انشاء اللہ پہلے شخص ہیں جنھوں نے عربی و فارسی کا تتبّع چھوڑ کر اردو زبان کی اپنی ہیئت و اصلیت پر غور کیا اور اس سے قواعد وضع کیے ۔ اور جہاں کہیں تتبع کیا بھی ہے تو وہاں زبان کی حیثیت کو نہیں بھولے ہیں ۔ ان کا بنیادی اصول یہ ہے کہ اردو میں صحت کا معیار اردو کا معیار ہے ، کسی اور زبان کا نہیں ۔

انشاء کی "دریائے لطافت'' کے تین سال بعد یعنی ۱۸۱۰ع میں روشن علی انصاری نے رسالہ صرف و نحو کے نام سے اردو کی ایک قواعد لکھی ، اور غالباً ۱۸۰۶ع میں امانت علی شیدا نے بھی ایک کتاب صرفِ اردو میں لکھی ۔ غالباً یہ وہی محمد ابراہیم ہیں جو ''تحفۂ الفنسن'' کے مصنف ہیں اور جن کا ذکر گارسیں دتاسی کے حوالے سے ہم پہلے کر چکے ہیں ۔ مولوی عبدالحق صاحب کا بیان ہے کہ سر سید احمد خاں نے بھی اردو صرف و نحو کا ایک رسالہ لکھا تھا جس کا ایک قلمی نسخہ اسلامیہ ہائی اسکول اٹاوہ کی لائبریری میں موجود تھا اور کاتب نے کتاب کے

آخر میں سنہ کتابت ۱۸۴۰ع مطابق ۱۲۵۶ھ تحریر کیا تھا۔ بقول مولوی عبدالحق اس میں صرف و نحو کے معمولی قواعد تھے اور زیادہ تر مصادر سے بحث کی گئی تھی۔ قواعد کا معیار خواہ کچھ ہو اس سے یہ اندازہ ضرور ہوتا ہے کہ سر سید احمد خان بھی قواعد نویسی کی ضرورت اور اہمیت کا احساس رکھتے تھے۔ بعض اور ہندوستانی مصنفین نے بھی اردو کی قواعد نویسی کی طرف توجہ کی۔ ان میں سے بعض کا ذکر ہم گارسیں دتاسی کے حوالے سے کر چکے ہیں۔

سنہ ۱۸۵۷ع کے آس پاس اور بیسویں صدی کے آغاز تک طالب علموں کے لیے قواعد صرف و نحو پر بے شمار کتابیں لکھی گئیں۔ ان میں چونکہ صرف اسی زمانے کی رائج اردو قواعد ہے اس لیے قواعد کی ایسی کتابوں کو تاریخی قواعد کا نام نہیں دیا جا سکتا اور نہ ان سے زبان کے ارتقا کا کچھ پتہ چلتا ہے۔ جو بحث اس زمانے میں بہت زور پر تھی وہ ٹکسالی زبان او فصاحت کی ہے۔ اس میں بھی کم از کم دو مکتبۂ خیال تھے۔ ایک دلّی کا دبستان اور دوسرا لکھنؤ کا۔ اصل فرق زبان کا نہیں صرف محاورے کا تھا لیکن اس کو دونوں فریق بڑی شدت سے نمایاں کرنے کی کوشش کرتے تھے۔ دوسری بحث تذکیر و تانیث کی تھی، اور یہ بحث اب تک اردو کی قواعد کی کتابوں کا ایک اہم حصہ ہے۔ تیسری بحث متروکات کی تھی جو صرف چند الفاظ یا لغات تک محدود نہ تھی بلکہ قواعد کی بعض شکلوں میں بھی موجود تھی؛ مثلاً لکھنؤ والے 'آئیاں جائیاں' ترک کر چکے تھے لیکن اہلِ دہلی جو اپنی دہلوی میراث پر فخر کرتے تھے، اسی طرح لکھتے تھے: ع

جلدی میں گو جوانوں نے چوٹیں بچائیاں

اور اس پر کہتے تھے کہ صاحبو! یہ میرے گھر کی زبان ہے۔ حضرات لکھنؤ اس طرح نہیں بولتے۔

یوں تو اس بحث میں بہت سے حضرات نے حصہ لیا ہے اور بکثرت مضامین، مقالات اور رسالے اس سلسلے میں تالیف ہوئے ہیں جن کا سلسلہ ناسخ و آتش اور ان کے شاگردوں سے شروع ہو کر نواب جعفر علی خاں اثر لکھنوی تک پہنچتا ہے، لیکن اس کی تفصیل ہمارے براہ راست موضوع سے خارج ہے۔ تاہم اس سلسلے میں بحث کے بعض حصے اصولی ہیں اس لیے ہم اختصار سے اسے لکھتے ہیں۔

خواجہ عبدالرؤف عشرت لکھنوی فرماتے ہیں:

''اس وقت موجودہ حالت میں زبان اردو کے دو ٹکسال ہیں؛ ایک دہلی اور ایک لکھنؤ۔ ان میں سے اوّلیت کا تاج دہلی کے سر ہے، اس لیے کہ سب سے پہلے دہلی کی زبان مستند و معتبر تھی اور لکھنؤ والے بھی دہلی کی تقلید کرتے تھے اور وہی زبان بولتے تھے۔ رفتہ رفتہ دہلی مٹی اور جو فصحا جو شرفا جو والیانِ ملک جو شہزادے دہلی کی جان تھے اپنے وطن کو خیر باد کہہ کر لکھنؤ میں آ بسے۔ انھی لوگوں کی زبان اردوئے معلّیٰ تھی اور دہلی انھی سے عبارت تھی۔ کچھ دنوں کے بعد لکھنؤ

بھی دہلی ہوگیا اور اس کی زبان کے سکّے رائج الوقت ہو گئے - دہلی کے سب ملک الشعرا ، دہلی کے سب نجیب الطرفین شہزادے ، دہلی کی بیگمیں ، دہلی کے شرفا لکھنؤ کی خاک میں آرام کر رہے ہیں - اب لکھنؤ کا دوسرا دور شروع ہوا اور زبان کا سکّہ لکھنؤ میں ڈھلنے لگا - یہاں شاعروں میں ناسخ ، آتش مستند اور مشہور شاعر پیدا ہوئے اور ان لوگوں نے زبان کے گلزار کو خار سے پاک کر کے گلشنِ بے خار بنا دیا - جب لکھنؤ اور دہلی مدِ مقابل ہوئے تو دونوں میں رقابت پیدا ہوئی - دہلی کے رہے سہے شاعر ، جو ہمیشہ آپس میں لڑا کرتے تھے ، لکھنؤ کی مخالفت پر آمادہ ہوئے اور یہ جھگڑا طول پکڑتا گیا - پہلے تذکیر و تانیث کا سلسلہ شروع ہوا''[۱] -

اس کے بعد مصنّف نے الفاظ کی ایک لمبی فہرست نقل کی ہے جس میں تذکیر و تانیث کے علاوہ کہیں اختلاف محاورے کا ہے اور کہیں ایک حرف کی جگہ دوسرا حرف استعمال کرنے کا - یہ اس بالکل قدرتی ہے کہ زبان اپنے جغرافیائی اور تہذیبی ماحول اور بعض اور عوامل سے متاثر ہوتی ہے اور اس طرح کی تبدیلیاں پیدا ہوتی ہیں - آگے چل کر لکھتے ہیں :

''تمام ہندوستان کے لوگ جو اردو بولتے ہیں اہل زبان اور تمام ہندوستان کے وہ لوگ جو اُردو کی خدمت کرتے ہیں زبان داں ہیں لیکن ان سب کی زبان کا سر چشمہ دہلی اور لکھنؤ ہے -''

یہ بات شاید سنہ ۱۹۲۰ع میں بھی صحیح نہ تھی کیونکہ وہ حیثیت جو لکھنؤ کو شاہانِ اودھ کے دور سے حاصل ہوئی تھی وہ سنہ ۱۸۵۷ع کے بعد اسی طرح ختم ہو گئی جس طرح سیاسی انقلاب نے دہلی کی مرکزیت اور حیثیت کو ختم کر دیا تھا - اس لیے مصنف کا یہ دعویٰ درست نہیں -

''جو لفظ یا اصطلاح یا جو محاورہ ہندوستان کے کسی شہر میں یا کسی صوبے میں بولا جاتا ہے اور دہلی اور لکھنؤ میں وہ مستعمل نہیں ہے اور زبان دانانِ دہلی اور لکھنؤ نے اسے قبول نہیں کیا تو وہ ٹکسال باہر اور غلط ہے''[۲] -

ظاہر ہے یہ صورت حال سنہ ۱۸۵۷ع کے بعد تیزی سے بدل رہی تھی اور سنہ ۱۹۲۰ع تک خاصی بدل چکی تھی - حیدر آباد دکن جو اردو کے ابتدائی دور میں دہلی سے پہلے بھی اردو کی ترقی کا ایک بہت بڑا مرکز تھا ، اب اس نئے دور میں بھی اردو کی ایک نئی تحریک کا مرکز بنا اور اعلیٰ سطح تک تعلیم کے لیے اردو میں کتابوں کی تالیف و تصنیف اور

۱- جان اردو ، خواجہ عبدالرؤف عشرت لکھنوی ، بار اول ، ۱۹۲۰ع ، نولکشور پریس لکھنؤ ، ص ۷ -

۲- ایضاً ، ص ۱۱ -

ترجمہ کا کام کرنے کے لیے دارالترجمہ قائم ہوا اور جامعہ عثمانیہ میں سر راس مسعود کی تحریک پر ایک نیا تجربہ شروع ہوا ۔ اس جامعہ میں اعلیٰ تعلیم ، جس میں طب ِ جدید اور انجینیرنگ کی تعلیم و تدریس بھی شامل تھی ، اردو میں ہوتی تھی اور اس طرح ورنیکولر یونیورسٹی کے قیام کا جو خواب سر سید احمد خاں اور سید محمود نے دیکھا اور جسے ناگزیر اسباب کی بنا پر وہ عملی جامہ نہیں پہنا سکے تھے ، خدا نے سرسید احمد خاں کے نامور پوتے کے ہاتھوں اس کی تکمیل کرائی ۔ ظاہر ہے دہلی اور لکھنؤ کے زبان داں اگر اس کی مرکزیت اور حیثیت کو تسلیم نہ کریں تو اس کا کوئی جواز نہ ہوگا ۔ اسی طرح ایک اور مرکز لاہور تھا جہاں سنہ ۱۸۵۷ع کے بعد آزاد اور حالی جیسے یگانۂ روزگار اردو کے شاعر ، انشا پرداز ، ادیب ، مصنف اور نقاد جمع ہو گئے تھے ، جہاں انجمن پنجاب کے مشاعروں میں جدید اردو شاعری کا آغاز ہوا ، جہاں علوم ِ مفیدہ کی اشاعت کے لیے انجمنیں قائم ہوئیں اور بکثرت کتابوں کے انگریزی سے ترجمے ہوئے اور جدید علوم و فنون پر کتابوں کی تالیف و تصنیف کا سلسلہ شروع ہوا ۔ اردو کے اخبار اور رسالے یوں تو بر صغیر کے تمام صوبوں اور بڑے شہروں سے نکلے لیکن اس میں بھی پنجاب نے جس طرح اردو کی ترویج و اشاعت میں حصہ لیا ہے اسے نظر انداز نہیں کیا جا سکتا ۔ اگر یہاں کی ہر تحریر کے لیے سند صرف دہلی اور لکھنؤ کے شعرا کے کلام سے مانگی جائے تو یہ عجیب بات ہوگی ۔

اُن مصنفین اور مؤلفین کے علاوہ جن کا ہم اب تک ذکر کر چکے ہیں ، انیسویں صدی کے نصف آخر اور بیسویں صدی کے نصف اول پر پھیلے ہوئے طویل عرصے میں بکثرت مصنفین نے اس طرف توجہ کی ہے ۔ قواعد کی کتابوں کا ایک طویل سلسلہ اُن مختصر کتابوں کا ہے جو مدرسوں میں اردو کی باقاعدہ تعلیم رائج ہونے کے سبب طالب علموں کی ضرورت پورا کرنے کے لیے لکھی گئیں ۔ مثلاً پنجاب سے محکمۂ تعلیم نے کرنل ہالرائڈ کی تحریک پر قواعد کی ایک کتاب لکھوائی جس پر مصنف کا نام درج نہیں ۔ یہ غالباً اردو کی درسی کتابوں کے اس سلسلے کی ایک کڑی ہے جس کے لیے مولانا محمد حسین آزاد نے اردو کی چار کتابیں بھی لکھی تھیں ۔ اس کتاب کا نام رسالہ قواعد اردو ہے اور یہ لاہور سے سنہ ۱۸۷۸ع میں شائع ہوا ۔ شیوپرشاد کا ایک رسالہ صرف و نحو اردو کے نام سے سنہ ۱۸۸۱ع میں لکھنؤ سے شائع ہوا ۔ مولوی محمد اسمٰعیل میرٹھی نے بچوں کے لیے درسی کتابوں کا سلسلہ لکھا تھا ۔ وہ کم و بیش پون صدی تک نہایت مقبول رہا ۔ انھوں نے اردو قواعد کے بھی دو رسالے لکھے تھے جو بار بار شائع ہوئے اور طالب علموں میں بے حد مقبول ہوئے ۔ لکھنؤ میں ہی رائے درگا پرشاد نے ''زبدۃ القواعد'' کے نام سے ایک رسالہ لکھا جو سنہ ۱۸۸۳ع میں شائع ہوا ۔ راجہ شیو پرشاد نے اردو صرف و نحو کے نام سے الہ آباد سے ایک رسالہ شائع کیا ۔ یہ رسالہ یا تو سنہ ۱۸۸۱ع میں لکھنؤ سے اسی مصنف کے شائع ہونے والے رسالے کا نیا ایڈیشن تھا یا کوئی اور رسالہ تھا ۔ سنہ ۱۹۰۱ع میں ایک اور مصنف منشی صاحب علی نے قواعد اردو کے نام سے ایک کتاب بنارس سے شائع کی ۔ سنہ ۱۹۰۴ع میں الہ آباد کے مولوی محمد احسن کی قواعد اردو شائع ہوئی ۔ شیخ برکت علی کی ہندوستانی گرامر سنہ ۱۹۰۵ع میں شائع ہوئی ۔

بیسویں صدی میں لکھی جانے والی قواعد کی کتابوں کی مکمل فہرست نہایت طویل ہوگی ۔ یہاں محض بطور نمونہ چند کتابوں اور ان کے مصنفین کی فہرست دی جاتی ہے ۔ یہ کتابیں بیشتر مدارس کے طالب علموں کی نصابی ضرورت کو پورا کرنے کے لیے لکھی گئی ہیں :

۱۔ ادیب القواعد : مؤلف حافظ سید جلال الدین احمد جعفری ،
طبع جدید ادارۂ شرکت مصنفین کراچی ، سنہ ندارد ۔

۲۔ جدید ابتدائی اردو گرامر : مؤلف محمود علی منشی فاضل و مولوی فاضل ،
پاکستان بک اسٹور ، لاہور ، طبع سنہ ۱۹۴۹ع ۔

۳۔ صرف و نحو اردو : محکمۂ تعلیم مغربی پنجاب
پبلشرز یونائیٹڈ ، لاہور ۔ سنہ ندارد ۔

۴۔ آئین اردو : مؤلفین خورسند بہادر سیاح و گوپال سنگھ گیانی ،
بھارتی بھون ، موہن لال روڈ لاہور ، طبع اول سنہ ۱۹۲۵ع ۔

۵۔ دستور اردو : مولوی محمد عبداللہ ،
ایم فرمان علی ، لاہور ۔ سنہ ندارد ۔

۶۔ جدید آئین اردو : مؤلف نسیم امروہوی ،
کتاب منزل لاہور ، طبع دوم ، سنہ ندارد ۔

۷۔ نوائے کارگر : احسان دانش ،
مکتبہ دانش ، لاہور ، طبع اول ، سنہ ۱۹۵۱ع ۔

۸۔ اردو قواعد : مؤلف ڈاکٹر ابواللیث صدیقی ،
ویسٹ پاک پبلشنگ کمپنی ، لاہور ، طبع اول ، سنہ ۱۹۵۸ع ۔

قواعد کی ان درسی کتابوں کے علاوہ قواعد کی بعض کتابیں ایسی بھی لکھی گئی ہیں جو مستند قواعد کا درجہ رکھتی ہیں ۔ ان کا ایک نمونہ مولوی فتح محمد خاں جالندھری کی "مصباح القواعد" ہے ۔ یوں تو اس کے متعدد ایڈیشن شائع ہوئے لیکن ایک اشاعت خاص رامپور کا نسخہ ہے جو سنہ ۱۹۳۵ع میں رامپور سے شائع ہوا ۔ اس دور کے اکثر قواعد نویسوں نے "مصباح القواعد" سے فائدہ اٹھایا ہے اور اکثر کے یہاں تو نمونے اور مثالیں بھی وہی ہیں جو "مصباح القواعد" میں ہیں ۔ ایک اور مستند اور معیاری قواعد مولوی عبدالحق کی "قواعدِ اردو" ہے ۔ اس کے مقدمے سے اندازہ ہوتا ہے کہ مولوی صاحب اردو کی ایک ایسی قواعد لکھنا چاہتے تھے جو فارسی کی تقلید میں نہ ہو بلکہ اردو زبان کے مزاج کے مطابق ہو ۔ اس میں کچھ رنگ تاریخی قواعد کا بھی ہے ؛ مثلاً افعال کی بحث میں بعض افعال کی پراکرتی شکلوں کا بھی ذکر ہے اور یہی حال ضمائر کی بحث میں ہے ۔ تاریخی قواعد کی پہلی کوشش راقم الحروف کی "جامع القواعد" کا حصۂ صرف ہے جسے مرکزی ترقیِ اردو بورڈ لاہور نے سنہ ۱۹۷۱ع میں شائع کیا اور اس میں جدید لسانیات کے

اصول پیش نظر رکھے گئے ہیں - بعض بحثیں اس میں ایسی ہیں جو اس سے پہلے اردو کے قواعد نویسوں نے نظر انداز کر دی تھیں - اس کا حصہ نحو بھی اب شائع ہو گیا ہے اور اسے ڈاکٹر غلام مصطفیٰ خاں صاحب نے لکھا ہے -

مغربی ممالک میں بھی جدید لسانیات کے اصول سامنے رکھ کر اردو کی قواعد کی کئی کتابیں لکھی گئی ہیں - ان میں سے ایک سلسلۂ کتب کے مؤلف ڈاکٹر عبدالرحمان بارکر ہیں اور کتاب کا نام ''ابتدائی اردو'' ہے - یہ کتاب تین جلدوں میں میکگل یونیورسٹی سے سنہ ۱۹۶۷ء میں شائع ہوئی ہے - اس کی ترتیب و تدوین میں ڈاکٹر بارکر کے رفیق اردو داں بھی شامل ہیں - اسی طرح کی ایک اور کتاب Urdu Grammar and Reader ہے جس کے مصنف ارنسٹ بینڈر (Ernest Bender) ہیں - یہ کتاب University of Pennsylvania Press سے سنہ ۱۹۶۷ء میں شائع ہوئی ہے - روس میں بھی اردو کی قواعد پر کئی کتابیں لکھی گئی ہیں اور یہ سلسلہ ہنوز جاری ہے -

اردو قواعد میں ایک دلچسپ اور پیچیدہ مسئلہ جنس کا ہے - سنسکرت میں اور پراکرتوں میں بھی ایک دور تک جنس کے صیغے تین تھے : نر ، مادہ اور بے جان - موجودہ اردو میں صرف دو صیغے یعنی مذکّر اور مؤنّث رہ گئے - لیکن مشکل یہ ہے کہ بے جان اشیا بھی ان دو جنسوں میں سے ایک سے تعلق رکھتی ہیں - یہ خصوصیت صرف اردو یا ہندی کی نہیں ، بعض یورپین آریائی زبانوں میں بھی جنس کے صیغے بے جان اشیا میں استعمال ہوتے ہیں ؛ مثلاً فرانسیسی میں جانداروں میں مذکّر کی تمیز حرفِ تمیز Le سے اور مونث کی La سے ہوتی ہے لیکن بے جان اشیا میں بھی جنس کی یہی تمیز ہے ؛ مثلاً ملک le pays پلنگ یا بستر le lit مذکّر ہیں ، میز la table شہر la ville مونّث ہیں اور اردو کی طرح فرانسیسی سیکھنے والوں کو بھی بے جان اشیاء کی جنس کے تعین میں بڑی دقّت ہوتی ہے - مثلاً حسب ذیل اشیا مذکر ہیں :

۱- تمام اسما جن کے آخر میں مصمتہ (Consonant) ہو -

۲- تمام اسما جن کے آخر میں مصوتہ (Vovell) ہو ، سوائے (mute) e محذوف کے -

۳- اسما جن کے آخر میں ege, age, ment ہو -

۴- دنوں ، مہینوں ، موسموں ، دھاتوں ، رنگوں ، اشجار اور جھاڑوں کے نام -

۵- فعل و حرف جو بطور اسم استعمال ہوں -

۶- اعشاری اوزان اور پیمانے -

۷- سمتوں کے نام -

اور حسبِ ذیل اسما مونث ہیں :

۱۔ اسما جن کے آخر میں te, son, ion ہو ۔

۲۔ صفات ، اوصاف اور حالتیں جن کے آخر میں rce, ude, ade, eur, eose ہو ۔

۳۔ اکثر اسما جو (mute) e محذوف پر ختم ہوں ۔

۴۔ اخلاقی صفات و اقدار ، علوم و فنون ۔

۵۔ پھلوں کے اکثر نام ۔

ظاہر ہے جنس کی یہ قسم حقیقی نہیں ، اسی لیے اسے جنسِ غیرحقیقی یا grammatical gender کہتے ہیں اور جس کے لیے اردو میں دو الگ اصطلاحیں قیاسی اور سماعی ہیں ۔ قیاسی ایسی جنس جس کی تائید میں اور مثالیں ایک ہی قاعدے اور قسم کی مل جائیں اور سماعی محض اہلِ زبان سے سننے پر منحصر ہے ۔ ظاہر ہے آخرالذکر قسم کی جنس کے بارے میں اختلاف رائے ممکن ہی نہیں ، یقینی ہے ۔ یہی وجہ ہے کہ اردو میں جنس غیر حقیقی کے تعین میں نہ صرف دہلی اور لکھنؤ میں فرق ہے بلکہ ایک ہی شہر کے دو اہلِ زبان اور بعض صورتوں میں تو ایک ہی اہلِ زبان دو مختلف موقعوں پر جنس کا تعین دو طرح کرتے ہیں ۔ چنانچہ اردو کے قواعد نویسوں نے اس مسئلے پر بھی توجہ کی ہے ۔ لیکن پورا مسئلہ بڑا اختلافی ہے اور بعض قواعد نویسوں نے اس موضوع پر مستقل تصانیف لکھی ہیں ۔ اس کی ایک مثال رسالہ ''مفید الشعرا'' ہے جس کے مصنف اردو کے مشہور شاعر حکیم ضامن علی جلال لکھنوی (وفات ۱۹۰۹ع/۱۳۲۵ھ) ہیں ۔ اس رسالے کا پہلا ایڈیشن سنہ ۱۸۷۶ع میں شائع ہوا تھا ، دوسرا ایڈیشن ۲۲-۱۹۲۱ع میں شائع ہوا جس پر جلال نے اپنی زندگی میں نظر ثانی کی تھی۔ پھر ایک ایڈیشن مطبع مجیدی کانپور سے سنہ ۱۹۳۳ع میں بھی شائع ہوا تھا ۔

اردو قواعد نویسی کے تاریخی پس منظر کے اس مختصر جائزے کی روشنی میں شلزے کی قواعد ہندوستانی کی اہمیت واضح ہو جاتی ہے ۔ لاطینی یا کسی بھی زبان میں اردو کی قدیم ترین قواعد جان جوشوا کیٹلر کی قواعد ہے جس کا ذکر ہم کر چکے ہیں ۔ شلزے اعتراف کرتا ہے کہ مستشرقین سے اس زبان کا تعارف کرانے اور اس کی اہمیت واضح کرنے میں اولیت کا فخر کیٹلر ہی کو حاصل ہے اور اسی نے یہ راہ ہموار کی جس پر شلزے خود گامزن ہوا ۔ وہ اپنی اس قواعد کو کیٹلر کی قواعد کی توضیح و اضافہ قرار دیتا ہے ۔ اس سے یہ نتیجہ نکالنا غلط نہ ہوگا کہ جان جوشوا کیٹلر کی اردو کی اولین قواعد کے مندرجات شلزے کے پیش نظر رہے اور اس نے برصغیر میں اپنے قیام کے دوران اس زبان کو مختلف ذرائع سے سیکھا اور اس کی قواعد مرتب کی ۔ خود شلزے کی اصل لاطینی ہے ۔ انگریزی مترجم نے اس میں بعض اور اضافے کیے ۔ اس طرح کیٹلر کی قواعد کی اشاعت سنہ ۱۷۴۳ع سے دو سال قبل یعنی سنہ ۱۷۴۱ع میں شائع شدہ شلزے کے لاطینی میں مترجم کے اضافے جو اس نے بنگال میں سنہ ۱۷۶۱ع میں جمع

اور مرتّب کیے ، تقریباً اٹھارہ سال کی مسلسل کوشش اور کاوش کا آئینہ یہ قواعد ہے ۔

شلزے کے متعلق ہماری اطلاعات کا واحد مأخذ خود یہ کتاب ہے ۔ اس سے اندازہ ہوتا ہے کہ مدراس میں عیسائیوں کا پہلا تبلیغی مشن شلزے نے ہی شروع کیا تھا ۔ مترجم کے بقول مسٹر شلزے جرمن اور ایک مشنری تھے جن کو ڈنمارک کے بادشاہ نے کرناٹک کے دربار میں مقرر کیا تھا ۔ غالباً اس مشن میں ، جس کا ذکر مترجم نے کیا ہے ، تین حضرات شامل تھے : ایک شلزے ، دوسرے زیگینبلاک ، تیسرے مشنری کا اس میں ذکر نہیں ۔

مسٹر زیگینبلاک نے ٹرنکوبار کے قیام کے دوران بائبل کا مکمل ملا باری ترجمہ شروع کیا تھا جسے سنہ ۱۷۲۵ء میں مسٹر شلزے نے تمام کیا ۔ اس سے اندازہ ہوتا ہے کہ مسٹر شلزے کو بر صغیر کی زبانوں سے دلچسپی تھی اور ہندوستانی کے علاوہ یہاں کی اور زبانوں سے بھی خاصی واقفیت رکھتے تھے ۔ ملاباری میں انجیل کے ترجمے کی تکمیل کے علاوہ تلیگو سے بھی واقفیت بہم پہنچائی اور سنہ ۱۷۲۹ء میں اس کے مبادیات پر ایک رسالہ لکھا ۔ اور اس کے بعد ہی وہ اس ہندوستانی قواعد کی تالیف کی طرف متوجہ ہوئے ۔

اس ہندوستانی زبان کی قواعد لکھنے کے محرّکات کا ذکر کرتے ہوئے شلزے نے سنہ ۱۷۴۱ء میں اس زبان کی حیثیت اور اہمیت کا اظہار کیا ہے کہ مغلِ اعظم کی وسیع سلطنت میں یہ عام اور مشترک زبان کی حیثیت سے ہر جگہ عام ہے ۔ برِ صغیر کی اکثریت غیر عیسائی آبادی پر مشتمل تھی اور شلزے کے عقیدے کے مطابق ان کی روحانی نجات کا واحد ذریعہ عیسائیت کی تعلیم تھی ، اس لیے اس ہمہ گیر زبان کو ہی تبلیغ و اشاعتِ مذہب کا ذریعہ بنانا چاہیے ۔ شلزے کے بیان سے یہ بھی پتا چلتا ہے کہ اٹھارویں صدی کے آغاز سے پہلے عہد نامۂ جدید اور بعض اہم مذہبی تالیفات کے کچھ حصوں کا اس زبان میں ترجمہ ہو چکا تھا ، اور جیسا کہ ہم پہلے مختصراً بیان کر چکے ہیں ، مختلف عیسائی مشنریوں نے سترھویں صدی عیسوی سے ہی اس زبان کی تحصیل اس مقصد سے شروع کر دی تھی ۔ شلزے اپنا مقصد یہ بتاتا ہے کہ وہ اس زبان کو مشنری مبلغین کے لیے سہل‌الحصول بنانے کے لیے اس کی قواعد مرتّب کرتا ہے ۔

اس زبان کے سیکھنے کو وہ ایک آسان مسئلہ بتاتا ہے اگرچہ اسے خود ابتداً بہت سی دشواریوں کا سامنا کرنا پڑا ۔ پہلی دشواری تو یہ تھی کہ اس کا پہلا معلم تامل بولنے والا تھا جسے شلزے نے تنجور کی زبان کہا ہے ۔ وہ اپنا مدعا صرف تامل میں ادا کر سکتا تھا ۔ اور اس زبان کا علم بھی اس کا شاید واجبی ہی تھا کیونکہ شلزے کے بقول وہ ان سوالات کا جواب مشکل سے دے سکتا تھا جو اس زبان کی تحصیل کے سلسلے میں اس سے کیے جاتے تھے ۔ ظاہر ہے یہ ایسا شخص ہوگا جو نہ اہلِ زبان تھا اور نہ زبان داں ۔ اور پھر شلزے اور اس کا یہ پہلا معلم ایک ایسے علاقے میں مقیم تھے جو تامل کا علاقہ تھا اور جہاں کی بولی جانے والی عام ہندوستانی بھی زیادہ مستند اور معتبر نہ تھی ۔ بہرحال اس صورت حال کا احساس شلزے کو بھی ہوا اور اس نے اس معلم سے چھٹکارا حاصل کرکے خود اسے سیکھنے کی کوشش کی ۔ اور

جیساکہ وہ بیان کرتا ہے دو مہینے میں اس نے محسوس کر لیا کہ اس نے اپنی راہ کے خار و خس کو بہت کچھ صاف کر لیا تھا اور اب صراط مستقیم اس کے سامنے تھی ۔ اس نے الفاظ ، محاورے اور ساخت پر پوری توجہ دی اور بالآخر اس قدر مواد فراہم کر لیا کہ ایک قواعد مرتب کر سکے جس کی طرف وہ فوراً متوجہ ہوا ۔ اس نے پہلے قواعد کے اصول مرتّب کیے اور پھر بقول اس کے اس بولی یا بولیوں (کیونکہ شلزے نے جمع کا صیغہ استعمال کیا ہے جس سے غالباً اس کی مراد یہ ہے کہ ہندوستانی کی علاقائی بولیوں میں بھی کچھ فرق ہے) کے نمونے اس میں شامل کر دیے ۔

قواعد کی تالیف میں شلزے نے دو باتیں پیش نظر رکھی ہیں ۔ ایک اختصار اور ایک اہمیت ۔ وہ تسلیم کرتا ہے کہ اختصار سے اکثر ابہام بھی پیدا ہو جاتا ہے لیکن اسے یقین ہے کہ اس زبان میں گردانیں اور اشتقاق اس طرح ہے کہ جو شخص اس کے سیکھنے کے لیے تھوڑی بہت محنت گوارا کرے اس کے لیے اس میں دقّت باقی نہیں رہتی ۔

شلزے نے اپنی قواعد کو چھ فصلوں میں تقسیم کیا ہے ۔ پہلی فصل حروف تہجی ، ہجا ، اعراب و حرکات و سکنات سے متعلق ہے ۔ دوسری فصل میں اسم اور صفت کی بحث ہے اور ان کی گردانوں کی مشق کرائی گئی ہے اور اہم اسماء اور صفات کی ایک فہرست بھی دی گئی ہے ۔ اسی میں گنتی اور اعداد کی تفصیل ہے ۔ تیسری فصل کا موضوع ضمیر ہے ۔ چوتھی فصل میں افعال کی بحث ہے جس میں مفرد اور مرکب افعال اور امدادی افعال کی تشریح و تفصیل دی گئی ہے ۔ پانچویں فصل میں حروف کی بحث ہے یعنی حروفِ ربط ، فجائیہ وغیرہ ۔ چھٹی فصل نحو سے متعلق ہے ۔

یہ ترتیب و تفصیل تقریباً وہی ہے جو بعد میں بھی اردو کے قواعد نویسوں نے اختیار کی ہے ؛ مثلاً مولوی عبدالحق صاحب کی قواعد کا خاکہ یہ ہے :

فصل اول : ہجا ، اعراب

فصل دوم : صرف

۱۔ اسم : اسم خاص ، اسم کیفیت ، اسم جمع ، لوازم اسم ، جانداروں کی تذکیر و تانیث ، تعداد و حالت ، اسما کی تصغیر و تکبیر ۔

۲۔ صفت : صفت ذاتی ، صفت نسبتی ، صفت عددی ، مقداری ، ضمیری ۔

۳۔ ضمیر : موصولہ ، ضمائر استفہامیہ ، اشارہ ، صفات ضمیری ، ضمائر کے ماخذ ۔

۴۔ فعل : فعل حال ، فعل مستقبل ، فعل کی گردان ، حالت ، گردان افعال ، طور مجہول ، مرکب افعال ۔

۵۔ تمیز : حروف ، حروف ربط ، عطف ، تخصیص فجئیہ ۔

فعل سوم : مشتق اور مرکب الفاظ ۔

فصل چہارم : نحو

مولوی صاحب نے عروض کی بحث بھی شامل کر دی ہے - یہ بھی بعض قواعد نویسوں کے پیش نظر رہی ہے - چنانچہ ''دریائے لطافت'' کا یہی حصہ ہے جو قتیل کی تصنیف ہے - لیکن بالعموم عروض کی بحث کو قواعد سے الگ رکھا گیا ہے -

غرض جہاں تک قواعد کے مباحث و موضوعات اور اس کی ترتیب کا تعلق ہے ، شلزے کے یہاں ایک ایسا خاکہ ملتا ہے جس میں بنیادی طور پر کوئی تبدیلی نہیں کی گئی ہے - شلزے نے اپنی قواعد کی بنیاد روزمرہ بولی جانے والی زبان یا بولی پر رکھی ہے - بعد کے قواعد نویسوں کے پیش نظر بالعموم زبان کی کتابی اور ادبی صورت رہی ہے جس کا ایک اندازہ اسی سے ہوتا ہے کہ قواعد میں اکثر و بیشتر مثالیں اساتذہ کے کلام سے دی جاتی ہیں - سبب اس کا یہ ہے کہ ادیبوں اور شاعروں کو زبان کا مزاج داں سمجھا جاتا ہے اور زبان کو قبول کی سند ان ہی کی تحریروں سے ملتی ہے - لیکن اس کے ساتھ ہی اس حقیقت کو بھی فراموش نہیں کرنا چاہیے کہ اصل زبان وہی ہوتی ہے جو روزمرہ کی بول چال کی زبان ہوتی ہے - کتابی اور ادبی زبان کتنی ہی سادہ اور آسان کیوں نہ ہو ، کسی نہ کسی حد تک ضرور پُر تکلف ہوتی ہے اور اس میں اہتمام اور آورد یا کم از کم اصولوں اور قاعدوں کی پابندی کی جاتی ہے - اور شاعری میں تو بالخصوص ضرورت شعری سے اکثر ایسے تصرّفات کرنا پڑتے ہیں جن کا نثر میں یا عام بول چال میں امکان نہیں ہوتا - اس لیے بعض ماہرینِ لغت و قواعد کا مسلک یہ ہے کہ سند میں شعر کی شہادت کو ضعیف ہی سمجھنا چاہیے - آج کے ماہرینِ لسانیات بھی زبان کے مطالعے میں سب سے زیادہ اہمیت بولی جانے والی زبان کو دیتے ہیں اور اسی روپ کو زبان کا اصلی روپ سمجھتے ہیں - شعر و ادب کی اہمیت اپنی جگہ ہے لیکن خالص لسانی مطالعے کا موضوع زبان کا یہی اصلی روپ ہے جسے خاص و عام ، جوان ، بچے ، بوڑھے ، پڑھے لکھے ، ان پڑھ ، دیہاتی اور شہری سب بولتے ہیں - یہ درست ہے کہ شہروں اور دیہات کی زبان میں یا بڑے شہروں میں مختلف علاقوں یا مختلف طبقوں کی زبان میں فرق ہوتا ہے - لیکن یہ فرق زبان کا فرق نہیں ، محاورے اور روزمرہ کا ہوتا ہے - ان مختلف علاقوں یا گروہوں میں جو زبان ابلاغِ عام کا فریضہ ادا کرے وہی اصل زبان ہے -

شلزے کا زمانہ اٹھارویں صدی کا نصف اول ہے - یہ کتاب اس نے سنہ ۱۷۴۱ع میں مرتب کی اور یہ عہد دہلی میں محمد شاہ (۱۷۱۹ع تا ۱۷۴۸ع) کا ہے - اس سے پہلے دکن میں اردو کی نشو و نما اور اس کی ادبی ترقی خاصی ہو چکی تھی - چنانچہ گولکنڈا اور بیجاپور کے ادبی مراکز میں اعلیٰ درجے کے شاعر اور نثر نگار پیدا ہوئے - خود ولی جن سے شمالی ہند میں ریختہ گوئی کا ایک نیا دور شروع ہوا ، سنہ ۱۷۰۰ع میں دہلی کا سفر کر چکے تھے اور سنہ ۱۷۲۰ع میں ان کا دیوان دہلی پہنچ چکا تھا ، جس سے دہلی کی شعر و شاعری کی مجلسوں میں ریختہ گوئی کا چرچا بہت بڑھا - چنانچہ جس وقت شلزے نے یہ قواعد لکھی اس وقت شاہ حاتم (ولادت ۱۶۹۹ع/۱۱۱۱ھ ، وفات ۱۷۸۳ع/۱۱۹۷ھ) ، سراج اورنگ آبادی (ولادت ۱۷۱۵ع/۱۱۲۸ھ ، وفات ۱۷۶۳ع/۱۱۷۷ھ) ، عبدالولی عزلت (ولادت ۱۶۹۲ع/۱۱۰۳ھ ، وفات ۱۷۷۵ع/۱۱۸۹ھ) ، سودا

(ولادت ۱۷۱۳ع/۱۱۲۵ھ ، وفات ۱۷۸۱ع/۱۱۹۵ھ) ، میر (ولات ۱۷۲۲ع وفات ۱۸۱۰ع) اور خواجہ میر درد (وفات ۱۷۸۴ع/۱۱۹۹ھ) کے پایہ کے شاعر موجود تھے اور ان کا کلام آج تک مقبول ہے ۔ ان کے علاوہ شعرا کی اتنی تعداد موجود تھی کہ میر نے شلزے کی قواعد کے صرف دس سال بعد یعنی ۱۷۵۲ع/۱۱۶۵ھ میں اردو شعرا کا ایک ''تذکرہ نکات الشعراء'' مرتب کر ڈالا اور قائم نے سنہ ۱۷۵۵ع/۱۱۶۸ھ میں ''مخزن نکات'' مکمل کیا ۔

لیکن شلزے اُس زبان کی طرف توجہ نہیں کرتا جو ان شاعروں اور نثر نگاروں کی کوششوں سے پروان چڑھی تھی بلکہ وہ عام بول چال کی زبان کے جو نمونے پیش کرتا ہے وہ اس زمانے کی معیاری بول چال کے نمونے مشکل سے کہے جا سکتے ہیں ۔ اس کے کئی سبب ہیں ۔ اولاً تو یہ کہ شلزے نے اپنی زبان آموزی کا آغاز ایک ایسے استاد سے کیا جو صرف تامل بول سکتا تھا ، اور پھر یہ سارا واقعہ بھی تامل کے علاقے کی زبان کا ہے ۔ دہلی اور لکھنؤ کی ٹکسالی اردو کو تو چھوڑیے ، کیونکہ اصلاً لکھنؤ اس وقت تک لکھنؤ نہیں بنا تھا ۔ شلزے کی قواعد کی تالیف سنہ ۱۷۴۱ع سے صرف دو سال پہلے سنہ ۱۷۳۹ع/۱۱۵۱ھ میں ہوئی ۔ نادری حملے نے جب دہلی کا شیرازہ منتشر کیا اور یہاں کے ارباب کمال اودھ پہنچے تو پہلے فیض آباد اور پھر لکھنؤ میں رونق آئی ۔ لیکن دہلی کی زبان کی سند اس وقت تک قائم ہو چکی تھی اور محاورۂ اردوئے معلیٰ شاہجہان آباد اس کا معیاری نمونہ قرار پا چکا تھا ۔ چنانچہ میر کے تذکرے میں زبان اردوئے معلیٰ کی ترکیب اور سند موجود ہے ۔ خود ولی اور ولی سے بہت پہلے شعراء اور نثرنگاروں کے جو نمونے ، مثلاً سلطان محمد قلی قطب شاہ کی کلیات اور 'ملا' وجہی کی ''سب رس'' (۱۰۴۵ھ) میں ملتے ہیں ، ان کے مقابلے میں شلزے کے نمونوں اور مثالوں کی زبان بہت اکھڑی اکھڑی ہے ۔ دوسرا سبب یہ ہے کہ شلزے کے مترجم نے اس میں جو حوالے اضافہ کیے ہیں وہ بھی بنگال کے جمع کردہ ہیں ، اور غالباً وہاں بھی کچھ ویسی ہی صورت پیش آئی جیسی شلزے کو تامل علاقے میں آئی تھی ۔

تحریری او ادبی زبان تک رسائی نہ ہونے کی بنا پر شلزے کا دار و مدار اور انحصار سنی ہوئی گفتگو پر ہے ۔ آج جدید لسانیات کے ماہرین کو صوتیات کے مطالعے کے لیے جو سائنسی آلات دستیاب ہیں اور صوتیات کے طریق مطالعہ نیز ایک بین الاقوامی صوتی املا کے تعین اور صوتیات کی تشریح کی اصطلاحات کی تدوین نے اس مرحلے کو بہت آسان بنا دیا ہے ۔ لیکن اٹھارویں صدی کے آغاز میں یہ صورت نہ تھی اور تجزیے کا دار و مدار صرف سماعت اور مروجہ املا میں اس کی تحریر پر تھا ۔ چنانچہ شلزے کی پہلی دقت اور دشواری یہی تھی ۔ اپنے دیباچے میں وہ خود اس احتمال کا اظہار کرتا ہے کہ ممکن ہے تلفظ کے سلسلے میں اس کو کہیں کہیں غلط فہمی ہوئی ہو ۔ دو ایسے ہی مقامات کا وہ خاص طور پر ذکر کرتا ہے ۔ ایک جگہ وہ ''ژ'' (جس کو وہ اپنے املا میں 'ج' لکھتا ہے) کے سلسلے میں لکھتا ہے کہ یہ حرف نہ تو جرمن 'G' کے مطابق ہے اور نہ ہی عبرانی سین یا شین ہے بلکہ ان دونوں کے درمیان کی ایک آواز ہے جو کسی قدر فرانسیسی 'G' یا انگریزی ''j'' سے ملتی ہے ۔ وہ خود اس آواز کو آخرالذکر کی صورت میں قابل قبول سمجھتا ہے ، حالانکہ یہ درست نہیں ہے ۔ یہ آواز اس طرح کی ہے جیسے انگریزی

azure میں 'z' کی یا pleasure میں 's' کی ہے جو در اصل خاص فارسی کی آواز ہے۔ اسی طرح شلزے کا یہ قیاس بھی درست نہیں کہ جو لوگ عربی فارسی سے واقف ہیں ان کے لیے اس آواز کی تمیز دشوار نہ ہوگی۔ حقیقت یہ ہے کہ عربی میں یہ آواز ہے ہی نہیں۔ صرف فارسی میں ہے اور اردو میں بھی صرف ان مستعار الفاظ میں ملتی ہے جو فارسی الاصل ہیں۔ دوسری آواز جس سے شلزے کو خاصی پریشانی ہوئی، ہائے ہوز اور ہائے حطی ہے۔ متن میں جا بجا اس سے ان آوازوں کے سمجھنے اور لکھنے میں غلطی ہوئی ہے؛ مثلاً 'محنت' کو وہ 'مہنت' لکھتا ہے۔ اسی طرح 'ط' اور 'ت' میں بعض اوقات اسے دھوکا ہوا ہے؛ مثلاً 'مضبوط' کو 'مظبوت' لکھا ہے۔ خیر اس قسم کی آوازوں میں خلط ملط کا سبب تو سمجھ میں آ جاتا ہے لیکن شلزے نہ معلوم کیوں ایک اور غلط فہمی کا شکار ہوا ہے۔ وہ لکھتا ہے کہ 'ہے' یعنی 'ہے' (بغیر نون غنہ) اور 'ہیں' دونوں کا تلفظ ایک ہی ہے؛ ظاہر ہے یہ بات درست نہیں ہے۔ اردو میں مصوتوں کی تعداد دس ہے اور ان میں سے ہر ایک کی ایک انفیائی شکل بھی ہے۔ اس طرح مصوتوں کی تعداد بیس ہو جاتی ہے۔ بعض مصنفین نے ہر مصوتے کی سادی شکل کو ایک شکل اور انفیہ کو ایک الگ مصوتہ شمار کیا ہے۔ یہ بحث الگ ہے اور ہمارے موضوع سے خارج ہے۔ چاہے تشریح کا اصول کچھ ہو، انفیہ کا وجود بہرحال مسلّم ہے۔

اسی طرح اردو کی ہائیہ آوازوں کو بھی شلزے نے الگ نہیں لکھا ہے اور نہ اردو حروف کی فہرست میں ان کو شامل کیا ہے۔ اور متن میں بھی ہائے ہوز اور دو چشمی کے فرق کو ملحوظ نہیں رکھا ہے حالانکہ دیوناگری رسم الخط کے نمونے میں، جو فارسی رسم الخط سے پہلے ہے، یہ حروف ہائیہ موجود ہیں۔ تعجب تو یہ ہوتا ہے کہ شلزے نے اس فہرست میں ٹ، ڈ اور ڑ کو بھی شامل نہیں کیا ہے۔ اور اس طرح اس کی فہرست میں صرف حسب ذیل بتیس حروف ہیں: ا ب پ ت ث ج چ ح خ د ذ ر ز ژ س ش ص ض ط ظ ع غ ف ق ک گ ل م ن و ہ ی۔ لیکن متن میں ایسے الفاظ کی مثالیں موجود ہیں جن میں یہ حروف آئے ہیں، مثلاً اونٹ، چھوٹا، لپیٹا، جھوٹ، ٹھاکر، ٹھنڈا، ساٹ (ساٹھ) اونسٹ (انسٹھ) باسٹ (باسٹھ) گھوڑا، کمھار باڑی، کڑا، سڑا، باڑی، ٹھاکر باڑی، کمہار باڑی، گال باڑی، ڈالنا، ڈھونا۔ ویسے تو ٹ کے لیے ت پر دو کی جگہ چار نقطے لگائے ہیں، ر پر چار نقطوں سے ڑ اور د پر چار نقطوں سے ڈ مقصود ہے لیکن کتاب میں املا کی یکسانیت نہیں ہے؛ مثلاً سڑا میں ر پر چار نقطے موجود ہیں، کڑوا کو کروا لکھا ہے۔ گھوڑا دونوں طرح لکھا ہے یعنی صرف 'ر' بھی اور ر پر چار نقطے بھی، گرتے پڑتے کو 'گرت پرت' لکھا ہے۔ چھوڑنا کو چھورنا، ڈھویا کو 'د' پر چار نقطوں سے لکھا ہے لیکن 'ڈالنا' کو 'دالنا' بھی لکھا ہے، 'ہونڈار' (بھیڑیا) کو 'ہوندار' لکھا ہے۔ غالباً اس کا سبب املا کی مشق کی کمی ہے؛ مثلاً فہرست میں 'ط' موجود ہے اور 'واسطے' کو بعض جگہ 'ط' سے لکھا ہے: مثلاً 'اس واسطے' لیکن کئی مثالیں 'ت' سے لکھنے کی بھی موجود ہیں؛ مثلاً 'واستے'، آنے کے واستے، بند ہونے کے واستے۔ حروفِ عطف کی بحث میں 'واسطے' کو مستقل اندراج بنا کر اس کی مثالوں میں بھی 'ط' سے لکھا ہے۔

بعض جگہ املا غالباً اس لیے مختلف نظر آتا ہے کہ سننے والے نے صرف جو سنا ہے اسی کو درج کر دیا ہے۔ مثلاً 'جگہ' کی مثال ہے: "خدا ہر جگہ میں رہتا ہے" ۔ یہاں 'جگہ' کی بجائے 'جگے' لکھا ہے۔ اسی طرح کی ہائیہ آواز کو نظر انداز کرنے کی اور بھی مثالیں ہیں۔ اور اس کے برعکس بعض مثالیں ایسی بھی ہیں جہاں اصل میں ہائیہ نہیں لیکن سننے میں اشتباہ کی بنا پر ہائیہ سے لکھا ہے مثلاً 'سنگ' (ساتھ) کو 'سنگہ' لکھا گیا ہے 'پیچھے' کو دونوں طرح لکھا ہے یعنی ہائیہ بھی اور محض 'چ' سے بھی - ہائیہ کی طرح یہی صورت انفی اصوات کی بھی ہے مثلاً 'مے' اور 'میں' کو الگ الگ حرف شمار کیا ہے۔ چنانچہ حروف کی بحث میں تین شکلیں 'می'، 'میں'، اور 'موں' لکھی ہیں، مثلاً 'بیچ می' بجائے 'بیچ میں'، 'ہات می' بجائے 'ہاتھ میں'، 'کلکتہ می پہونچا ہی'، یعنی کلکتہ میں پہنچا ہے - ہمزہ کا استعمال بھی نہیں ہے: "جہاز پر سارے بھی چڑ گیے" ۔

املا کی بعض خصوصیات کا اندازہ اس بحث سے ہو گیا ہوگا - چند اور خصوصیات املا کی ایسی ہیں جو بعض پرانی تحریروں میں مشترک ہیں؛ یعنی یائے معروف اور یائے مجہول کی الگ الگ صورتیں نہیں ہیں - اردوئے قدیم کے املا میں ک اور گ میں بھی تمیز نہ تھی - شلزے نے اس کا خاص طور پر اہتمام کیا ہے اور 'ک' پر مرکز کے علاوہ تین نقطے اور لگائے ہیں - اس طرح اس متن کے املا میں حسب ذیل خصوصیات ہیں:

۱- 'ٹ' کو کہیں 'ت' لکھا ہے لیکن اس کا املا 'ت' پر دو کی جگہ چار نقطوں سے ہے -

۲- 'ڈ' کو کہیں 'د' لکھا ہے لیکن اس کا املا 'د' پر چار نقطے لگا کر ہے -

۳- 'ڑ' کو کہیں 'ر' لکھا ہے لیکن اس کا املا ر پر چار نقطے لگا کر ہے -

۴- 'گ' کو 'ک' لکھ کر مرکز کے علاوہ تین نقطے مرکز کے ساتھ اوپر کی جانب لگائے ہیں -

۵- یائے معروف اور یائے مجہول میں تمیز نہیں ہے -

۶- ہائیہ آوازوں میں اکثر بجائے ہائیہ سادہ آوازوں کو لکھا ہے- جہاں ہائیہ ہے بھی وہاں ہائے ہوز ہے، ہائے ملفوظی نہیں ہے -

۷- انفیہ آوازوں میں اکثر انفیہ کو نظر انداز کر دیا ہے -

۸- اکثر 'ط' اور 'ت' میں فرق نہیں کیا ہے -

۹- املا بعض اوقات صوتی ہے -

۱۰- سماعت پر اعتبار کرکے بعض الفاظ کا املا غلط لکھا ہے، مثلاً 'مہنت' بجائے 'محنت' 'مناع' بجائے 'منع'، 'صواب' بجائے 'ثواب' -

جیسا کہ مقدمہ' قواعد سے ظاہر ہے، شلزے نے یہ قواعد لاطینی میں لکھی تھی۔ اس کے کئی اسباب تھے؛ اول تو یہ کہ لاطینی کا جاننا مشنریوں کے لیے تقریباً لازمی تھا بلکہ کسی قدر اب بھی ہے۔ دوسرے لاطینی کی حیثیت ایک علمی زبان کی تھی اور اعلیٰ درجے کے علمی کارناموں کے لیے لاطینی کا استعمال عام تھا۔ لاطینی کا رواج عام نہ رہا تب بھی علوم و فنون کی زبان میں اس کا سکہ رواں رہا اور آج تک ہے۔ جدید علوم و فنون کی اکثر و بیشتر اصطلاحیں لاطینی یا یونانی میں ہیں اور لاطینی مادوں، سابقوں، لاحقوں کی مدد سے جدید اصطلاحات کے بنانے کا سلسلہ ہنوز جاری ہے۔ ایک اور سبب لاطینی اختیار کرنے کا یہ تھا کہ خود انگریزی قواعد کا ڈھانچا اٹھارویں صدی عیسوی تک لاطینی قواعد کے نمونے پر قائم تھا اور یہی قواعد نویسوں کے نزدیک قواعد نویسی کا ایک معتبر اور مستند نمونہ تھا۔ یہی وجہ ہے کہ اکثر اصطلاحات انگریزی قواعد کی اصطلاحیں لاطینی قواعد سے زیادہ متعلق ہیں۔ اردو کے لیے یہ ڈھانچا تو اور بھی اجنبی تھا لیکن شلزے کے لیے اس سے مفر کا کوئی راستہ بھی نہیں تھا۔ اس کے باوجود تعجب ہوتا ہے کہ اس نے اپنے مباحث کی تقسیم اور ان کی ترتیب بڑی حد تک اس طرح کی ہے جس طرح بہت بعد کے اردو کے قواعد نویسوں کے یہاں نظر آتی ہے۔ اس کا سبب بنیادی طور پر سوائے اس کے اور کیا ہو سکتا ہے کہ اردو اور انگریزی دونوں اپنی اصل نسل میں آریائی ہیں اور ان میں اتحاد و اشتراک کی بہت سی مثالیں بھی موجود ہیں۔ قدرتی طور پر بعض بنیادی مباحث ایسے ہیں جو ایک خاندان سے تعلق رکھنے والی مختلف زبانوں میں مشترک مل سکتے ہیں۔

افسوس ہے کہ شلزے کی اصل لاطینی کے مترجم اور اس کی تصریحات میں اضافہ کرنے والے قواعد نویس نے اپنے بارے میں مقدمے میں کچھ نہیں لکھا ہے۔ یہ البتہ معلوم ہوتا ہے کہ مترجم کے پاس کسی وقت لاطینی کا یہ مسودہ موجود تھا۔ اپنے حواشی میں مترجم نے لکھا ہے کہ شلزے کی لاطینی، کلاسیکی لاطینی کا کوئی مستند اور اچھا نمونہ نہ تھی بلکہ بعض مقامات پر اس میں اشکال و ابہام تھا اور کہیں لفاظی زیادہ تھی۔ چنانچہ مترجم نے اس کا لفظی ترجمہ کرنے کی جگہ اس کے اندراجات اور مفاہیم کو اپنے طور پر ادا کر دیا۔ بعد میں اس نے محسوس کیا کہ شاید یہ ترجمے کی دیانتداری کے خلاف ہو اس لیے اس نے ارادہ کیا کہ اصل مسودے کو سامنے رکھ کر جہاں تک ممکن ہو ترجمے کو اصل کے مطابق رکھے۔ لیکن اس وقت اصل لاطینی مسودہ اسے دوبارہ نہ مل سکا اور نہ وہ سمجھ سکا کہ یہ اصل کیسے غائب ہو گیا۔ بہرحال مترجم اعتراف کرتا ہے کہ اس نے ترجمے کو اسی طرح رہنے دیا، اور یہ توقع ظاہر کی کہ ممکن ہے کسی وقت اسے دوسرا لاطینی مل جائے یا کوئی اس سے بہتر یہ خدمت انجام دے سکے تاکہ جہاں اس نے دھوکا کھایا ہے یا اس سے غلطی سرزد ہوئی ہے اس کی بھی اصلاح ہو جائے۔

موجودہ نسخہ جو انڈیا آفس کے کتب خانے میں ہے اس کا نمبر نشان Ethe, Catalogue of Persian Manuscripts میں No. 2537, Press Mark 2531, Column 1362 ہے۔ مترجم کے مختصر ابتدائی تعارف کے خاتمے پر ایک سرخ مُہر ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ نسخہ

ایسٹ انڈیا کمپنی کے کتب خانے میں رہ چکا ہے ۔ مترجم کے بارے میں صرف اشارۃً اس بات کا پتا چلتا ہے کہ وہ ۱۷۶۱ع میں بنگال میں موجود تھا اور وہاں اس نے اس زبان کے بارے میں جو معلومات حاصل کی تھیں انہیں بھی شلزے کی تصریحات میں شامل کر دیا تھا ۔ شلزے نے خود جان جوشوا کیٹلر کی قواعد کا ذکر کیا ہے جو اس کی قواعد سے مقدم ہے لیکن اب وہ نایاب ہے۔ ہمارے سامنے شلزے کا نسخہ اور اس کے مترجم کے اضافے موجود ہیں اس لیے اردو کی قواعد کی یہ اولین کوشش ہے جو اب تک شائع ہوئی ہے ۔

خود شلزے اور اس کے مترجم کو اپنی خامیوں اور کوتاہیوں کا اعتراف ہے اور بلاشبہ اس میں جا بجا اغلاط موجود ہیں ۔ ان کے بارے میں حواشی اور تعلیقات میں تفصیل سے بحث کی گئی ہے اس لیے یہاں ان کا اعادہ ضروری نہیں ۔

میں نے اس کتاب کا مخطوطہ انڈیا آفس لائبریری میں جو اب کامن ویلتھ آفس لائبریری کہلاتی ہے ، اگست ۱۹۶۷ع میں دیکھنا شروع کیا ۔ اس زمانے میں مجھے دولت مشترکہ کی یونیورسٹیوں کی تنظیم Commonwealth Universities Association کی طرف سے ایک Senior Fellowship پر برطانیہ کی مختلف یونیورسٹیوں کے دورے ، لیکچر ، تدریس اور تحقیق کا کام کرنا تھا ۔ چھ مہینے کی اس مصروف زندگی میں اس مخطوطے کا صرف ۴۲ صفحہ تک مطالعہ کر سکا اور باقی کام پاکستان واپسی پر مائیکرو فلم سے کیا گیا ۔ یہ نسخہ جابجا نم زدہ ہے ۔ عبارت میں اکثر ترمیم کی گئی ہے۔ بعض عبارتوں کو قلمزد کر دیا گیا ہے ۔ سیاہی بھی ایسی استعمال کی گئی ہے جو کہیں کہیں اڑ گئی ہے ۔ پھر پوری کتاب ایسے قلم سے لکھی گئی ہے کہ کہیں پڑھنے میں دقّت ہوتی ہے ، بہت سے صفحوں میں عبارت کی تکرار ہے ۔ یہ حصہ اس جملے سے شروع ہوتا ہے :

Verbs in the Indian languages are conjugated by one general rule . . . .

اسی طرح اسم کی بحث میں جنس کی بحث نامکمل ہے اور درمیان سے صفحات غائب ہیں ۔ جہاں سے دوسری بحث شروع کی ہے اس سے پہلے عنوان ندارد ہے لیکن قلم اور سیاہی ایک ہی ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ کاتب اس کا ایک ہی ہے ۔

یہ عبارت مخطوطے کے صفحہ ۱۵۴ پر ہے حالانکہ یہی بحث پہلے مخطوطے کے صفحہ ۷۲ پر فعل کی بحث کے آغاز میں آئی ہے اور یہ تکرار فعل کی پوری بحث پر محیط ہے جو خاصی طویل ہے ۔ اس سے شبہ ہوتا ہے کہ شاید مترجم نے دو نسخے تیار کیے تھے اور یہ پہلا نسخہ ہے جس میں تصحیح اور حذف و اضافہ ہے اور اسی میں جلد بندی کے وقت دوسرے نسخے کے کچھ اجزا بھی شامل ہو گئے ۔ کسی اور کتب خانے میں شلزے کے اس ترجمے کا کوئی دوسرا نسخہ موجود نہیں ہے جس سے مزید مقابلہ اور تصحیح ممکن ہو اور نہ اصلی لاطینی موجود ہے جس سے شلزے کی اپنی تصریحات اور اس کے لاطینی متن کے انگریزی میں مترجم کے اضافوں کا اندازہ ہو سکے ۔

اس کے باوجود اردو قواعد نویسی کی تاریخ میں نقطۂ آغاز ہونے کی حیثیت سے اس کتاب کی بڑی اہمیت ہے۔ ۱۹۶۷ء میں لندن سے واپسی کے بعد میں اپنی اردو کی تاریخی قواعد کے حصۂ صرف کی تکمیل میں مصروف ہوگیا جسے بالآخر مارچ ۱۹۷۱ء میں مرکزی اردو بورڈ لاہور نے شائع کیا۔ اسی میں، میں نے شلزے کی قواعد کا بھی ذکر کیا تھا اور اس کے مرتّب کرکے شائع کرنے کا وعدہ بھی۔ چنانچہ ۱۹۷۲ء کے آخر میں اس کی تکمیل کی اور مرحوم حمید احمد خاں صاحب کی فرمائش پر اس کا مسودہ مجلس ترقی ادب کے حوالے کر دیا۔

آج مجھے مرحوم پروفیسر حمید احمد خاں بہت یاد آ رہے ہیں۔ وہ میری ہر تصنیف کی طباعت پر خوش ہوتے تھے اور میری ہمت افزائی کرتے تھے۔ میں ان کی اس قدردانی کو اپنی محنت کا صلہ سمجھتا تھا۔ انہوں نے ہی فرمائش کی تھی کہ میں اپنی کوئی کتاب مجلس کو اشاعت کے لیے دوں۔ مسودہ ان کی زندگی میں بھیج دیا گیا تھا اور اس کی طباعت شروع ہونے والی تھی کہ خاں صاحب کا انتقال ہو گیا۔ خدا ان کی مغفرت فرمائے۔ میں اس کتاب کو خاں صاحب کی یاد کی نذر کرتا ہے۔

طباعت اور اشاعت کے بعد کے مراحل مجلس کے ناظم جناب احمد ندیم قاسمی کی توجہ سے طے ہوئے ہیں۔ ان کی شرافت، محبت، خلوص اور علم سب کا معترف ہوں۔ مائیکرو فلم کے پڑھنے اور نقل کرنے میں مدد کے لیے میں اپنے عزیز اور شاگرد منیر فاروقی صاحب کا بھی شکر گزار ہوں۔

کراچی
جنوری ۱۹۷۷ء

ابواللیث صدیقی

فوائد

ہندوستانی[1] زبان کی جس کے مصنف بینجمن شلزینو یا شلزے ہیں ، ۳۰ جون ۱۷۴۱ء کو مدراس میں لکھی گئی اور بہ مقام ہال سیکسنی ۱۷۴۵ء میں طبع ہوئی ۔ اس میں وہ ملاحظات بھی شامل ہیں جو بنگال میں ۱۷۶۱ء میں جمع کیے گئے ۔

حاشیۂ مترجم (از لاطینی بزبان انگریزی)

میں سمجھتا ہوں کہ شلزے جرمن نژاد تھے اور شاہ ڈنمارک کے کرناٹک میں مبلّغ مشنری تھے ۔ اُن کا رسالہ لاطینی میں ہے جس سے یہ ترجمہ کیا گیا ہے ۔

مسٹر شلزے وہی شخص ہیں جنھوں نے مدراس میں ڈنمارک کے مشن کو شروع کیا اور اسے استحکام بخشا ۔ (دیکھیے : Gent. Mag. Vol. 15, June 1745, p. 306)*

مسٹر زیگنبلوگ جب ٹرینکوبار واپس پہنچے تو انھوں نے پوری انجیل کا ملاباری زبان میں ترجمہ شروع کیا جسے ۱۷۲۵ء سے پہلے مسٹر شلزے مکمل نہ کرسکے ۔

مسٹر شلزے کلیسا کے تین عہدہ داروں (Ministers of the Gospel) میں سب سے پرانے اور سرگرم کارکن تھے ۔ (دیکھیے : Gent. Mag. Vol. 15, June 1745, p. 361-362) ۔

[ص ۲] مسٹر شلزے نے اپنے فرائضِ منصبی کو غیر معمولی جدوجہد سے انجام دیا ۔ وہ ۱۷۲۶ء میں مدراس کے ایک خیراتی مدرسہ کو دوبارہ قائم کرنے کے لیے پہنچے**

مؤلف کا پیش لفظ†

اب بارہ سال[2] گزر چکے ہیں جب میں نے تلیگو زبان کے مبادیات پر ایک مختصر رسالہ لکھا تھا ۔ (یہ وہی زبان ہے جسے وروگی بھی کہتے ہیں اور جو ساحلِ مالابار کے شمال کی طرف بولی جاتی ہے) وہی اسباب جو اس وقت اس تالیف کی طباعت کے محرک ہوئے تھے انھی کی بنا پر

---

*افسوس ہے کہ تلاش کے باوجود یہ دستاویز دستیاب نہ ہو سکی ۔ یورپ کے کتب خانوں میں اس کی تلاش جاری ہے ۔ اور اگر دستیاب ہو گئی تو آیندہ اس کی تفصیلات پیش کر دی جائیں گی ۔ (ا ۔ ل)

** مُہر ایسٹ انڈیا کمپنی لائبریری ۔
مُہر انڈیا آفس لائبریری ۔

† یعنی شلزے کا پیش لفظ ۔

اب میں اس تالیف کے لیے آمادہ ہوا کیونکہ (ہندوستانی زبان*) یا زبانِ ہندوستان [ص A-۲] مغلِ اعظم کی پوری مملکت کی عام زبان ہے ۔ اس کے باشندوں کی اکثریت گمراہ (Pagan) ہے اور چونکہ ان بیچاروں کی نجات کا حضرت عیسیٰ کے وسیلے سے وعدہ کیا گیا ہے اور عہدنامۂ جدید ان کی روحوں کی قلب ماہیت کا بہترین ذریعہ ہے اور چونکہ داؤد کے گیت (Psalms of David) اور دانیال کی پیشین گوئیاں (Daniel's prophesies) ، تین بچوں کے گیت ، اور تاریخ سروانا ، دو بزرگوں کی ، اور بیل (Bel) اژدر کی اور اس کے ساتھ کتاب پیدائش کے پہلے چار ابواب کا پہلے ہی اس زبان میں ترجمہ ہو چکا ہے ، میں نے اپنے لیے لازم جانا کہ اسے مشنریوں کی دسترس تک پہنچانے کے لیے ، تاکہ وہ بغیر کسی زحمت کے اس میں مہارت حاصل کر لیں ، حتی المقدور پوری کوشش کروں اور اسے طبع کراؤں ۔

[ص ۳] بجائے خود اس زبان کا اکتساب آسان ترین ہے ، لیکن مجھے ابتدا میں سخت دشوار معلوم ہوا بالخصوص اُن زبانوں کے پیش نظر جن سے میں پہلے متعارف تھا ۔ اس کا سبب یہ تھا کہ میرا معلّم دوسری زبانوں میں مہارت نہیں رکھتا تھا اور صرف تامل [(Tamulic) جو تنجور کی زبان ہے] اور تلیگو میں اظہار و گفتگو کر سکتا تھا اور ان زبانوں میں بھی اس کی واقفیت بس واجبی ہی سی تھی ۔ اور وہ ان سوالات کا جو میں اس سے کرتا صاف اور واضح جواب دینے سے قاصر رہتا ۔ لیکن دو مہینے کی ذاتی کوشش ، اپنے شوق اور لگن سے میں ان مشکلات پر غالب آ گیا تو میں نے محسوس کیا کہ بالآخر میں نے اپنے راستے میں حائل خار و خس کو دور کر لیا ہے ۔ آغاز کار ہی سے میں نے اس زبان کے محاورے اور الفاظ کی ساخت پر خاص توجہ کی تھی ۔ اب مجھے احساس ہوا کہ میں نے اس قدر مواد فراہم کر لیا ہے کہ ایک قواعد مرتّب کر سکتا ہوں ۔ چنانچہ میں فوراً اس کی ترتیب میں مصروف ہو گیا ۔ اس کے بعد نحو اور تلفّظ کے نمونوں کا بھی اس میں اضافہ کیا گیا جو مختلف بولیوں کے مطابق تھے ۔ یہ جیسی بھی ہے میرا خیال ہے کہ مفید ثابت ہوگی ۔ اور کچھ نہیں تو اس کا اختصار اور افادیت پڑھنے والوں کو اس کے استعمال کی سفارش کریں گے ۔ ممکن ہے کہ اس کے چند ابواب اور ان کا اختصار بعض حضرات کے نزدیک قابلِ اعتراض ہو ، کیونکہ اختصار بہرحال کسی نہ کسی قدر اشکال یا ابہام بھی پیدا کرتا ہے ، لیکن اس زبان کی فطری نوعیت اس کی ذمہ دار ہے ۔ جہاں تک مرکبات بنانے اور اشتقاق کے قاعدوں کا (جو ہندوستان کی زبانوں کی خصوصیت ہے) تعلق ہے ، جو حضرات اس میں کسی قدر عبور حاصل کریں گے اُن کے لیے یہ زیادہ دشوار اور پیچیدہ مسئلہ ثابت نہ ہوگا ۔

یہ رسالہ چھ فصلوں[۳] پر مشتمل ہے ۔ پہلے باب میں حروفِ تہجی کا بیان ہے اور اس میں جدید[۴] اور قدیم دونوں رسم الخط شامل ہیں ۔ ان کے آموختہ اور حافظے کے لیے چند اسباق مشقوں کے بھی شامل کر دیے گئے ہیں ۔ دوسرے باب میں اسماء اور صفات کا بیان ہے ۔ اس میں اُن کی گردان ، صفات کی نوعیت اور اُن کے بنانے کے مختلف قاعدوں کا ذکر کیا گیا ہے ۔ اس میں ایک

---

* انگریزی Hindoostan tongue ۔

فہرست اُن اسماء اور صفات کی بھی شامل ہے جن کا استعمال بہت عام ہے ۔ ان میں اعداد بھی شامل ہیں ۔ تیسرے حصے کا موضوع ضمائر ہیں ۔ چوتھے حصے میں مفرد اور مرکب افعال کی بحث ہے ۔ پانچویں میں حرف کی بحث ہے جس میں حروفِ مابعد (Post positions) ، حرفِ تمیز ، ظرف ، حروفِ عطف ، حروفِ ندا وغیرہ شامل ہیں ۔ چھٹے حصے میں نحو سے بحث کی گئی ہے ۔ اور جہاں تک ممکن ہو قابلِ فہم بنانے کے لیے تلفّظ کے سلسلے میں کچھ اشارے بھی شامل کر دیے گئے ہیں ، اگرچہ مجھے شبہ ہے کہ شروع سے آخر تک میرا قیاس یا بیان بالکل درست ہے ۔ ایک مثال جو میرے سامنے ہے وہ حرف 'ج'[۵] کے بارے میں ہے ۔ اس کا تلفّظ نہ تو قطعاً جرمن G کے مطابق ہے اور نہ عبرانی سین یا شین کے مطابق ، بلکہ مجھے اس کی آواز فرانسیسی G یا انگریزی J کے قریب معلوم ہوئی ۔ میں نے اس آواز کو یہی آخری صورت دی ہے ۔ لیکن جو شخص فارسی یا عربی میں مہارت رکھتا ہے اسے کوئی دشواری پیش نہیں آئے گی ۔ اسی طرح حرف ہ (ہائے ہوز) کی آواز ہے جو ہائیہ ہے ۔ میں نے تلفظ میں اس کے فرق کو نظرانداز کر دیا ہے ۔ اس سلسلے میں آخری بات یہ ہے کہ 'ہے' اور 'ہیں'[۶] کے تلفظ میں کوئی فرق نہیں ۔ دونوں کا تلفظ یکساں یعنی 'ہے' ہی ہے ۔

یہاں اس امر کا اعتراف ضروری ہے کہ لائق و فاضل ڈیوڈ میلینو (David Millino) نے جو یوٹرکریٹ (Utrect) میں متبرک عتیقیات اور ایشیائی زبانوں کے پروفیسر ہیں ، اپنے متفرقات بابت سنہ ۱۷۴۳ع میں ہندوستانی قواعد کا ایک رسالہ شائع کیا تھا ۔ وہ خود اس کے مصنف نہیں تھے بلکہ اس کے مصنف محترم جان جوشوا کیٹلر[۷] تھے جو ڈنمارک کی ایسٹ انڈیا کمپنی کے مغلِ اعظم کے دربار میں سابق سفیر تھے ۔ جس زمانے میں وہ آگرہ میں مقیم تھے انھوں نے ہندوستانی زبان کے باب میں اپنے مشاہدات ڈچ زبان میں قلمبند کیے ۔ یقیناً انھیں یہ امتیاز حاصل ہے کہ انھوں نے اس زبان کو مشرقی زبانوں کے ماہر مستشرقین سے متعارف کرایا اور ان کی توجہ کا مرکز بنایا اور اس طرح ایک مبسوط رسالے کی تالیف کے لیے راہ ہموار کر دی جسے اب میں نے اضافہ کر کے مرتّب کیا ہے ۔ کیسا اچھا ہوتا کہ وہی فاضل مصنف ہندوستانی[۸] الفاظ کو فارسی رسم‌الخط میں بھی تحریر کر گئے ہوتے اور کچھ امور اس کے تلفظ کے باب میں بھی لکھ گئے ہوتے ۔ ممکن ہے کوئی اور شخص ان اغلاط کی تصحیح کر سکے جو میں نے اس فاضل مصنف کے متن متعلقہ ایمان ، دعائے مسیح اور مکالمہ میں کی ہیں ۔

رحیم و قدیر باپ کے لیے ہی ساری تعریف اور عظمت ہے جس نے تمام روحانی اور مادی نعمتیں بخشیں ۔ دعا ہے کہ وہ ہمیں اپنے کلام سے سرفراز کرے ۔ اور یسوع مسیح اپنے بیٹے کی سلطنت کو جلد قائم کرے ، اپنے ایماندار بندوں کو اپنے دشمنوں کے شر اور برائی سے بچائے اور اپنے اولیا (saints) کو ابدیت کی رحمت کے محلات میں مسرت بخش ابدی قیام عطا فرمائے ۔ آمین !

تاریخ ۳۰ جون ۱۷۴۱ع*

---

* اصل مسودے میں صفحہ ۹ سادہ ہے ۔

قسمتِ اول

مصنف کا دیباچہ

یہ زبان جس کے مبادیات کا میں ذکر کرنے والا ہوں ، یورپ کے لوگ اسے عام طور پر مورس[۹] (Moors) کے نام سے یاد کرتے ہیں لیکن اس کا صحیح اور اصلی نام ہندوستانی ہے ۔ مسٹر فریزر (Fraser) کی تشریح کے مطابق اس کی وجہِ تسمیہ لفظ 'ہندو' ہے جس کے معنی سیاہ ہیں ۔ یہ لقب ان ہندوستانیوں کو اولین مغول نے ، جو نسبتاً زیادہ گورے چٹے تھے ، اپنے سے ممتاز کرنے کے لیے دیا تھا ۔ چنانچہ اس ملک کے رہنے والوں ، اور یہاں کی زبان ، دونوں کو وہ ہندوستانی کہتے تھے ۔*

---

*حاشیۂ مصنف (ش) :

ہندوستان کی اصلی زندہ زبان کو ہندی یا ناگری یعنی مخلوط زبان کہتے ہیں ۔ یہ ہندی اور فارسی کے عناصر سے مرکب ہے ۔ تیمور کی فتحِ ہند کے بعد سے یہ ہندوستانی کہلاتی ہے اور ہم اسے مورس (Moors) کہتے ہیں ۔ یہ نام اسے پرتگالیوں نے بخشا تھا جو اسے موریوکو (Morvico) کہتے تھے ۔ یہ فارسی[۱۰] کی ایک علاقائی بولی ہے ، لیکن ہر صوبے میں یہ یکساں نہیں[۱۱] ہے ۔ ہر علاقے میں ، جہاں وہ بولی جاتی ہے ، اس کی بولیوں میں کم و بیش علاقائی اثرات کا نفوذ ہے جس کی وجہ سے وہ اپنی اصلی شکل و صورت اور آپس میں ایک دوسرے سے مختلف ہیں ۔ یہ اختلاف اس پر بھی منحصر ہے کہ کوئی علاقہ فارس[۱۲] کی سرحد سے کس قدر قریب یا دور ہے ۔ جس قدر کوئی علاقہ دارالخلافے سے دور ہے ، بالعموم اسی قدر زبان غیر۔معیاری[۱۳] ہوتی جاتی ہے ۔ یہ اسی طرح کی صورت حال ہے جیسی اُن بولیوں کی جو نارمنڈی ، بریطنی ، پوئیتان ، گینی اور پرووِنس کی فرانسیسی کے اختلاف کی ہے جب اس کا مقابلہ اس فصیح و بلیغ فرانسیسی سے کیا جائے جو ورسائی (Versai les) کے دربار میں بولی جاتی ہے ۔ یہی اختلاف ویلز (Wales) اور یورک شائر (Yorksh.re) کے تکلم میں پایا جاتا ہے ، اگر اس کا موازنہ انگریزی دربار اور اس کے علماء کی خانقاہوں میں بولی جانے والی زبان سے کیا جائے ۔

حاشیہ مترجم ش[۱۴] یہ قول درست نہیں کیونکہ اس ملک کو مغلوں کے حملے سے پہلے بھی ہند کہتے تھے ۔ اگر لغوی معنوں پر غور کریں تو بھی یہ صحیح نہیں کہ لفظ ہندو کے معنی کالے یا سیاہ فام کے ہیں ۔ نہ مغل جنوبی صوبوں کے ہندوؤں سے بہت زیادہ گورے ہیں ۔ اور شمالی علاقوں کے لوگوں کے مقابلے میں تو یہ بات اور بھی صحیح نہیں ۔

[ص ۸] اس وسیع مملکت میں استعمال ہونے والی زبان کے علائم اور حروفِ تہجی متعدد ہیں۔ ان میں قدامت اور احترام کے اعتبار سے ہندوی[۱۵] یا سنسکرت یا دیوناگر (Devenagar) اول ہے۔ یہ اب ایک مردہ رسم‌الخط ہے لیکن اس میں برہمنوں کے تمام اسرار و رموز، ادب اور ان کی دیومالا کا ذخیرہ ہے۔ دوسرا رسم‌الخط ہندی یا ناگری ہے، تیسرا بنگلہ ہے، چوتھا گرنکی اور تانگڑی (Taunkaree) پانچواں ہے۔ اس کے علاوہ کچھ اور بھی ہیں جو ساحل کورومنڈل، مالابار اور گجرات[۱۶] کے علاقوں میں رائج ہیں۔

ہندوی کے حروف جو نہایت قدیم زمانہ سے آج تک محفوظ رکھے گئے ہیں، عبرانی حروف سے مماثل ہیں[۱۷]۔ اُن میں سے بعض میں بہت ہی کم فرق ہے اور بعض میں تو بالکل ہی امتیاز نہیں۔

کتبِ مقدسہ میں جس عہد کا ذکر ہے اس میں یہودیوں کے دس قبائل کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ وہ قید کر لیے گئے تھے۔ عام خیال یہ ہے کہ اُن کو اُس ملک میں منتقل کر کے آباد کیا گیا جسے ہم جارجیا (Georgia) کہتے ہیں اور جو بحر کیسپین (Caspian sea) اور بحر ایوکسینا (Euxina) کے مابین واقع ہے، اس لیے گمان ہے کہ یہاں اور ہندوستان کے دوسری طرف بھی اُن علاقوں میں، جن کی سرحد بحر ہرکانین (Hyrcanian sea)* سے ملتی ہے، رہنے والوں نے جن کا اپنا کوئی رسم‌الخط نہ تھا، عبرانی[۱۸] سے اسے مستعار لیا۔ ہندوی زبان، جو عبرانی حروف استعمال کرتی ہے، اسے اس ملک کے باشندے جو اب بھی بے دین ہیں، اصل میں اسی کو دیوناگر کہتے ہیں۔ یہ زبان جدید ہندوستانی[۱۹] یا مورس سے مختلف ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ جب تیمور کے حملے کے بعد مسلمانوں نے ہندوستان کو فتح کیا تو دونوں قوموں کے میل جول سے ایک مخلوط زبان پیدا ہو گئی جو ہندوستانی کہلاتی ہے۔ چونکہ مغلوں نے اسے رواج دیا اور خود بھی اختیار کیا اور اس کے لیے انھوں نے اپنا رسم‌الخط برقرار رکھا، اس کا سبب یا تو ان کا فخر کا جذبہ تھا کہ انھوں نے اپنے ہی رسم‌الخط کو اختیار کیا یا محض تساہل کہ دوسرے رسم‌الخط کے سیکھنے کی زحمت نہ ہو جو مختلف اور مخصوص ہو۔ لیکن ہندوستانی زبان[۲۰] فارسی قدیم یا جدید نہیں ہے، نہ یہ بات درست ہے کہ اس کا ماخذ عربی ہے کیونکہ اس کے اسماء اور افعال کی گردان، اس کے صیغے، اس کی صرف و نحو اور اس کا تلفظ و لہجہ بالکل مختلف ہے۔ ان اہم خصوصیات میں وہ ان تمام مشرقی زبانوں سے مختلف ہے جو مستشرقین کے علم میں ہیں۔ سوائے تامل یا تیلگو[۲۱] کے جن سے وہ الفاظ کی ترتیب اور تقدیم و تاخیر میں مماثلت رکھتی ہے۔

---

*حاشیہ مترجم:

یہ بات سمجھنا ذرا مشکل ہے کہ مصنف مسٹر شلزے کی مراد اس علاقے سے کیا ہے جو بحرِ ہرکونین (Hyrconian sea) کی سرحد سے ملا ہے۔ یہ بحرِ ہرکونین موجودہ بحرِ کیسپین (Caspian sea) ہے جسے قدما ہرکانیا (Hyrcania) کہتے تھے۔ وہ گھیلیان (Ghileen)، میاندر (Mayander) اور استرآباد (Astrabad) کے صوبے کے مطابق ہے۔

تامل بولنے والوں کے بقول قدیم ہندوی[۲۲]، جسے منسکرت (Śhunscrit) یا دیوناگر کہنا زیادہ درست ہوگا، ہندوستان میں بولی جانے والی اُن تمام زبانوں کی اُم‌الالسنہ ہے جو فتح سے پہلے رائج تھیں۔ وہ زبانیں جو براہِ راست اس سے نکلی ہیں خاص تجزیہ اور تحقیق کی مستحق ہیں۔ اگر حروف کا مطالعہ کیا جائے تو بالبندی (Balbandic) جو مرہٹوں کی زبان ہے، اس سے قریب ترین ہے۔ اس کے بعد گجراتی ہے، پھر کنڑی اور سب سے آخر میں تلیگو[۲۳]۔ تاملی کی گرنتھک (Granthic) بولی ان بولیوں سے تدریجی طور پر ماخوذ ہے۔ بہرحال جب ہم غور کرتے ہیں تو معلوم ہوتا ہے کہ مغل اعظم کی سلطنت، جس میں ہندوستانی عام بولی جانے والی روزمرہ (vernacular) کی حیثیت رکھتی ہے، دور دراز علاقوں تک پھیلی ہوئی ہے، اس لیے یہ بالکل یقینی ہے کہ اس کی مختلف علاقائی بولیاں ہوں گی۔ جب مسلمانوں کا اقتدار بڑھا تو انھوں نے فارسی کو کاروباری زبان کی حیثیت سے ہر جگہ فروغ دیا تاکہ وہ عام ہو جائے لیکن اس کے ساتھ ہی قرآن کا مطالعہ بھی اُن کے لیے ضروری تھا اس لیے یہ کوئی تعجب کی بات نہیں ہے کہ اس وقت سے فارسی اور عربی کے الفاظ و اصطلاحات بھی ہندوستانی زبان میں شامل اور دخیل ہو گئیں[۲۴]*

---

* حاشیہ مصنّف:

مونث	میں کرونگی	ہمیں کرینگیاں
مذکر	توں کریگا	تومی کرینگے
مونث	توں کریگی	—
مذکر	اوں کریگا	اولو کرینگے
مونث	—	—

صیغۂ امر

واحد	جمع
کر	کرو
حاضر (حال مطلق)	(مستقبل مطلق)
کرکو	کرنے کا

[گردان معہ حروف کوں ، میں ، واسطے ، کرنیکوں ، کرنے میں ، کرنے دیو ، کرنے کے واسطے ۔]

نفی (احتمالی)

نہ کر سکا

[ص ۸۱] مصدر 'آوتا'۳۰۴

زمانۂ حال (مطلق)

	واحد	جمع
مذکر	(میں) آوتا	(ہم) آوتے
مونث	(میں) آوتی	(ہم) آوتیاں
مذکر	(توں) آوتا	(تومی) آوتے
مونث	—	—
مذکر	اوں) آوتا	(اونو) آوتے
مونث	—	—

حالیہ ناتمام

	واحد	جمع
مذکر	آوتا ہوں	آوتے ہیں
مونث	آوتی ہوں	آوتیاں ہیں
مذکر	آوتا ہے	آوتے ہیں
مولث	—	—
مذگر	آوتا ہے	آوتے ہیں
مولث	—	—

ماضی مطلق

	واحد	جمع
مذکر	آیا	آئے
مونث	آئی	آئیاں
مذکر	آیا	آئے
مونث	—	—
مذکر	آیا	آئے
مونث	—	—

زمانہ مستقبل

	واحد	جمع
مذکر	آونگا	آوینگے
مونث	آونگی	آوینگیاں
مذکر	آویگا	آوینگے
مونث	آویگی	-
مذکر	آویگا	آوینگے
مونث	—	—

صیغہ امر

واحد	جمع
آؤ	آؤ

حاضر (حال مطلق) — (مستقبل مطلق)

[ص ۸۲] آ کو ۲۰۳ — آنے کا

[گردان مع حروف کو ، میں ، واسطے ، آنے کوں ، آنے میں ، آنے دیو ، آنکے واسطے۔]

مصدر 'بندنا ہونا' (صیغہ مجہول)

زمانہ حاضر

	واحد	جمع
	بندنا ہوتا ہوں (میں)	بندنا ہوتے ہیں (ہم) (تم) (وے)
	بندنا ہوتا ہے (وہ) (تو)	—

ماضی (قریب)

	واحد	جمع
مذکر	بندنا ہوا (میں) (تو) (وہ)	بندنا ہوئے (ہم) (تم) (وے)
مونث	—	—
مذکر	,, (تو)	,, (تم)
مونث	—	—
مذکر	,, (وہ)	,, (وہ سب)
مونث	—	—

ماضی بعید

	واحد	جمع
مذکر	بندنا ہوتا تھا (میں)	بندنا ہوتے تھے (ہم)
مونث	—	—
مذکر	,, (تو)	,, (تم)
مونث	—	—
مذکر	,, (وہ)	,, (وہ سب)
مونث	—	—

زمانۂ مستقبل

	واحد	جمع
مذکر	ہندنا ہویگا (میں)	ہندنا ہوینگے (ہم)
مونث	—	—
مذکر	(تو)	(تم)
مونث	—	—
مذکر	(وہ)	(وہ سب)
مونث	—	—

صیغۂ امر

واحد	جمع
ہندنا ہو (تو)	ہندنا ہوا
مجہول (حال مطلق)	(مستقبل مطلق)
ہندنا ہو کو	ہندنا ہولیگا

[ص ۸۳] [گرداں مع حروف کوں ، میں ، واسطے ، ہندنا ہولیکوں ، ہندنا ہونے میں ، ہندنا ہونے کے واسطے ، ہندنا ہونے دیو۔]

احتمالی نفی

نہیں ہندنا ہونے سکا

مصدر "کراونا"۲۰۵

زمانۂ حاضر

	واحد	جمع
مذکر	(میں) کراتا	(ہم) کراتے
مونث	کراتی	(ہم) کراتیاں
مذکر	(تو) کراتا	(تم) کراتے
مونث	—	—
مذکر	—	(وہ) کراتے
مونث	—	—

حال (مطلق)

	واحد	جمع
مذکر	(میں) کراتا ہوں	(ہم) کراتے ہیں
مونث	(میں) کراتی ہوں	(ہم) کراتیاں ہیں
مذکر	(تو) کراتا ہے	(تم) کراتے ہیں
مونث	—	—
مذکر	(وہ) کراتا ہے	(وہ) کراتے ہیں
مونث	—	—

ماضی قریب

	واحد	جمع
مذکر	(میں) کرایا	(ہم) کرائے
مونث	کرائی	(ہم) کرائیاں
مذکر	(تو) کرایا	(تم) کرائے
مونث	—	—
مذکر	(وہ) کرایا	(وہ) کرائے
مونث	—	—

ماضی بعید

	واحد	جمع
مذکر	(میں) کراوتا تھا ۲۰۶	(ہم) کراوتے تھیں (تھے)
مونث	(میں) کراوتی تھی	(ہم) کراوتی تھیاں
مذکر	(تو) کراوتا تھا	(تم) کراوتے تھیں (تھے)
مونث	—	—
مذکر	(وہ) کراوتا تھا	(وہ سب) کراوتے تھیں (تھے)
مونث	—	—

[ص ۸۴]

زمانۂ مستقبل

	واحد	جمع
مذکر	(میں) کراونگا	(ہم) کراوینگے
مونث	کراونگی	کراوینگیاں
مذکر	(تو) کراویگا	(تم) کراوینگے
مونث	—	—
مذکر	کراویگا	(وہ سب) کراوینگے
مونث	—	—

صیغۂ امر

واحد	جمع
کرا	کراؤ

حال (مطلق)	مستقبل (مطلق)
کراو کو	کراوئیگا

[گردان مع حروف کوں ، واسطے وغیرہ ، کراونیکوں ، کراونے میں ، کراونے کے واسطے ، کراونے دیو ۔]

نفی احتمالی

نا کرائے سکا

مصدر 'دھولاونا'

زمانہ حاضر

	واحد	جمع
مذکر	(میں) دھولاوتا	(ہم) دھولاوتیں>۲۰
مولث	(میں) دھولاوتی	(ہم) دھولاوتیاں
مذکر	(تو) دھولاوتا	(تم) دھولاوتیں
مولث	—	—
مذکر	(وہ) دھولاوتا	(وہ سب) دھولاوتیں
مولث	—	—

[ص ۸۵]

زمانۂ حال (مطلق)

	واحد	جمع
مذکر	(میں) دھولاوتا ہوں	(ہم) دھولاوتے ہیں
مونث	(میں) دھولاوتی ہوں	(ہم) دھولاوتیاں ہیں
مذکر	(تو) دھولاوتا ہے	—
مونث	—	—
مذکر	(وہ) دھولاوتا ہے	—
مونث	—	—

ماضی (مطلق)

	واحد	جمع
مذکر	دھولایا	دھولائیں
مونث	دھولائی	دھولاییاں
مذکر	دھولایا	—
مونث	—	—
مذکر	دھولایا	دھولائیں
مونث	—	—

مستقبل

	واحد	جمع
مذکر	دھولاونگا	دھولاوینگے
مونث	دھولاونگی	دھولاوینگیاں
مذکر	دھولاویگا	دھولاوینگے
مونث	دھولاویگی	—
مذکر	دھولاوینگے (ویگا)	دھولاوینگے
مونث	—	—

صیغہ امر

واحد	جمع
دھولا	دھولاؤ

حال (مطاق)	مستقبل (مطاق)
دھولاوکو	دھولاونیکا

[گردان مع حروف کون ، نے ، میں ، واسطے ، دھولانیکوں ، دھولانے میں ، دھولانے کے واسطے ، دھولانے دیو ۔]

نفی (احتمالی)

نا دھولائے سکا

[ص ۸۶] مذکورہ بالا مثالوں سے فعل کی مختلف گردانوں کو زمانہ حال ، ماضی اور مستقبل کے صیغوں کے لیے منصرف کرنا کافی ہے ۔ بقیہ تمام صیغے اسی تصریف پر مبنی ہوتے ہیں ۔ دوسری گردان صیغہ حالیہ کے استعمال کی ہے ۔ تمیز یا متعلق فعل کے لیے حروف تو بھی ، تو ، سکا ، لگ ، ککو وغیرہ استعمال کرتے ہیں مثلاً ککو (کہ) کے استعمال کی مثالیں یہ ہیں : او آئے ککو[۲۰۸] ہمی سمجے (یعنی ہم جانتے ہیں کہ وہ آیا) ، اونی دی ککو مہیں سنیا (یعنی میں نے سنا کہ اس (مونث) نے دیا) ، اوں مر گے ککو سارے آدمیاں کہے (یعنی سب آدمی کہتے ہیں کہ وہ مر گیا) ، چھوٹھا بھائی بھاگ گیا ککو ہانرا باپ ہمکوں معلوم کیے (یعنی میرے باپ نے مجھے بتایا کہ چھوٹا بھائی بھاگ گیا) ، تیری بہن کوں کل بہا (بیاہ) ہوا ککو اب سنا ہوں (یعنی میں نے اب سنا ہے کہ تمھاری بہن کا کل بیاہ ہوا) ۔

۲۰۹'لگ' کی مثالیں

اوں آنے لگ مہیں یہاں رہونگا (یعنی ان کے آنے تک میں یہاں رہونگا) ، مرہٹا کے لگ اس ملک میں لڑائیاں رہینگی (یعنی جب تک مرہٹے یہاں ہیں اس ملک میں لڑائیاں رہینگی) ، [ص ۸۷] دولت مند بھیک دے لگ بھکاری کا رے (کھڑے) رہیگا (یعنی جب تک دولت مند بھیک دے بھکاری انتظار کرے گا) ، [۲۱۰]میری ماں کوں دیکے (دیکھے) لگ اوسے پس چلونگا (یعنی میں اپنی ماں کے پیچھے چلوں گا یہاں تک کہ میں اسے دیکھوں) ، اوں میرتے [۲۱۱] (مرتے) لگ انبھائی رہیگی (یعنی وہ مرتے وقت تک کنواری رہیگی) ، بادشاہ فرمائے لگ تھرکاناداراں امید سوں رہتا ہے (یعنی جب تک بادشاہ حکم فرمائے رعایا امید میں رہتی ہے) ۔

'نہوکا' (نہو کہ) کی مثالیں

ہمیں گناہاں نہیں کے سکا ہمنا کوچ۲۱۲ نگہبانی کرینگے او (یعنی ہمیں احتیاط کرنا چاہئے ایسا نہ ہو کہ ہم گناہ کریں)، اورے نہیں کہے سکا اوسے بول (یعنی اس سے کہو ایسا نہ ہو کہ وہ یہ کہدے)، ناپاک مند ۲۱۳میرے نزدیک نہیں آئے نہوکا دیک (یعنی دیکھ کہ ناپاک میرے نزدیک نہ آئے)، اوں گھڑے۲۱۴ میں نہیں گرے نہوکہ دیکا ہو (دیکھو ایسا نہ ہو کہ وہ گڑھے میں گرے)، بچے جھوٹ نہیں بولے نہوکا ۲۱۵ مناع (منع) کرو (یعنی منع کرو ایسا نہ ہو کہ بچے جھوٹ بولیں)، چوراں نہیں چورائے نہوکا دروازے بند کرنا (یعنی دروازے بند کرو ایسا نہ ہو کہ چور چوری کر لیں)۔

[ص ۸۸]

'تو' کی مثالیں

اونو پیسے نہیں دے تو کرنیکا کیا (یعنی اگر وہ پیسہ نہ دے تو کیا کر سکتا ہے)، اونو کھانا نہیں پکاوتا تو بھوک سوں رہنا (یعنی اگر وہ (مونث) کھانا نہیں پکاوے گی تو بھوکی رہیگی)، ادمیاں نہیں اعتبار کیے تو خراب ہوینگے (یعنی اگر آدمی ایمان نہیں لائینگے تو برباد ہونگے)، بھائی آیا تو خوب ہے (یعنی اگر بھائی آئے تو اچھا ہے)، باپ معاف کیے تو ساروں کوں خوشوقت رہینگا (یعنی اگر باپ معاف کر دے تو سب کے لیے خوشی ہوگی)، مہیں میرا۲۱۶ کام آج کیا تو آخر ہوویگا (یعنی اگر میں اپنا کام آج کر لوں تو ختم ہو جائیگا)۔

'تو بھی' کی مثالیں

جھوٹا سوگند کہایا تھا تو بھی اماں۲۱۷ (ایمان) نا لایا (یعنی اگرچہ جھوٹے نے قسم کھائی تھی تو بھی ایمان نہ لا یعنی اعتماد نہ کر)، فکرمند مسکرائے تو بھی اوس کوں خوشوقتی نہیں (یعنی اگرچہ فکرمند انسان مسکرائے تب بھی اسے مسرت نہیں)، مہوں۲۱۸ (مینہ) پڑا تو بھی اناج سستا کرنے کا نہیں (یعنی اگر بارش ہو بھی جائے تو بھی اناج سستا نہیں ہونیکا)، خوب آدمی [ص ۸۹] بیکاری ہو رہ تو بھی بد بخت نہیں (یعنی اچھا آدمی اگر غریب (کذا) بھی ہو تو بھی بد نصیب نہیں)، اولیا مر گئے تو بھی جیو سوں ہیں (یعنی اگر اولیا مر جائیں تو بھی زندہ ہیں)، حرامی عاجزی کیے تو بھی خاوند اوسے قبول کرتے نہیں (یعنی اگر حرامزادے عاجزی کا اظہار کریں تو بھی اللہ تعالیٰ اوسے قبول نہیں کرتا)۔

حصہ دوم

فعل کے مختلف زمانوں اور حالتوں کے صیغے بنانے کے قاعدے

افعال دو قسم کے ہوتے ہیں، ایک فعلی اور ایک اسمی۔ ایسے افعال کو میں فعلی کہتا ہوں جو سادہ اور اصلی ہوتے ہیں اور کسی اسم سے نہیں بنتے۔ اسمی سے میری مراد ایسے افعال ہیں جو یا تو کسی اسم سے بنتے ہیں یا افعال مرکبہ ہوتے کہ رہنا، ہونا، کرنا، دینا وغیرہ امدادی افعال سے مل کر

بنتے ہیں مثلاً آرام سوں رہنا ، بھوک سوں رہنا ، قدرت سوں رہنا ، مضبوط ہونا ، پاک ہونا ، اوپر ہونا ، انصاف کرنا ، مصلحت کرنا ، تعریف کرنا ، تعلیم دینا ، عقل دینا ، پیرا (پہرہ) دینا ۔

جس شخص نے مذکورہ بالا صیغوں کا غور سے مطالعہ کیا ہوگا اسے ان صیغوں کے بنانے میں کوئی دشواری پیش نہیں آئے گی ۔

[ص ۹۰]

مصدر

مصدر کی پہچان یہ ہے کہ اس کے آخر میں ہمیشہ 'نا' ہوتی ہے مثلاً 'لینا' ۔ اور انگریزی کی طرح یہ دوسرے افعال کے ساتھ مرکب بھی ہوتا ہے لیکن ایسی صورتوں میں اس کا یہ آخری رکن نا ، ے سے بدل جاتا ہے مثلاً ہم دینے نہیں سکتا[۲۱۹] (یعنی ہم نہیں دے سکتے) اور کبھی کبھی یہ علامت بالکل حذف بھی کر دی جاتی ہے مثلاً ہم دینے سکتا نہیں[۲۲۰] (یعنی ہم نہیں دے سکتے) ۔

مصدر کی گردان اسی طرح ہوتی ہے جس طرح اسم کی ہوتی ہے اور اس اعتبار سے یہ گردان انگریزی اسم (یا اسم موصوف ، منعوف) سے مطابقت کرتی ہے مثلاً نیکی کا کرنا ، نیکی کے کرنے کا ، نیکی کے کرنے موں (یعنی میں) ۔ گردان کے یہ صیغے ایک حد تک لاطینی اسم مصدر (gerund) سے مماثلت رکھتے ہیں مثلاً گئے ہیں لاونے کوں (لانے کے لئے گئے ہیں) ، ہات (ہاتھ) دھونے کا پانی ۔ اس سے افعال میں ظرف (زمانی و مکانی) کی صورت بھی بنتی ہے ۔ ہمارے آونے تک رہو (یعنی اس وقت تک رہو جب تک میں آؤں) ۔

زمانۂ حاضر

زمانۂ حاضر کی علامت 'تا' ہے مثلاً لیتا (یعنی میں لیتا ہوں) ۔ یہی علامت صیغہ غائب واحد مذکر کی بھی ہے (مثلاً وہ آتا ہے) ۔ مونث کے لیے یہ علامت 'تی' ہے ، مذکر جمع کی علامت 'تے' اور مونث جمع کی علامت 'تیاں' ہوتی ہے ۔

[ص ۹۱]

زمانۂ ماضی

صیغۂ متکلم میں واحد مذکر کی علامت 'یا' اور واحد مونث کی علامت 'ی' ہوتی ہے ۔ دوسرے صیغوں (یعنی حاضر و غائب) کے لیے علامت 'یہے' لاتے ہیں اگر مذکر ہو اور 'یہی' مونث واحد کے لیے ۔ تینوں صیغوں میں مذکر جمع کی علامت 'یے' اور مونث کی 'ییاں' آتی ہے ۔

زمانۂ مستقبل

صیغہ متکلم واحد مذکر کی علامت 'یاونگا' مونث کی علامت 'یاونگی' ، صیغہ حاضر مذکر واحد 'یویگا' مونث 'یویگی' ، تینوں صیغوں میں جمع مذکر 'یوینگے' اور جمع مونث 'یوینگیاں' آتی ہے ۔

فاعل (یا عامل) کے لئے علامت حاضر (مطلق) پہلی گردان سے مختلف ہوتی ہے - جبکہ اسے بطور صفت فاعل استعمال کیا جائے اور 'والا' یا 'ہارا' لگانے سے بنائی جاتی ہے مثلاً 'دینے والا'، اور اس کا مونث 'دینے والی'، لیکن جب ان کی صورت اصلی مفقود ہو تو ان کی گردان بھی مثل اسم کے ہوتی ہے مثلاً دینے والوں، دینے والیاں، دینے ہارا اور یہ صیغے زیادہ استعمال ہونے والے نہیں ہیں -

اسم مفعول کے لئے بھی (جب اس میں بھی صفت فعل شامل ہو) یہ علامت اسی طرح استعمال ہوتی ہے جیسے ذکر کیا گیا جب 'ہونا' کا مفعول اس کے ساتھ ملا دیا جاتا ہے -

اسم مفعول 'کرنا' سے بنا کر اور کسی دوسرے فعل سے ملا کر فعل مرکب بناتے ہیں لیکن ایسی صورت میں اسم مفعول میں معنی کا فرق پیدا نہیں ہوتا مثلاً کھایا (یعنی کھایا ہوا) اور 'کرنا' سے 'کھایا کرتا تھا' -

[ص ۹۲] ایک صورت یہ بھی ہوتی ہے کہ مصدر کی علامتِ مخصوص موجود نہ ہو یا امر واحد کے صیغے کی علامت ہو تو اس سے بھی ایک فعل یا عمل مراد ہوتا ہے اور اس کے استعمال کی مخصوص حالتیں ہیں مثلاً اس کام کیے تے فائدہ ہوگا (یعنی یہ کام کیا تو فائدہ ہوگا) - ('کیے' جس میں علامت مصدر 'نا' کی جگہ 'یے' ہے)، حکمت کے چابک بن مارے بدن کا سرکش گھوڑا سیدھا نہیں ہوتا ہے، ہمارے حکم بغیر تیں (تو نے) کیوں دیا ہے، جو ایک تیر کہ تیر انداز کی شست سے چھوٹتا ہے سر کو پٹک اور افسوس کر کے وہ تیر نہیں پھرتا ہے[۲۲۱] -

ماضی معطوف علیہ

اس کے بنانے میں فعل کے ساتھ 'کرنا' فعل امدادی لگا کر مرکب بناتے ہیں اور اس سے مفہوم ایک مستقبل مطلق کا پیدا ہوتا ہے مثلاً اوس کتاب کو پڑھ کے تم اور کتاب پڑھنے کو سیکھو گے (یعنی جب تم یہ کتاب ختم کر لو گے تو تم دوسری کتاب پڑھ لوگے— پڑھنا + کرنا — پڑھ کے) اکثر عطف کے ساتھ اس میں امر یعنی حکم کے معنی بھی پیدا ہوتے ہیں مثلاً جایکرے [ص ۹۳] آؤ (یعنی جاؤ اور لاو— جانا + کرنا)، لاطینی اور انگریزی میں جو مطلب حال مطلق کے صیغے کے استعمال سے ظاہر کرتے ہیں وہ اس زبان (یعنی ہندوستانی) میں ماضی معطوف الیہ سے ادا ہوتا ہے - ہندوستانی میں کہینگے، جواب دے کر کہا (یعنی پہلے جواب دیا اور پھر کہا) کبھی اسے تمیز یا ظرف فعل کے لئے بھی استعمال کرتے ہیں مثلاً کام ٹھہرایکر کرو (یعنی غور سے کام کرو)، سچ کر کے بوجنا (بوجھنا) بہتر کر بوجنا (بوجھنا) وغیرہ - بعض اوقات اس ساخت میں ایک جزو حذف بھی کر دیتے ہیں مثلاً بجائے آ کے پہونچا صرف آ پہونچا اور بجائے جا کے پہونچا صرف جا پہونچا استعمال کرتے ہیں -

مصدر سے مستقبل بنانے میں گردان اسی طرح ہوتی ہے مثلاً ینگا، ینگی اور جمع کے لیے یے اور یاں (یعنی ینگے اور ینگیاں) -

طور مجہول (فعل کا)

فعل کا طور مجہول بنانے کے لیے ہونا ، کرنا ، جانا کے امدادی افعال کو استعمال کرتے ہیں ۔ ماضی مطلق کے ساتھ مثلاً جانا سے گیا امدادی فعل اور لکھنا سے ماضی مطلق لکھا ۔ طور مجہول میں اس کی صورت اور گردان اس طرح کی جائے گی ۔

لکھا جانا ، لکھا جاتا ہے ، لکھا گیا ، لکھا گیا ہے ، لکھا جائے ۔

بے قاعدہ (سماعی یا شاذ) افعال

یہ صرف چار ہیں جن کی گردان عام افعال کی گردان کے قاعدوں سے مختلف ہوتی ہے : (۱) جایا (سے گیا) (۲) کرنا سے کر کر ، کر کے ، کیجے ، کریے[۲۲۲] (کرنا سے کیا) مرنا سے موا[۲۲۳] ہوا (یعنی مرا ہوا) مرتا ہے وغیرہ (۳) کھانا سے کھاتا ہے ، کھایا ، لیکن آخری مثال کھانا کی بھی در اصل بے قاعدہ یا سماعی نہیں کہی جا سکتی کیونکہ اس میں بھی یہ قاعدہ نظر آتا ہے کہ بجائے آ یا وا کے یا لگا دیتے ہیں ۔ مثلاً :

مصدر	ماضی مطلق	ماضی مطلق
دھونا	دھوا	دھویا
سونا	سوا	سویا
کھونا	کھوا	کھویا
رونا	روا	رویا
ڈھونا	ڈھوا	ڈھویا
ٹوہنا	ٹوا	ٹویا

دوہونا (یعنی دودھ نکالنا) قاعدے کے مطابق ہے اور اس سے ماضی مطلق 'دوہا' بنتا ہے ۔ باقی تمام افعال کی گردان اس طرح ہوتی ہے جیسی 'دینا' کی مثال سے ظاہر ہے ۔

[ص ۹۵ خالی]

[ص ۹۶]

افعالِ مرکبہ

سادہ افعال میں علامت مصدر 'نا' کو بدل کر 'اونا' یا 'لاونا' لگانے سے بناتے ہیں ۔ اس سے یہ افعال (لازم) متعدی ہو جاتے ہیں اور اگر پہلے سے متعدی ہو تو متعدی المتعدی بن جاتے ہیں یا متعدی ہونے کے مختلف مدارج کو ظاہر کرتے ہیں مثلاً دینا سے دلاونا ، پینا سے پلاونا ، کھانا سے کھلاونا ، کہنا سے کہلاونا ، سیکھنا سے سکھاونا ، رکھنا سے رکھاونا[۲۲۴] ۔

ان کی گردان اس طرح ہوتی ہے کہ مصدر کی علامت میں سے الف کی جگہ 'یے' لگاتے ہیں۔
دلاونا ، دلاوں ، دلاوتا ، دلایا ، دلاو ، دلا کر ، دلائے کر۔

اس طرح کے مرکب (متعدی) افعال سے دوسرے مرکب (متعدی) زیادہ پیچیدہ یا دوسرے درجہ کے متعدی (یعنی متعدی المتعدی) بنائے جاتے ہیں ، مثلاً سادہ فعل 'بنانا' سے بناونا ، بنائے لاونا ، بنوائے لاونا یا 'بلاونا' سے بلواونا ، بلوائے لاونا ، بلائے لاونا۔ متعدی المتعدی کے معنی یہ ہوئے کہ کسی دوسرے شخص سے کسی تیسرے شخص کو بلوایا۔

[ص ۹۷] **فعل لازم سے** متعدی افعال بنائے جا سکتے ہیں مثلاً پھرنا سے پھیرنا ، کھلنا سے کھولنا ، چرنا سے چیرنا ، (مرنا سے) مارنا ، کنھڑنا(؟) سے کنھیڑنا ، نکلنا سے نکالنا ، گھڑنا سے گاڑنا(؟) ، جھڑنا سے جھاڑنا ، کٹنا سے کاٹنا ، دبنا سے دابنا ، چھدنا سے چھیدنا ، لٹنا سے لوٹنا ، ستنا سے سوتنا[۲۲۵]۔

(یہاں اصل مؤلف کو غلط فہمی ہوئی یا مترجم نے دھوکا کھایا۔ مندرجہ بالا مثالیں لازم سے متعدی بنانے کی نہیں بلکہ اس کے برعکس متعدی سے لازم بنانے کی ہیں)۔

فعل لازم کے ساتھ (امدادی) فعل 'جانا' لگا کر بھی یہی معنی پیدا ہوتے ہیں مثلاً 'مرنا' سے 'مر جانا' مر گیا یعنی موا۔

متعدی بنانے کی ایک اور شکل ہوتی ہے مثلاً پھٹنا پھاڑنا سے ، چھوٹنا چھوڑنا سے ، ٹوٹنا توڑنا سے۔ اس استثنیٰ کی ایک مثال 'جتنا جوڑنا سے[۲۲٦] ہے جس کی متعدی جتاونا یا جوڑاونا ہے۔

افعالِ مرکبہ

یہ ایسے افعال ہوتے ہیں جو اولاً دو یا دو سے زیادہ افعال سے ملا کر بنائے جاتے ہیں مثلاً لاونا ، لینا یا اونا سے ملا کر پکڑ لاونا ، پکڑنا اور لاونا سے ، اوچا (اونچا) چڑنا ، اوپر جانا + چڑھنا سے ، گزرا چلا جانا ، گزرنا + چلنا + جانا سے ، مار ڈالنا ، مارنا + ڈالنا سے ، کاٹ ڈالنا ، کاٹنا + ڈالنا سے۔

افعال مرکبہ کی دوسری صورت اسم اور فعل کی ترکیب سے بنتی ہے ، مثلاً خوشوقت [ص ۹۸] رہنا ، رہنا سے ، کھڑا رہنا رہنا سے ، ہونا + دلگیر سے دلگیر ہونا ، حاضر سے حاضر ہونا ، (سوار سے) سوار ہونا ، بوڈھا سے بوڈھا ہونا ، رخصت سے رخصت ہونا ، (اتفاق سے) ایک اتفاق ہونا ، کرنا سے خبردار کرنا ، قسمت کرنا ، معلوم + کرنا سے معلوم کرنا ، ظلم + کرنا سے ظلم کرنا ، فکر + کرنا سے فکر کرنا ، حساب ، حساب کرنا ، جگہ ، جگہ کرنا ، سنوارنا سے پوتھی(؟) سنوارنا (یعنی فرصت یا دولت جمع کرنا) پریشان سنوارنا ، روشن سنوارنا ، اسی طرح فرماونا سے رخصت فرماونا ، قصد سے قصد فرماونا ، دینا سے پھانسی دینا ، گالی دینا ، قرض دینا ، تہمت دینا ، رکھنا سے دوست رکھنا ، نام[۲۲۷] رکھنا ، کینہ رکھنا ، قدم رکھنا ، فائدہ

رکھنا ، مارنا سے گپ[۲۲۸] مارنا ، دم مارنا ، برابر کا دم مانا ، کھانا سے مار کھانا ، گالی کھانا ، گالی کھلاونا ، یا پاونا سے جگہ پاونا ، آزار پاونا ، خواب پاونا ، آرام پاونا ، یا لے جانا سے [۲۲۹]رشک لے جانا ، [۲۳۰]دشمنگی لے جانا ، یا لگنا سے خوب لگنا ، ہمارا دل لگتا ہے ، [۲۳۱]لگنا کی ترکیب سے ایک اور معنی بھی پیدا ہوتے ہیں مثلاً اوٹھنے لگا ہے (یعنی ابھی اٹھنا شروع کیا ہے) جونہی کہنے لگا ہے ، یا جاڑا لگا ہے ۔

[ص ۹۹] بعض مرکب افعال ایسے بھی ہوتے ہیں جو اپنے سادہ معنوں میں معروف کے دوسرے درجہ (مجہول) کا مفہوم رکھتے ہیں مثلاً مانگنا سے منگاونا ، بولنا سے بولاونا ۔ تاہم اس واضح فرق کے باوصف یہ عین ممکن ہے کہ منگاونا کی ترکیب مانگ کر + اونا (یعنی آنا) اور بلاونا کی ترکیب بول + او ہے (شلزے یا اس کے مترجم کو یہاں یقیناً غلط فہمی ہوئی ہے) ۔

فعل امر

فعل کی صورت امر کے لیے یہ کلمات لاتے ہیں ، بوجھے(؟) چاہئے ، ہوگا ، لازم ہے ، ضروری ہے ۔ ان کے علاوہ صرف ہے اور تھا بھی حالت مفعولی کے لئے مثلاً ہم کو کرنا ہے ، تم کو کرنا ہوگا[۲۳۲] ، تم کو کرنا تھا ۔

جن حضرات نے سطور بالا کا غور سے مطالعہ کیا ہوگا اُن پر افعال کی گردان کی مختلف صورتیں اور سادہ افعال واضح ہو گئے ہونگے ۔ تاہم مزید وضاحت کے لئے ایسے افعال کی جو عام طور پر کثیرالاستعمال ہیں حاضر ، غائب اور مستقبل کے صیغوں کی مثالیں ذیل میں درج کی جاتی ہیں: جیونا جیوتا جیویا[۲۳۳] (ماضی) جیونگا (متکلم) جیویگا (حاضر واحد) جیوینگے (جمع غائب) ۔

[ص ۱۰۰] مرنا مرتا مریا — مرونگا مریگا مرینگے
کھانا کھاتا کھایا — کھاونگا کھاویگا کھاوینگے
پینا پیتا پییا[۲۳۴] — پیونگا پیویگا پیوینگے
پلاونا پلاوتا پلایا — پلاونگا پلاویگا پلاوینگے
بیٹھنا بیٹھتا بیٹھا — بیٹھونگا بیٹھیگا بیٹھینگے
سننا سنتا سنیا — سنونگا سنیگا سنینگے
[ص ۱۰۱] کہنا کہتا کہیا — کہنگا (کہونگا) کہیگا کہینگے
دیکھنا دیکھتا دیکھا — دیکھونگا دیکھیگا دیکھینگے
چلنا چلتا چلا[۲۳۵] — چلونگا چلیگا چلینگے
لکھنا لکھتا لکھا — لکھونگا لکھیگا لکھینگے
ڈھونڈنا ڈھونڈتا ڈھونڈا — ڈھونڈونگا ڈھونڈیگا ڈھونڈینگے
گننا گنتا گنا — گنونگا گنیگا گنینگے

[ص ۱۰۲] پوچھنا پوچھتا پوچھا — پوچھونگا پوچھیگا پوچھینگے

پوچھاونا (متعدی) پوچھاتا پوچھایا — پوچھاونگا پوچھاویگا پوچھاوینگے

پوکارنا پوکارتا پوکارا — پوکارونگا پوکاریگا پوکارینگے

رونا روتا روا[۲۳۶] — روونگا رویگا - روینگے

رولاونا رولاوتا رولایا — رولاونگا رولاویگا رولاوینگے

[ص ۱۰۳] اونا اوتا ایا — اونگا اویگا اوینگے

ہلنا ہلتا ہلا — ہلونگا ہلیگا ہلینگے

سونگنا سونگتا سونگھا — سونگونگا سونگیگا سونگینگے

سونگاونا سونگاوتا سونگایا — سونگاونگا سونگاویگا سونگاوینگے

سمجنا سمجتا سمجا — سمجونگا سمجیگا سمجینگے

[ص ۱۰۴] پکڑنا پکڑتا پکڑا — پکڑونگا پکڑیگا پکڑینگے

کھولنا کھولتا کھولا — کھولونگا کھولیگا کھولینگے

پکنا پکتا پکا — پکونگا پکیگا پکینگے

پکاونا پکاوتا پکایا — پکاونگا پکاویگا پکاوینگے

نچوڑنا نچوڑتا نچوڑا — نچوڑونگا نچوڑیگا نچوڑینگے

[ص ۱۰۵] پہننا پہنا پہنایا — پہنونگا پہنیگا پہنینگے

پہناونا پہناوتا پہنایا — پہناونگا پہناویگا پہناوینگے

دوڑنا دوڑتا دوڑا — دوڑونگا دوڑیگا دوڑینگے

دوڑانا دوڑاتا دوڑایا — دوڑاونگا دوڑاویگا دوڑاوینگے

ڈرنا ڈرتا ڈرا — ڈرونگا ڈریگا ڈرینگے

[ص ۱۰۶] ڈراونا ڈراوتا ڈرایا — ڈراونگا ڈراویگا ڈراوینگے

پھرنا پھرتا پھرایا(؟) — پھرونگا پھریگا پھرینگے

[۲۳۷]ہنسنا ہنستا ہنسا — ہنسونگا ہنسیگا ہنسینگے

لیاونا لیاوتا لیایا — لیاونگا لیاویگا لیاوینگے

سیکنا (سیکھنا) سیکتا سکھایا (سیکھا) — سیکونگا سیکیگا سیکینگے

[ص ۱۰۷] سکلاونا ، سکاونا سکلاوتا سکلایا — سکلاونگا سکلاویگا سکلاوینگے
ڈالنا ڈالتا ڈالا — ڈالونگا ڈالیگا ڈالینگے
رکھنا رکھتا رکھا — رکھونگا رکھیگا رکھینگے
ملنا ملتا ملا — ملونگا ملیگا ملینگے
ملاونا ملاوتا ملایا — ملاونگا ملاویگا ملاوینگے
[ص ۱۰۸] تڑخنا تڑختا تڑخا — تڑخونگا تڑخیگا تڑخینگے
ماپنا (ناپنا) ماپتا ماپا — ماپونگا ماپیگا ماپینگے
اوڑنا (اڑنا) اوڑتا اوڑا — اڑونگا اڑیگا اڑینگے
اوڑاونا اوڑاوتا اوڑایا — اڑاونگا اڑاویگا اوڑاوینگے
۲۳۸ بینا (بُنا) بینتا بینا — بینونگا بینیگا بینینگے
[ص ۱۰۹] بِناونا بناوتا بنایا — بِناونگا بناویگا بناوینگے
جاننا جانتا جانا — جانونگا جانیگا جانیگے
پالنا پالتا پالا — پالونگا پالیگا پالینگے
۲۳۹ پالاونا پالاوتا پالایا — پالاونگا پالاویگا پالاوینگے
ازمانا ازماتا ازمایا — ازماونگا ازماویگا ازماینگے
[ص ۱۱۰] سکھنا سکھتا سکھا — سکھونگا سکھیگا سکھینگے
نکالنا نکالتا نکالا — نکالونگا نکالیگا نکالینگے
جننا جنتی جنی — جنونگی جنیگی جنینگیاں
برسنا برستا برسا — برسونگا برسیگا برسینگے
بھرنا بھرتا بھرا — بھرونگا بھریگا بھرینگے
[ص ۱۱۱] پڑھنا پڑھتا پڑھا — پڑھونگا پڑھیگا پڑھینگے
تھونکنا ۲۴۰ (تھوکنا) تھونکتا تھونکا — تھونکونگا تھونکیگا تھونکینگے
سوکھنا سوکھتا سوکھا — سوکونگا سوکھیگا سوکھینگے
۲۴۱ موچنا (بند کرنا) موچتا موچا — موچونگا موچیگا موچینگے
کھودنا کھودتا کھودا — کھودونگا کھودیگا کھودینگے

[ص ۱۱۲] مارنا مارتا مارا مارونگاماریگا مارینگے
اوترنا (اترنا) اوترتا اوترا اوترونگا اوتریگا اوترینگے
فرماونا فرماوتا فرمایا فرماونگا فرماویگا فرماوینگے
رگڑنا رگڑتا رگڑا رگڑونگا رگڑیگا رگڑینگے
پاونا (پانا) پاوتا پایا پاونگا پاویگا پاوینگے
[ص ۱۱۳] چھوڑنا چھوڑتا چھوڑا چھوڑونگا چھوڑیگا چھوڑینگے
گنواونا (گنوانا) گنواتا گنوایا گنواونگا گنواویگا گنواوینگے
ہونا ہوتا ہوا ہوونگا ہویگا ہوینگے
دیکھنا دیکھتا دیکھا دیکھونگا دیکھیگا دیکھینگے
سونپنا سونپتا سونپا سونپونگا سونپیگا سونپینگے
[ص ۱۱۴] پھیرنا (واپس کرنا) پھیرتا پھیرایا پھیرونگا پھیریگا پھیرینگے
لےجانا لےجاتا لےگیا لےجاونگا لے جاویگا لے جاوینگے

حصہ پنجم

حروف کے بیان میں

اس باب میں حروف کی پوری بحث کو اختصار کے ساتھ تمیز فعل وعطف اور گردانوں کے عنوان سے بیان کیا گیا ہے۔ اس زبان میں (انگریزی کی طرح) حروف کا استعمال اسماء سے پہلے نہیں ہوتا [مطلب یہ ہے کہ انگریزی کی طرح اس میں Preposition نہیں ہوتے بلکہ Postposition ہوتے ہیں]۔

بیان تمیز فعل کا (یعنی ظرف کا)

بعض ظرف سادہ ہوتے ہیں اور بعض مرکب۔ سادہ اور عام قاعدے کے مطابق استعمال ہونے والے حروف ظرف حسب ذیل ہیں :

اول ظرف زمان

(الف) اب، ابکوں[۲۲۲]، ابھی، ابھی نہیں، اب بھی، اتنا شتابی، اتنا مرتبہ، اتے بار، [ص ۱۱۵] آج کوں آج، آخر کوں، اس دن تک، اس وقت، اوس وقت، ایتل (ایتال)، ایتال کوں، (ب) برس کوں، بیگی، (پ) پرسوں، پھر کوں، (ت) تب تک، تبھی، توہن، تب کوں، تب تو، تب تک، تبیچ[۲۲۳]، ترسوں، تیسرا پہر، (ج) جب، جو، جب تک، جب ہی، جدھی، جب لگ، جتنا شتابی، جتنا مرتبہ، جس وقت، جلدی، (د) دن مے (میں)، [ص ۱۱۶] دوپہر، (ر) رات میں (س) سبان (صبح)، (ش) شام مے، شتابی، (ف) فجر، فی‌الحال،

(ک) کب تک ، کبھی ، کدھی ، کتنا مرتبہ ، کس وقت ، کس وقت تک ، کد ، کب ، ۲۴۴کدہی ، کد کد کوں ، کد کد بھی ، کل ، گھڑی ، گھڑی کوں ، کیتی بار ، کے مرتبہ ، (م) سہینا کوں ، (ہ) ہر وقت ، ہمیشہ ، ہنوز ۔

حروف ظرف مکان

(الف) اس طرف ، اس راہ ، اوس طرف ، اوس راہ ، اوپر سوں ، اودھر ، ایدھر ، ایلاڑ ، [ص ۱۱۷] اور بیلاڑ۲۴۵ ، (ب) بدل (بجائے) ، بھار (باہر) ، بھار کوں ، (پ) پرے ، پیلاڑ۲۴۶ ، (ت) تہاں ، (ج) جدھر ، جس طرف ، جس راہ ، جہاں ، جہاں تک ، (د) درمیانی ، (ک) کدھر ، کس طرف ، کون راہ ، کہاں ، کہاں کوں ، کہاں کو بھی ، کہاں تک ، کہیں ، کہیں نہیں ، کہیں تو بھی ، (و) ورے ، وہاں ، وہاں کوں ، وہاں سوں ، وہانچ ، (ہ) ہواں تک ، [ص ۱۱۸] یہاں تک ، (ے) یہاں ، یہاں کوں ، یہاں سوں ۔

حروف تمیز کیفیت

(الف) ۲۴۷اچھیترہ (اچھی طرح) ، ادگ ، اس وجہ ، اس واسطے ، اسی واسطے ، اکیلا ، اوسترہ (اوس‌طرح) ، اوس وجہ ، اوس واسطے، اورکیا ، آہستا آہستا (آہستہ آہستہ) ایسا ، (ب) برابر ، بہتر ، بھلا ، بہوت ، بیانوار (ظاہر) ، بیہودہ ، (پ) پھر کیا ، (ت) تتر بتر ، تحقیق ، تفسیر وار ، تمثیل ، تھوڑا تو بھی ، (ج) جرہ (ذرا ، تھوڑا) ، جس واسطے ، جس وجہ ، (ح) چوبکے (بے فائدہ) ، [ص ۱۱۹] (خ) خراب ، خوب ، خوب نہیں ، (د) دیغل (بھی) ، (ر) روبرو ، (ز) زیادہ ، (س) سارا تو بھی ، سراسر ، سچہ (سچ) ، (ک) کس سبب ، کس واسطے ، کس وجہ ، کس روش ، کس طرح ، کس ڈول ، کم ، (ل) ۲۴۸لا (بہ معنی نہیں) ، (م) ملکو۲۴۹ (مل کر) ، مفت ، مت ، [ص ۱۲۰] مقابلہ ، (ن) ناچیز ، نا ، نہیں ، (و) ویسا ، (ہ) ہرگز ، ہلو ہلو۲۵۰ (ہولے ہولے) ، ہمراہ ۔

حروف تمیز مقدار

(الف) انک بار (اکثر) ، انک ، اتے ، اوتک (اس قدر ، وہ سب ، یہ سب) ، اتنا ، اس قدر ، اوس قدر ، (ت) تتک (اس قدر) ، تتنا (اتنے) ، (ج) جتک بار ، جتے بار ، جتک ، جتنا ، جے ، جس قدر ، (ک) کتک بار ، کتے بار ، کتک ، کتنا ، کے ، کس قدر ۔

[ص ۱۲۱] مرکب حروف تمیز فعل حسب ذیل طریقوں سے بنائے جاتے ہیں :

آسانی سوں ، باطنی مے (باطن میں) ، بے تقصیر ، بے دھڑک ، بے فائدہ ، پلک میں ، پنہائی میں ، خواہش سوں ، در اصل مے (میں) ، دغا کے برابر ، دیوانیگی (دیوانگی) ، نہ ہو کہ ، سارے سوں بھی ، ساعت مے (میں) ، ظاہری مے (میں) ، لہمیں۲۵۱ مے (لمحے میں) ، مشقت سوں ، ہوشیاری سوں ۔

ان اور اس قسم کے حروف کے بعد اکثر حرف 'کہ' لگاتے ہیں ، خاص کر گفتگو میں ایسا کرتے ہیں ؛ مثلاً جیسا کہ نو سکہہ (نیا سیکھا ہوا) گھوڑا ، کس واسطے کہ ۔ یہ 'کہ' اس 'کے' سے مختلف ہے اس لیے ک اکثر اس طرح لکھتے ہیں کہ ہ کو محذوف کر دیتے ہیں لیکن عام طور پر لکھنے میں اسے ک کے ساتھ لکھتے ہیں کہ اس کا مطلب صفت ندائی ہوتا ہے جس کا مفہوم انگریزی میں یوں ہوگا "خدا اوس بندہ کہہ شاں موں فرمایا ہے کہ اے محمد" ۔

'To the honour of that servant God is pleased to Say 'Oh ! Mohammad !

فصل دوم

حروفِ عطف کا بیان

[ص ۱۲۲]

عام طور پر استعمال ہونے والے حروف عطف حسب ذیل ہیں :

بھی ، ککو ، واسطے ، نہیں تو ، اے نا ہو کو ، پن ، تو ، تو بھی ، آگے ، پیچھے ، گئے ، ہوئے تو ، ابھی ، اگرچہ ، او کیا کہے تو ، اس واسطے ، اس مقابلہ ۔

'بھی' کے استعمال کی مثالیں

میرا باپ قوت مند بھی دولت مند بھی ہے ، تیری ماں بہوت صوابی (زاہد) بھی نور والی (خوبصورت) بھی ہے ۔

'ککو' (کہ وہ)

اوں آئے ککو بھی قرض پھیرے ککو بھی ہمیں جانتے ہیں (کہ وہ قرض واپس کرنے آئے گا یہ ہم جانتے ہیں) ۔ اوں آدمیاں کوں بھیجے ککو بھی شہر بسائے ککو بھی ہمیں سنتے ہیں (ہم سنتے ہیں کہ انھوں نے آدمیوں کو بھیجا ہوگا کہ وہ شہر بسائیں) ۔

واسطے

توسی ایمان کی تعلیم کوں پرے (پڑھے) ہیں سو واسطے تمنا کوں عقل زیادہ ہے (چونکہ تم نے دین کی تعلیم حاصل کی ہے اس لیے تم میں عقل زیادہ ہے) ۔

[ص ۱۲۳] توسی اے کاماں کیے سو واسطے تومنا کوں مزدوری آنا (چونکہ تم نے یہ کام ختم کر لیا ہے اس لیے تمھارے لیے اسکا اجر آئے گا) ۔

نہی[۲۵۲] (نہیں) تو

توسی خاوند کے فرمودات لینا ، نہی تو جہنم مے جاوینگے ، (تم مالک کے احکام مانو نہیں تو جہنم میں جاؤ گے) ۔

اوں خوب کاماں کرنے ، نہی تو صاحب کے نزدیک رہے نا جائے (یعنی اگر وہ کام اچھا نہیں کرے گا تو مالک کے نزدیک نہیں رہ سکیگا) ۔

اے نا ہو کو (یہی نہیں کہ)

اللہ ساریاں کوں پیدا کیے اے نا ہو کو اس دن تک نگہبانی کرتے ہیں (یعنی اللہ تعالیٰ نے یہی نہیں کہ تمام انسانوں کو پیدا کیا بلکہ آج تک ان کی نگہبانی بھی کرتا ہے) ۔

طالب علم اس کتاب کوں لکھے اے نا ہو کو ایسے بیان کرتے ہیں ، (طالب علم نے اس کتاب کو لکھا بھی ، یہی نہیں کہ اسے زبانی بیان کیا) ۔

پن

اے اولیاء اللہ کوں کورنشات کرتا پن اورککوں تو بھی کرتا نہیں (یہ ولی ، اللہ کی عبادت کرتا ہے لیکن اور کچھ نہیں کرتا) ۔

اے شراب خور پیتا ہے پن اور کوچ بھی کرتا نہیں (یعنی یہ شرابی شراب خوری کرتا ہے لیکن اور کچھ نہیں کرتا) ۔

[ص ۲۴۴] اے چور پنڈت دغا دیتا ہے پن کوچ کام کرتا نہیں (یہ دغاباز برہمن دغا دیتا ہے لیکن کچھ کام نہیں کرتا) ۔

اے حرام خور ، حرام خوری کرتا پن وفاداری کرتا نہیں (یہ حرام خور ، حرام خوری کرتا ہے لیکن وفاداری نہیں کرتا) ۔

تو

کافراں ایمان کی تعلیم کوں ہات (ہاتھ) لیے تو نیک بخت والے رہیں گے (اگر کافر ایمان کی تعلیم کو ہات میں لیں تو نیک بخت ہونگے) ۔

گناہگاراں اپنے گناہ نہیں چھوڑے تو نیک بختی اونوں کوں آنے کا نہیں (گناہگار اگر اپنے گناہ نہیں چھوڑیں گے تو نیک بختی ان کو نصیب نہ ہوگی) ۔

تو بھی

ہمیں اندھیارے میں بیٹھے تو بھی خاوند ہماری روشنائی ہے (اگر ہم اندھیرے میں بھی ہوں تو بھی خدا ہماری روشنی ہے) ۔

خدا پرست لوگاں اس دنیا مے (میں) دکسوں (دکھ سے) رہے تو بھی اس پیچھے خوشوقتی سوں رہینگے (اگر خدا پرست لوگ اس دنیا میں دکھ سے رہے تو بھی اس کے بعد خوش وقت رہینگے) ۔

[ص ۱۲۵]

آگے

اللہ ہمناں کوں ۲۵۳تمبي (تنبیہ) کرنے کے آگے ہمی (ہمیں) تپس کر کو دل کو پھرانا (قبل اس کے کہ خدا ہمیں تنبیہ کرے ہمیں ریاضت کر کے اپنے دل کو پھرانا چاہیے)۔

آزار والا مر جانے کے آگے اوس کوں دارو دینا چھاہیے (بیمار کو مر جانے سے پہلے دوا دینی چاہئے) ۔

پیچھے

اے عالم اولنگ (اولانگ ، پھلانگ) کے پیچھے مدام رہنے کا جنت ہے (یہ دنیا گذر کر اس کے پیچھے ہمیشہ رہنے والی جنت ہے) ۔

تنہا خوری کا ہنگام آخر ہوئے پیچھے خوش حالی کے دن آنے کے ہیں (مصیبت (؟) کے دن ختم ہو کر خوش حالی کے دن آنے والے ہیں) ۔

کے

اونو (وہ) پیسے لے گے ککو پوچ (پوچھ) (پوچھ آیا وہ وو پیسے لے گئے) ساری بھی جماعت مے (میں) آئے کے نہیں گے ککو دیک (دیکھ) (دیکھو آیا سب وہ لوگ جمع ہو گے یا کہ نہیں) ۔

[ص ۱۲٦ سادہ]

حروف

[ص ۱۲۷] ایسے حروف جو لاطینی اور انگریزی میں حروف سابقہ (Preposition) کہلاتے ہیں مشرقی زبانوں میں یہ حروف لاحقہ (Postposition) کہلاتے ہیں کیونکہ یہ ہمیشہ اسم ، ضمیر ، فعل یا مصدر کے بعد لگائے جاتے ہیں اور یہ ان کا ایک آسان اور فطری ربط ہے ۔ بعض اوقات البتہ ایسا ہوتا ہے کہ فارسی کے بعض حروف بجائے بعد میں لگانے کے پہلے لگاتے ہیں لیکن ایسی مثالیں بہت کم ہیں ۔ اصل میں ابتداً ہندوستانی زبان میں یہ حروف نہیں تھے ، (یعنی اسم یا فعل میں علامتوں سے وہی کام لیتے تھے جو اب یہ حروف الگ حیثیت سے ادا کرتے ہیں) ۔ ان کی فہرست حسب ذیل ہے :

مے ، میں ، موں (میں ، اندر) ، درمیان ، بیچ ، بیچ مے (میں) ، کن (کنے ، پاس ، نزدیک) پر ، اوپر ، تلے ، نیچے ، ستی ، (ستے) ، سوں ، سے ، بھیتر ، اندر ، ساتھ ، سنگات ، سنگ ، ہمراہ ، شامل ، آگے ، پیچھے ، پو (پر) ، ہات مے (ہاتھ میں) ، ونھ ، تیں (تے ، سے) ، سامنے ، نزدیک ، میسوں (سے) ، واسطے ، تک ۔ ان کی مثالیں حسب ذیل ہیں :

فردوس مے (میں) رہنا خوب ہے ، خدا ہر جگے (جگہ) میں رہتا ہے ، کلکتہ مے (میں) پہونچا ہے ۔

[ص ۱۲۸] **موں**

شہر موں کہتے ہیں ، پیالہ موں ڈالو ، کتنے روپیہ موں مول لیا ہے ، مجکوں غمزہ مئے ہزار وجہ موں خونخوار ۔

بیچ ، بیچ مے ، درمیان

دنیا کے بیچ ، اے بکرا ہونڈار (بھیڑیا) کے بیچ مے تھا ، شہر کے درمیان ، بیس آدمی کے درمیان ، ہر ایک کاچھ (درخت) کے درمیان ، زنجیر کے درمیان ۔

پاس

صاحب کے پاس گیا میں ، اوس کے پاس ہے ، ہمارے پاس ہے ۔

کن

ہمارے کن (کنے ، پاس) آؤ ، نواب کن جاؤ ۔

[ص ۱۲۹] **پر ، اوپر**

جہاز پر سارے بھی چھڑ (چڑھ) گئے ، چوکی (بہ معنی کرسی) پر رکھو ، اوپر آؤ ، آسمان کے اوپر ، گمز[۲۵۴] (گنبد) کے اوپر ایک تو بھی اوڑنے (آڑ) نہیں سکتا ۔

تلے ، نیچے

کاچھ (درخت) کے سایہ تلے ، خاطر تلے لاونا ، چوکی کے نیچے ، زمین کے نیچے ، نیچے جاؤ ، آسمان کے نیچے جانوران جیوتے ہیں ۔

ستے (ستی) ، سوں ، سے

درمیان ستی ، دریا کے درمیان ستے ، دلگیر (دلگیری ، غم) سوں بہوت آدمیاں مرینگے ، [ص ۱۳۰] بھتر (پتھر) کے نیچے سوں ، پاس سے ، اوپر سے ، بیچ سے ، خوشوقتی سے ہمانرا (ہمارا) کاماں (کام کی جمع) کرنا چھائے (چاہئے) ، اوس کے پاس سے لیا میں ، نواب کے پاس سے آیا ہے ، گھوڑا (گھوڑے) کے اوپر سے گر پڑا ، کتاب کے بیچ سے ۔

بھیتر ، اندر

گھر کے بھیتر آؤ ، کوٹھے (گھر) کے اندر ہے ، گھر کے اندر داخل چھاہے (چاہیے) ہونا ۔

شامل ، ہمراہ ، سنگہ (سنگ) ، سنگات ، ساتھ

فرشتے خوب آدمیاں کے شامل رہنگے ، اوس کے ہمراہ ، پادشاہ کے سنگہ بہوت لوگ آئے ، [ص ۱۳۱] بادشاہ اپنے پیادوں کے سنگات پھرتے ہیں ، ہمارے ساتھ آؤ ، خدا نیکو والوں کے ساتھ ہے ، تمہارے ساتھ برابر آونے سکتا نہیں ۔

آگے

کوتوال کے آگے خاموش رہنا چہائے (چاہئے) ، بچے سارے ماں کے آگے کھڑے رہے ۔

پیچھے

موت کے پیچھے انصاف چوکانے (چکانے) کا دن آوے گا ۔

ہو

پہاڑ ہو (پر) خاوند (مالک) بیٹھے تھے ۔

ہات مے (میں)

اللہ کے ہات مے (ہاتھ میں) سب ہے ۔

ونمہ (ساتھ)

بھائی کے ونمہ (؟) مہیں فجر تھا ۔

تیں (تئیں کو)

[ص ۱۳۲] ہمارے تیں (تئیں) دو ، پیادہ کے تیں سونپو ، او تیں (اس کے تئیں) اے خوب سب ہمناں کوں آیا (یہ سب خوبیاں اوس کو (کے ایے) ہم سے ملیں) ۔

سامنے

ہمارے گاؤں کے سامنے اے (یہ) ہوا ۔

نزدیک

بندگی کرنے میں اللہ کے نزدیک پہونچیا ، اوس کے گھر کے نزدیک ۔

واسطے

ایمان کی تعلیم کے واسطے اے (یہ) کرنا ۔

میسوں (میں سے)

اللہ قبر میسوں (میں سے) ہمناکوں پھر اوٹھاویگا ۔

تک

اب تک ۔

[ص ۱۳۳] حروف ندا

یہ تعداد میں صرف چند ہیں ۔

طلب یا تخاطب

اے اللہ ! اے خاوند !

اشارہ

ایدے آدمیاں سارے بھی خراب والے ہوئے ۔

تاسف

گناہگاراں ہیسو ، تمناں کوں ہائے

اللہ کے فرمودات مے نہیں سو آدمیاں کوں ہائے

غیض و غضب ، غصہ یا نفرین

ناپاکیوں اے بائی کواں (ان ناپاک عورتوں کو) چھپی جاو (تھو) کیتے برا بڑھیو اے شراب خوراں ، چھپی جاؤ ۔

[ص ۱۳۴] تحسین و توصیف و تعریف

اے پاک مند والےخوش حال رہو تومینچ (تم ہی) اللہ کوں فردوس مے (میں) دیکھینگے۲۵۵ ۔

اے نیکو اے بھلا خوش وقتی سوں رہو ، سب خوب ہے ۔

باب النحو

اگر مذکورہ بالا اصولوں اور قواعد کو پوری طرح ذہن نشین کر لیا جائے تو اس زبان کا نحو زیادہ مشکل نہیں ہے ۔ چونکہ اس زبان میں جنس کے صرف دو صیغے ہوتے ہیں ، تو باقی تمام شکلیں آسانی سے واضح ہو جاتی ہیں ۔

ضمیر متکلم (تاکیدی) کے لیے حرف چ[۲۵۶] استعمال ہوتا ہے : الہاچ (خدا خود ہی) ، مہینح (میں ہی) ، تومینح (تم ہی) ، ہمینح (ہم ہی) ، محمد چ (محمد ہی) ، انوکوچ (اُن کو ہی) ، انوچ ، (وہ ہی) ۔

حالت فاعلی میں ضمیر فعل لازم سے پہلے آتا ہے اور عدد اور جنس کے صیغے میں (فعل سے) مطابقت رکھتا ہے ۔ مثلاً میرا باپ بہوت کاماں کرتا ہے ، تیری ماں بہوت مہنت (محنت) کرتی [ص د ۱۳] ہے ، اے گھوڑے جلدی سوں دوڑتے ہیں ، اے گھوڑیاں بہوت پانی پیتیاں ہیں ۔

حالت اضافی میں ضمیر کا تعین دوسرے اسم سے ہوتا ہے لیکن اس میں جنس کی مطابقت لازمی ہے ۔ مثلاً خاوند کی ماں ۔ خاوند جنس مذکر ہے ، لیکن چونکہ ماں کی جنس مونث ہے اس لیے بجائے خاوند کا ، خاوند کی استعمال کرتے ہیں ۔ ''خاوند کے مریداں'' ، چونکہ مریداں کا صیغہ جمع کا ہے اس لیے ضمیر کی علامت بھی 'کے' جمع لائی جائے گی ۔

حالتِ مفعولی یا طوری

اس حالت کی علامت 'کوں' ہے اور اس کی گردان بھی اسی طرح ہوتی ہے ۔ فارسی نحو کی طرح یہاں بھی ان دونوں حالتوں یعنی حالت مفعولی اور حالت طوری میں کوئی فرق نہیں ہے لیکن جملے کی ساخت پر اس کا اثر پڑتا ہے ۔

حالتِ ندائیہ ، حالت فاعلی (؟) کے مطابق ہوتی ہے اور اس پر حرف 'اے' کا اضافہ کیا جاتا ہے ۔

[ص ۱۳۶] حالتِ اضافی کا اظہار حرفِ اضافت سے ہوتا ہے اور 'کا' 'کے' سے بدل جاتا ہے ، مثلاً ما (ماں) کا ، باپ کا ، اللہ کا ۔ ترکیب میں ما کے نزدیک ، باپ کے واسطے ، اللہ کے کنے ، موت کے آگے ، دلگیری کے پیچھے ، ہات کے نیچے ۔

حالت عطفی کے صیغۂ حاضر میں حرف 'تب' استعمال کرتے ہیں مثلاً مہیں بندگی کرتے تب توسی خاموش رہنا (جب میں عبادت کروں تب تمہیں خاموش رہنا چاہئے) ، ہمیں کھانا کھاتے تمہد توماں رے سات حجت کرنے نہیں سکتے[۲۵۷] ۔

عطف نفی کے لئے علامت نہوکا (نہ ہو کہ ؟) لاتے ہیں "توسی ایکہ گناہ نہیں نہ ہو کا تومنا کوچ نگہبانی کرو ، تومنا کوں نقصان نہیں اے نہ ہو کا اللہ کوں کورنشات کرنا ۔"

مصدر کا استعمال اس طرح ہوتا ہے : "خوب کاماں کرنا کتے (کہتے) سو فردوس کوں میلانے (ملانے) کی سوباٹ (راستہ) ہے ، اعتقاد سوں رہنا کتے (کہتے) سو نیک مذہب والوں کی نشانی ہے ۔" [ص ۱۳۷] مصدر کا استعمال صیغہ مستقبل کے لئے ہو تو اس میں بھی اسم کی طرح جنس اور عدد کے صیغے کا لحاظ رکھنا ضروری ہوتا ہے ۔ مثلاً "تیرا بھائی آسمان کے لائق ہے سو قیاس ڈھونڈنے

والا کا ہوکو ہے (یعنی تیرا بھائی ایسے مراقبے میں ہے جو آسانی ہے) ، پادشاہ کی بیٹی بہوت صواباں[۲۵۸] (ثواباں) سے (میں) پرورش کرنے کی ہو کو ہے ۔ خوب آدمیاں اللہ کوں دیکھنے کے بڑے ہو کو ہیں ، میریاں بہناں (بہنیں) ساری خوبیاں می (میں) ترقی ہونے کیاں ہیں ، انصاف کرنے کوں اللہ کے بڑے (بڑا) دن آنے کا ہے ، پانی چھینچنے (کھینچنے) کوں سو بائی کوواں یہاں آنے کا ہیں ۔

جب ایک سے زیادہ افعال ایک جملے میں آ جاتے ہیں تو ان کے لئے حروف کا استعمال صیغہ، جنس یا عدد کے لحاظ سے قطع نظر یوں ہوتا ہے ۔

سلہدار[۲۵۹] (اسلح دار) آکو (آ کر) ہم ساریاں (سب) کے اوپر نظر رکو (رکھ کر) مجکوں ایک تروار دے کو توں اسے لے کو ، خوب پیادے کے (؟) لڑائی کر کو بول کو اپنے گھر کوں پھر کو گے ۔

اسم مصدر (Gerund)

یہ اس طرح بنائے جاتے ہیں :

اناج سول لین کوں بہوت سوداگراں اس گانو مے آئے ، انصاف چوکانے (چکانے) کوں بادشاہ کے مصلحت والے صباں (صبح ، کل) آوینگے ، لکڑاں (لکڑیاں) جمع کرنے کوں ایک ایک مہنت (محنت) کرنا ، دو کاغذ (خط) لکھنے کوں توں ابھی بیٹ (بیٹھ) ، میرے بندے (ملازم) کھانا کھانے کوں من ہیں ہویتو کاماں کرنے کوں من ہیں ، اے کافراں مسلمان ہونے کوں دل نہیں ، مہنت[۲۶۰] (محنت) کرنے کے واسطے اللہ آدمیاں کوں پیدا کیے ، جنت ڈھونڈنے کے واسطے اللہ ہمنا کوں عقل دیے اے نا ہو کو انجیل کوں فرمائے ، دنیا ہونے کے آگے اللہ لیک بختیج (دنیا پیدا ہونے سے پہلے ایک اللہ لیک بخیت ہی تہا) ، نیک خصلت والے کھانا کھانے کے آگے [ص ۱۳۹] فاتحہ کر کر شکر بجا لانا ، دن دن کے کاماں سب آخر ہونے کے پیچھے رات مے (میں) نیند کرنا ، پیسے سب دینے کے پیچھے اوں کوں چھوڑ دیو ، تب تب کوں (یعنی اکثر) لکھنے میں خوب لکھنے کوں کسرت[۲۶۱] (کثرت) آویگا (یعنی کثرت مشق سے اچھا لکھنا آئے گا) ، گھڑی گھڑی کوں پڑنے (پڑھنے) مے (میں) بہوت عقل آوے گا ، بہوت شراب پینے مے (میں) آدمیاں مر جاوینگے ، دلگیری سوں رہنے مے بدن کوں بہوت آزار آوینگے ، اللہ کوں کورنشات کرنے سوں اور بڑی کورنشات نہیں ۔

[ص ۱۴۰] آرام سوں رہنے سوں بھی ہمنا کوں اور بڑی نذر[۲۶۲] نہیں ، گھراں (جمع گھر) بندنے[۲۶۳] سوں (بنانے سے) بھی پروردگار کوں بندگی کرنے کا بہتر ہے (خدا کی بندگی کرنا اس سے بہتر ہے کہ اس کے لئے کوئی گھر (عبادت گاہ ، مندر) تعمیر کیا جائے) ، جہنم مے جانے سوں بھی بہشت مے جانے کا بہتر ہے ، بدن کوں دھونے کا نا ہو کو آرام نہیں ، کام کرنیکا نا ہو کو روزگار ملتا نہیں ، اللہ کوں ڈھونڈنے کا نا ہوکو اون کوں پاونے (پانے) نہیں سکتے ، پینے

کا نا ہو کو پیاس پیلاڑ جاتا نہیں ، اس دھیر کی جورو سونے کے نا ہو کو اور کوچ (کچھ) بھی کرنے کی نہیں ، سہیں (میں) نیندنا کر کے جاگتا ہوں ، خوب آدمیاں خرابی نا کر کو خوبی کرتے [ص ۱۳۱] ہیں ، تیرا بھائی ۲۶۳چوپ کے (چپکے) نا بیٹھ کے کام کرنا ہے ، اللہ کے مذکور کے اوپر اے اعتبار سوں رہنے کا خوب ہے ، خوب آدمیاں کوں بھی ملعون (؟) آدمیاں کوں بھی بہوت تفاوت ہے ۔ ہمیں سارے بھی اللہ کوں اعتقاد لاوینگے او ۔ اے جنوں گانوں کوں چھوڑ کو پیلاڑ جاوینگے او ۔

[ص ۱۳۲] ضمیمہ

اعتباری کا دعا ایچ

باپ میں سو ایک اللہ کے اوپر اعتبار کرتا ہوں ، او اپنی قدرت سوں آسمان کوں بھی زمین کوں بھی پیدا کیے ہیں ، اونکا ایک فرزند ہیں سو ہمانرا خاوند ایشوعا مسیحا کے اوپر اعتقاد لاتا ہوں اور روح قدس سوں حمل کر نا ہو کو ، انبھاتی مریم کے پیٹ مے (میں) تولد ہو کو ، پنیاوس پیلاط ، وسکے نیچے عذاب پا کو ، دوپائے کے اوپر ، مانرنا ہوکو مر جا کو قبر مے (میں) رکھنا ہو کو ، نیچے کوں اوتر کو جا کو تیسرے روز مے (میں) مر گئے سو ، اونو مے (میں) سوں اوٹ کو (اٹھ کر) اسمان پو چھڑ (چڑھ) کو قدرت سوں ہے ، سو باپ خدا کے سے ہر طرف مے ہے ، وہاں سوں ، جیوں ہاریاں کوں بھی مر گیئو انوکوں بھی کتوال ہوکو آویگا ، روح قدس کے اوپر اعتبار کرتا ہوں ، پاک منداں کی جماعت بھی ، محبت بھی ، گناہاں کا معافی بھی انگ اُٹھنا بھی ہمیشہ رہے گا جیو بھی ہے کہہ کر اعتبار کرتا ہوں ۔ امین

[ص ۱۳۳] خاولد کی بندگی ایچ

آسمان پو رہتا ہے سو ہمانرا باپ ، تمانرا نانو پاک کرنا ہونے دیو ، تمانری پادشاہی آنے دیو ، تمانرا دل اسمان پو کرنا ہوئے سو کا دنیا مے بھی کرنا ہونے دیو ، ایک ایک دن کا ہمانری روزی ہمنا کوں آج دیو ، ہمانرے قرضداراں کوں ہمیں معاف کی سو کا ، تمہیں بھی ہمارے قرضاں کوں ہمنا کوں معاف کرو ، ہمنا کوں ازمانے کے اندر داخل مت کرو ، ہویتو جنونی مے کوں ہمنا کوں سرفراز کرو ، او کیا کہے تو پادشاہی بھی ، قدرت بھی ، مرتبہ بھی ، تمنا کوں مدام لگ ہو کو ہے ہوسے ۔

[ص ۱۳۴] ۲۶۵خداوند کی دعا کا تجزیہ

خداوند کی دعا کی عبارت جیسی کہ لاطینی میں ہے ، ہندوستانی زبان میں اس کا ترجمہ اسی کے مطابق کیا گیا ہے ۔ اگر اس لاطینی سے انگریزی اور اس سے ہندوستانی میں ترجمہ کیا جاتا تو جملوں اور الفاظ کی ترتیب مسخ اور مبہم ہو جاتی اور مضحکہ خیز بن جاتی ۔ اس زبان (یعنی ہندوستانی) کے محاورہ اور روزمرہ اور مزاج کی وجہ سے ایسے کلمات جو آخر جملہ میں آنا چاہئیں ،

ہمیشہ نہیں تو اکثر شروع میں آ جاتے ہیں ، اور اسی طرح اس کے برعکس (یعنی شروع میں آنے والے کلمات آخر میں) ہوتا ہے - مثلاً لاطینی میں جو ترکیب 'باپ ہمارے' کے مطابق ہوگی وہ ہندوستانی میں 'ہمارے باپ' لکھی جائے گی -

"خاوند کی بندگی ایچ" خاوند کے معنی خداوند (عیسیٰ مسیح) ہیں "خاوند کی" ، یہ ترکیب اضافی صیغہ واحد کی ہے ، بندگی کے معنی دعا یا پکار ہے - اضافت کی عام علامت 'کا' ہے اس لیے اس کی ترکیب 'خاوند کا' ہونی چاہئے ، لیکن چونکہ بندگی مؤنث ہے اس لیے 'خاوند کا' کی ترکیب اضافی میں علامت اضافت 'کا ، کی' سے بدل جاتی ہے ، اس لیے پہلے آنے والے الفاظ پیچھے آنے والے الفاظ کی مطابقت میں اسی طرح جنس کے صیغہ کے لیے بدل جائینگے - 'ایچ' کے معنی ہیں وہ خود ہی - 'اے' حرف ہے جو حرف ضمیر کے معنی دیتا ہے - اس باب میں ہندوستانی زبان فارسی کے محاورہ کا اتباع کرتی ہے - 'چ' حرف تاکید ہے جو[۲۶] کلمہ کے آخر میں لا کر 'ہی' (یعنی تاکیدِ اثباتی) کے معنی پیدا کرتا ہے - 'آسمان [ص ۱۰۵] پو' حالتِ ظرفی (مکانی) کو بیان کرتا ہے جس میں کلمہ 'پو' حرف ظرف ہے جس کا مفہوم یہ ہے کہ رہنے والے اندر (میں) نہیں بلکہ اوپر ہیں - اور یہ حرف اسم کے بعد (مثلاً آسمان پو) لگاتے ہیں اور اس میں کوئی تغتیر یا ترمیم (جیسی کہ اس سے پہلے کی مثال میں حرف اضافت میں ہوئی) نہیں ہوتی - 'رہتا سو' ، فعل 'رہنا' سے صیغہ حاضر واحد غائب سے بنا ہے - 'سو' اسم ضمیر ہے جو یہاں کلمہ لاحق (Postrosition) کے طور پر استعمال ہوا ہے - استفہامیہ 'کوں ، کیں' استعمال ہوتے ہیں - 'ہمانرا باپ' (لاطینی ترکیب میں 'باپ ہمارا') حالت اضافی جمع کا صیغہ ہے جس کے اجزائے ترکیبی 'ہما'>[۲۶] اور 'باپ' ہیں (یعنی 'را' علامت اضافت ، ضمیر جمع 'ہم' کے ساتھ مل کر 'ہمانرا' کی ترکیب بنائی گئی ہے) - یہاں اسم ضمیر 'ہمانرا' کی مطابقت عدد اور جنس میں اسم (یعنی باب) کے ساتھ اسی طرح سے ہوتی ہے جس طرح صفت کی مطابقت ہوتی ہے - یہ بات اچھی طرح ذہن نشین ہو جانی چاہئے کہ صحیح ترکیب 'ہمانرا باپ' ہے نہ کہ 'باپ ہمانرا' کیونکہ صفت کو ہمیشہ اسم سے پہلے لاتے ہیں -

تمانرا نانو (لاطینی ترکیب تمہارا + نام) اسم ضمیر 'تو' سے صیغہ تکریمی یا تعظیمی میں بنا ہے اور یہ 'تو' حالت اضافی صیغہ واحد کی تعظمی شکل ہے - 'نانو' وہی لفظ ہے جو بہت سی زبانوں میں مشترک ہے اور ہندوستانی زبان میں اس میں نون غنہ کی آواز داخل ہو جانے سے اس کا تلفظ کسی قدر دسوار ہو گیا ہے - "پاک کرنا ہونے دیو" (لاطینی ایک لفظ مرکب 'پاک کرو') 'پاک' اسم صفت ہے اور اس سے پاکی یا پاکیزگی (روحانی) مراد ہوتی ہے - 'کرنا' مصدر ہے اور 'پاک' سے مل کر 'پاک کرنا' کی ترکیب بنی ہے -

[یہاں عبارت پڑھی نہیں جا سکتی]

"پاک کرنا ہونا" کے معنی وہی ہیں جو "پاک کرنا" کے ہیں اور یہ حالت عطفی کا اظہار ہے - 'دیو' فعل 'دینا' سے امر (حکم) کا صیغہ ہے ، دراصل 'دینا' سے 'دے' صیغہ امر واحد ہے ، اور اس کی

جمع ’دیو‘ آتی ہے ، اس لیے قیاس کہتا ہے کہ اس محل اور موقع پر صیغہ ’دے‘ (واحد) ہی آنا چاہیے لیکن یہ جمع کا صیغہ ، صیغہٴ تعظیمی یا تکریمی ہے (یعنی واحد کے لیے جمع کا صیغہ) ۔ اور چونکہ اللہ سے متعلق گفتگو ہے اور وہ ہر طرح کی تعظیم و تکریم کا مستحق ہے ، چنانچہ اسی وجہ سے بجائے ’دے‘ کے ’دیو‘ کا صیغہٴ جمع لایا گیا ۔ ’ہونے دیو‘ کی ترکیب دراصل ’ہونے کو دیو‘ کی تخفیف ہے ۔ ’ہونے‘ اسم مصدر ہے ۔ ”تمانری پادشاہی آنے دیو“ تمانری صیغہ تکریمی حالت اضافت کا ہے اور مؤنث ہے جو اسم ضمیر ’تو‘ سے بنا ہے ۔ ’پادشاہی‘ کا صیغہ مؤنث ہے اسی لیے مؤنث کی علامت ’ی‘ لگائی گئی ہے (یعنی بجائے تمانرا) ’آنے دیو‘ حاصل مصدر ہے اور ’آنے کو دینا‘ کی تخفیف ہے جو مصدر ’آونا‘ سے بنائی گئی ہے ۔ یہ اسی طرح کی ترکیب ہے جس کی تشریح سطور بالا میں کی جا چکی ہے۔ ”تمانرا دل آسمان پو کرنا ہو سکا دنیا می بھی کرنا ہونے دیو“ ، تمانرا (لاطینی صیغہ حاضر واحد مذکر) دل (خواہش) ’آسمان پو‘ اس کی تشریح اوپر کی جا چکی ہے ۔ ’کرنا ہونا‘ ، ’ہونے سکا‘ (؟) ’سکا‘ حرف ہے جس کے لانے سے ’ہوا ، ہونے‘ میں بدلتا ہے اور یہ صیغہ مستقبل کا ہے (یعنی ’ہونے‘ بہ معنی ’ہوگا‘) ”دنیاں می بھی“ ، اس میں دو حرف ہیں (یعنی ’میں‘ اور ’بھی‘) (’میں‘ حرف جار اور ’بھی‘ حرف تاکید) ، ’کرنے ہونے دیو‘ ترکیب عطفی کی جگہ ’کرنا ہونے دیو‘ ، ”ایک ایک دن کا ہمانری روزی ہمنا کوں آج دیو“ ’ایکہ ایک‘ اسم ضمیر (؟) ہے یعنی ہر ایک ’دن کا‘ حالت اضافی واحد مذکر ’دن‘ (بہ معنی یوم) ’ہمانری‘ کی تشریح اوپر کی جا چکی ہے ۔ ’روزی‘ اور ’روٹی‘ دونوں کے معنی ایک ہیں ۔ ’روزی‘ چونکہ مؤنث ہے اس لیے اس کی اضافی حالت بھی مونث ہوئی (یعنی بجائے ’ہمانرا‘ کے ’ہمانری‘) ۔ ’روزی‘ در اصل صیغہ فاعلی ہے لیکن ہندوستانی زبان میں یہ بجائے حالت مفعولی کے اس طرح آتا ہے ۔ ’ہمنا کوں‘ حالت مفعولی یا مفعول لاجلہ ہے ، ’ہم‘ صیغہ جمع ہے واحد ’میں‘ یا ’ہم‘ (واحد تعظیمی) ۔ ’آج‘ (یعنی امروز ، آج کے دن) ظرف زمانی ہے ۔ ’دے‘ صیغہ استدعا یا طلب ہے اور بجائے ’دیو‘ استعمال ہوا ہے جسکا مادہ یا مصدر ’دینا‘ ہے ، ”ہمانرے قرضداراں کوں ہمنا کوں ہمیں معاف کیے سکا تمی بھی ہمانرے قرضاں کوں ہمنا کوں معاف کرو“ ۔ ’ہمانرے‘ صیغہ حالت اضافی کا ہے جو اسم ضمیر ’ہم‘ سے بنا ہے ۔ ’قرضداراں کوں‘ صیغہ حالت مفعولی کا ہے ، واحد ’قرضدار‘ ہوتا ہے جس سے صیغہ حالت فاعلی جمع کا ’قرضداراں‘ بنایا جاتا ہے ، ’ہمانرے‘ کی تشریح اوپر کی جا چکی ہے ۔ ’معاف کرنا‘ (علاوہ ان معنوں کے جو یہاں بخشنا کے مفہوم کو ادا کرتے ہیں ، ’معاف کرنا‘ بطرز روزمرہ یا تکیہٴ کلام بھی استعمال ہوتا ہے) ’کیے‘ جو مصدر ’کرنا‘ سے بنا ہے اور اس کے ساتھ ’سکا‘ حرف اضافت کی ترکیب ہے ۔ اس کی وجہ سے ’گیا‘ کی جگہ ’کیے‘ لایا گیا ہے ۔ ’تمی بھی‘ (تم اسم ضمیر سے) ’تمی‘ اور اس کے ساتھ حرف تاکید ’بھی‘ ملایا گیا ہے ۔ ’قرضاں کوں‘ حالت اضافی میں جمع کا صیغہ ہے جس کا واحد ’قرض‘ ہے ۔ چونکہ یہ حالت فاعلی جمع ہے اس لئے ’قرضاں‘ ہو گیا ۔ ’ہمنا کوں‘ حالت مفعولی جمع کا صیغہ ہے ۔

[یہاں عبارت پڑھی نہیں جا سکی]

[ص ۱۲۸] اس کا تعین سیاق و سباقِ عبارت سے کرنا چاہئے - 'معاف کرو' صیغہ امر ہے جسکا مصدر 'کرنا' ہے - اس زبان (یعنی ہندوستانی) میں افعال جو اسما سے بنائے جاتے ہیں ان کے لیے حالت مفعولی یا مفعول معہ کے صیغہ یا اس کی علامت کی ضرورت نہیں ہوتی - کم از کم بعض صورتوں میں اسے نہیں لاتے - "ہمناں کوں ازمانے کے اندر داخل مت کرو" ہمناں کوں یہاں صیغہ حالت مفعولی کا ہے - 'آزمانے کے' صیغہ حالت اضافی کا ہے اور واحد ہے ، اس کا مادہ 'ازمان' ہے جس سے صیغہ حالت اضافی 'آزمان کا' ہوتا لیکن یہاں حرف ظرف مکانی 'اندر' استعمال ہوا ہے، اس لیے بجائے علامت 'کوں' ، 'کے' اختیار کی گئی ہے - 'داخل کرنا' کے معنی اندر داخل کرنا ہیں جو روزمرہ کے مطابق ہے - 'مت' علامت نفی ہے جس سے نفی کا مفہوم پیدا ہوتا ہے - 'کرو' کی تشریح کی جاچکی ہے - "ہوئے تو جنوںنے سے سوں ہمنا کوں سرفراز کرو" ، 'ہویتو' حرف ظرف عطفی ہے ، 'جنوں نے' اسم (موصوف یا منحوف) ہے جس کے ساتھ حروف عطف دو یعنی 'سے' (میں) اور 'سوں' لائے گئے ہیں جو اسم ما سبق کی حالت مفعولی کے تعلق سے لائے گئے ہیں اور ان میں کسی تغیر کی ضرورت نہیں ہوئی ، لیکن یہ دو حرف (یعنی 'سے' اور 'سوں') یکجا لا کر معنی کی وضاحت زیادہ ہو گئی - 'ہمنا' (بہ معنی ہم بہ حالت مفعولی یعنی صیغہ جمع متکلم) 'ہمنا' اور 'ہمنا کوں' دونوں حالت مفعول کی صورتیں ہیں - 'سرفراز کرو' کے معنی ہیں بخشو یا عنایت کرو اور یہ 'سرفراز کرنا' سے صیغہ جمع امر (تعظیمی واحد) کا ہے "او کیا کہے تو پادشاہی بھی ، قدرت بھی ، مرتبہ بھی تمنا کوں" او کیا کہے تو (روزمرہ) ، [ص ۱۲۹] پادشاہی یعنی حکومت ، قدرت یعنی طاقت ، مرتبہ یعنی مقامِ اعلیٰ - چونکہ تین اسم (یعنی پادشاہی ، قدرت اور مرتبہ) آئے ہیں اس لئے حرف عطف 'بھی' لگایا گیا ہے - لیکن حالت یا زمانہ فعل میں کوئی تبدیلی نہیں ہوئی ہے اور اسے لاطینی میں اس طرح ادا کرینگے کہ "پادشاہی ، قدرت اور مرتبہ سب کچھ (سبھی) تجھی کو حاصل ہے" - 'تمنا کوں' حالت مفعولی 'تم' واحد سے - یہاں واحد کی جگہ صیغہ جمع تعظیمی استعمال ہوا - 'مدام' بہ معنی ہمیشہ 'لگ' بہ معنی 'تک' - تک حرف ظرف ہے 'ہو کو' یعنی 'ہووے' مصدر 'ہونا' سے مستقبل مدام کا صیغہ ہے - 'ہوئے' میں صیغہ ضمیر حاضر کا ہے ، اس سے صیغہ حاضر واحد متکلم 'ہوں' بنتا ہے (یعنی میں ہوں) 'ہے' (یعنی تو ہے) 'ہے' (یعنی وہ ہے) اور اس کی جمع کی صورت میں 'ہیں' (یعنی ہم ہیں) 'ہیں' (یعنی تم ہو) 'ہیں' (وہ ہیں) لاتے ہیں ، 'ہوئے' سے بھی مفہوم صیغہ متکلم واحد 'ہونا' مصدر کا ظاہر ہوتا ہے -

احکامات

اللہ کہے سو دس فرمودے ایچ ، مہیں تمانرا خاوند ہوں ، سو الہاچ مجکوں ، اور دیوان ہمارے آنگے رہنا نہیں ، اوپر آسمان مے بھی نیچے زمین مے بھی ، زمین کے نیچے پانی مے بھی سو کاماں کے برابر تصویر کوں بھی ، پتلیوں کوں بھی تجکوں کرنا نہیں ، توں اوس کوں کورنشات کرنا نہیں ، اوس کوں خدمت بھی کرنا نہیں ، مہیں تمانرا خاوند ہوں سو اللہ [۲۶۸] غصا کرنے کیا خدا ہو کو باپ دادے کے سو گنا ماں کے واسطے مجکوں دشمنی کرتے سو اونو کی اولاد ان کوں تین چار [۲۶۹] پیڑی لگ سزا دیتا ہوں - ہویتو منجے آشنائی کرنہاریاں کوں بھی ، میرا فرمودات

کرلیہاریاں کوں بھی ہزار پیڑھی لگ مہربانی کرتا ہوں ، تمانرا خاوند ہیں سو اللہ کے ناؤں کوں ناچیز کرنا نہیں ، سبت کے دن کوں پاک کرنے کوں یاد کر ، تجکوں خوبی ہونے کوں بھی دنیاں مے بھی ، بہوت زور رہانے کوں بھی ، تیرے ماں باپ کوں با پروا کر ، خون نکو کر۲۸۰، [ص ۱۵۱] حرام نکو کر ، چوری نکو کر ، ہمسائے کے اوپر جھوٹی شاہدی نکو بول ، ہمسائے کے گھر کوں آس نکو کر ، ہمسائے کی عورت کوں بھی اوس کے چاکر کوں بھی ، اوسکی باندی کوں بھی ، گائے کوں بھی ، گدھے کوں بھی ، اوس ہے سو سب کوں بھی حرص نکو کر ۔ اے دس فرمودے کے اوپر اللہ کہے سو کیا کہیتو ۔

دولبی کا مذکور ایچ

اے شوعا مسیحا اپنے مریداں کوں کہے سو باتاں ایچ تمی دنیاں می سوب۲۸۱ جا گوسارے کافلے کے۲۸۲ لوگاں کوں تعلیم دے کو ، اونو کوں باپ کا بھی ، فرزند کا بھی ، قدس روح کا بھی ناؤں سوں دو بنادیو ، اعتقاد لانیہارا بھی دوبنا لینہارا بھی سرفراز ہویگا ، ہویتو بھی اعتبار کرنیہارے کوں چوکانا ہویگا ہوے ۔

(یعنی عیسیٰ مسیح نے اپنے مریدوں سے کہا سو یہی باتیں ہیں ، تم دنیا میں سب جگہ سارے قافلے کے لوگوں کو تعلیم دے کر ان کو باپ کا بھی ، فرزند کا بھی ، قدس روح کا بھی نام سنا دینا ، اعتقاد لانے والا بھی ، دو بنا (؟) لینے والا بھی سرفراز ہوگا ، اور وہ جو ایمان لانے کوں خبردار کریگا وہ بھی (سرفراز) ہوگا ۔

خاوند کی رات کی حاضری ایچ

ہمانرا خاوند ہے سو ایشوعا مسیحا ایسے حوالہ کرنا ہوا ، سو رات مے (میں) روٹی لے کو ، شکر بجا لا کو ، اور توڑ کو ، اپنے مریداں کوں دے کو کہے تمی اے لے کو کھاو ، اے تمانرے واسطے دینا ہوا سو میرا بدن ہے ، منجے یاد کرنے کے واسطے ایسی کرو پھر کو اوسی طرایچ ، رات کی حاضری ہوئے پیچھے اون انگور کا شیرا ہے ، سو آبخورہ لے کو ، شکر بجا لا کو اونو کوں دے کو کہے تمیں اے لے کو ، اوسی کا تمیں سارا بیٹھے (؟) پیو ، اے آبخورہ گناہوں معاف لینے کوں تمانرے واسطے او روزی سوں میرے لہو مے نوا قول مے ، تمیں اے کیتی مرتبہ پی تو بھی منجے یاد کرنے کے واسطے ایسے کرو ۔

اسمائے نکرہ جو عہد نامہ عتیق اور عہد نامہ جدید میں آئے ہیں اور ان کا عربی فارسی تلفظ : آدم ، ۲۸۳ہوّا (حوّا) ، ۲۸۴حابل (ہابیل) ، قابل (قابیل) ، انوخ ، نوح ، لوط ، ابراہیم ، اسحاق ، یعقوب ، عزرائیل (اسرائیل) ، یہودی ، سادوم ، گامرا ، موسیٰ ، ہارون ، مریم ، ایوب ، فرعون ، مصر ، فصیحہ ، یاشوا ، یا یرخو ، ساعد (سعد) ، طور ، سایون ، کوہ طور ، ادوم ، شم سوم ، ساموایل ، الیاس ، دانیال ، ایرمیال ، ایسیا ، جلیل ، ناضیر ، یوردان (اُردن) ، سیداہی ، یونس ، فاریصیم ، سادوکیم [حاشیہ دریا ، تھالا ، وقرمند ، گھانس (گھاس) ، وسوس کرنا (وسواس کرنا] ۔

بابسول ، قیساریا ، حلفائے ، اینبضلا ، ذکریا ، کورج ، صہرہ (سارہ) ، رفکا ، عیسیٰ ، ہوزا ، انتاکیاں ، اسکندر ، کلدانیاں ، ایسمرنا (سمرنا) ، فونیکی (فینیقی) ، کوپروس (سائپرس) ۔ الفاظ جو صوتی اعتبار سے طیوطانی سے ملتے ہیں : بُو بُو (بڑی بہن) ، چھتر ، چونچی[۴<۵] (چوچی ، پستان) ، کمربند ، پستو (جانور) ، پیشاب ، گاڑی ، لنگر ، بوکڑ (بکرا) ، سابون (صابون) ، سینگ ، لاک (لاکھ) ، بردن ، نرگس ، زعفران ، بہتر ، بوسہ ، جمع کرنا ، بہرہ مند ، فال ، چنتا ، دہرتری (دھرتی ؟) ، سور ، مست کرنا ، ناف ، مغی ، بدنامی ، ننگا ، نوا (نیا) ، مون (منھ) ، بوں (بو) ۔

حواشی و تعلیقات

۱- اس کتاب کے عنوان میں ہی اس زبان کو ''ہندوستانی'' کہا گیا ہے - اگرچہ بعض قدیم اور جدید اردو کے مصنفین اور تذکرہ نگاروں نے بھی اسے ہندوستانی کہا ہے اور بیسویں صدی میں اردو اور ہندی کے لسانی تنازعے کے سلسلے میں ایک مرتبہ پھر ہندوستانی کی اصطلاح عام ہوگئی تھی اور گاندھی جی نے ہندی اتھوا (ہندوستانی یعنی ہندی) کا شوشہ بھی چھوڑا تھا لیکن یہ کہنا درست ہے کہ مغربی مصنفین کی اکثریت نے اسے اور کسی قدیم یا جدید نام سے پکارنے کی بجائے ہندوستانی کہنے کو ترجیح دی ہے ؛ مثلاً قدیم ترین قواعد کا مصنف جان جوشوا کیٹیلر (J.J. Ketelaer) (وفات سنہ ۱۷۱۶ع) کی قواعد کا نام لنگوا ہندوستانیکا (Lingua Hindostanica) ہے - یہ ایک مجموعے میں شامل ہے جو Dissertations seletae کے عنوان سے لائیڈن سے سنہ ۱۷۴۳ع میں شائع ہوا - شلزے نے اپنی یہ قواعد غالباً سنہ ۱۷۳۷ع میں شروع کی تھی - اسے بھی قواعدِ ہندوستانی کہا ہے - چنانچہ شلزے کی اصل لاطینی کا انگریزی میں مترجم بھی اسے A grammar of Hindoostan Language کے نام سے یاد کرتا ہے - دیگر مغربی مصنفین کے لیے ، جنھوں نے یہ نام عام طور پر استعمال کیا ہے ، حسب ذیل مآخذ کی طرف رجوع کیجیے :

(۱) George Grearson—Linguistic Survey of India, Vol. IX, Part II.

(۲) قواعد اردو — مولوی عبدالحق ، شائع کردہ انجمن ترقی اردو پاکستان کراچی -

(۳) جامع‌القواعد — ڈاکٹر ابواللیث صدیقی ، شائع کردہ مرکزی ترقی اردو بورڈ لاہور ، مارچ سنہ ۱۹۷۱ع -

۲- افسوس کہ مترجم نے اپنا نام نہیں لکھا اس لیے اس کا تعین دشوار ہے - شلزے کی قواعد کی تالیف مدراس میں ۳۰ جون سنہ ۱۷۴۱ع کو مکمل ہوئی اور سنہ ۱۷۴۵ع میں ہل سیکسنی سے شائع ہوئی - زیر نظر ترجمے میں جو اضافی مواد ہے وہ سنہ ۱۷۶۱ع میں بنگال میں جمع ہوا - اس سے قیاس ہوتا ہے کہ سنہ ۱۷۵۷ع میں جنگ پلاسی کے بعد یا تو ایسٹ انڈیا کمپنی کے ملازمین میں سے کسی شخص نے یا پھر کسی عیسائی مشنری نے یہ اضافے بھی کیے اور ترجمہ بھی ، کیونکہ مقدمے میں کسی سلسلے میں کسی اور کا نام نہیں ملتا - انگریزی کے اس ترجمے میں بھی جا بجا لاطینی عبارات موجود ہیں - شلزے جو ایک عیسائی مشنری ہے اور اس قواعد کی تالیف سے پہلے بارہ سال سے زیادہ کا عرصہ اس ملک میں گزار چکا ہے ، یہ تسلیم کرتا ہے کہ ہندوستانی زبان مغل اعظم کی عظیم الشان سلطنت کی عام اور مشترکہ زبان ہے - اپنی تالیف کے اس پارے میں وہ اس ملک کی اکثریت کو Pagan بتاتا ہے - ظاہر ہے اس میں اس کے نزدیک ہندو اور مسلمان

دونوں ہی شامل ہوں گے ۔ اور بقول خود اکثریت کی نجات اور فلاح کے لیے ہی وہ اس زبان میں بعض تالیفات مرتب کرنے کا دعویٰ کرتا ہے ۔

یہاں یہ امر بھی ملحوظ رہے کہ شلزے کے بقول اس زبان کا سیکھنا زیادہ مشکل نہیں ہے ۔ اسے خود جو دشواری پیش آئی وہ غالباً اس لیے کہ اس کا معلّم خود تلیگو زبان بولنے والا تھا اور اس سے بھی اس کی واقفیت معمولی تھی اور وہ اردو کے مطالب و مفاہیم تلیگو میں سمجھاتا تھا لیکن دو ہی مہینے کی محنت کے بعد شلزے میں اتنی استعداد پیدا ہوگئی کہ وہ اس زبان کی ساخت اور محاورے کو سمجھ سکے ۔ چنانچہ اس کے بعد ہی وہ اس قواعد کی تالیف کی طرف متوجہ ہوگیا ۔

۳- چھ فصلیں جن میں شلزے نے قواعد ہندوستانی کو تقسیم کیا ہے ، حسب ذیل ہیں :

(۱) حروفِ تہجی ۔

(۲) اسماء اور صفات اور ان کی گردان ۔

(۳) اسمِ ضمیر ۔

(۴) فعلِ مفرد اور مرکب ، مادے اور ان کی گردانیں ۔

(۵) حروفِ جار (اضافت وغیرہ) ۔

(۶) نحو ۔

۴- جدید سے مراد غالباً وہ رسم الخط ہے جو اردو یا بقول شلزے ہندوستانی کے لیے اس نے عام طور پر استعمال کیا ہے ۔ اس کی بعض خصوصیات سے مقدمے میں بحث کی گئی ہے ۔ قدیم سے مراد غالباً دیوناگری اور دوسرے رسم الخط ہیں جن کے نمونے شلزے نے دیے ہیں لیکن تاریخی اعتبار سے قدیم ترین رسم الخط یا تو موہنجوداڑو اور ہڑپہ کا ہو سکتا ہے جو ابھی تک پڑھا نہیں گیا یا پھر کتباتی رسم الخط جس میں اشوک کے پراکرتی کتبات ملتے ہیں ۔

۵- یہاں شلزے کو غلط فہمی ہوئی ہے ۔ جس حرف کو اس نے ''ج'' لکھا ہے اس کی آواز کی تشریح وہ اس طرح کرتا ہے کہ اس سے ''ژ'' کی طرف ذہن منتقل ہوتا ہے ۔ اسے انگریزی کے "j" سے مماثل کرنا دشوار ہے ۔ ''ج'' البتہ بعض حالتوں میں انگریزی ''j'' کے قریب تر ہوتی ہے ۔

۶- یہ بات بھی غلط فہمی پر مبنی ہے ۔ is ''ہے'' اور are ''ہیں'' کا تلفظ ایک سا نہیں ہوتا ۔ انفی تلفظ بالکل واضح ہے اور جس دور میں شلزے کی قواعد تالیف ہوئی اس وقت کی اور تحریروں میں اس کی مثالیں بکثرت ملتی ہیں ۔

۷- جان جوشوا کیٹیلر کے بارے میں مولوی عبدالحق (قواعد اردو ، ص ۱۸) کا بیان ہے کہ جہاں تک تحقیق کی گئی ہے اس سے یہ بات ثابت ہوتی ہے کہ پہلا یورپین ، جس نے ہندوستانی زبان کے قواعد لکھے ، جان جوشوا کیٹیلر تھا ۔ مولوی صاحب نے اسے ڈچ سفیر بتایا ہے اور یہ کہ

وہ سنہ ۱۷۱۱ع میں ڈچ ایسٹ انڈیا کمپنی کا ناظمِ تجارت بہ مقام سورت مقرر ہوا۔ مولوی صاحب نے اس کے مختلف شہروں کے سفر کا بھی ذکر کیا ہے جن میں آگرہ بھی شامل ہے۔ لیکن مولوی صاحب کے بقول (ص ۱۹) یہ بالیقین نہیں کہا جا سکتا کہ وہ وہاں ٹھہرا بھی یا نہیں۔ شلزے کی اس عبارت سے ایک تو واضح طور پر اس کے آگرہ میں ٹھہرنے کا ثبوت مل جاتا ہے، دوسرے یہ کہ اس نے اپنے مشاہدات اور حواشی ڈچ زبان میں آگرہ میں مرتّب کیے تھے جن کو ہندوستانی زبان کی قواعد کا خاکہ کہہ سکتے ہیں۔ بعد میں اسی کو لاطینی میں ڈھالا گیا۔ یہ درست ہے کہ یہ کتاب سنہ ۱۷۴۳ع میں شائع ہوئی۔ شلزے کے بیان سے یہ مزید معلوم ہوتا ہے کہ ڈیوڈ میلینو David Millinio نے، جو UTRECT میں متبرّک عتیقیات (Sacred Antiquities) کے پروفیسر تھے، سنہ ۱۷۴۳ع کے اپنے متفرق کاغذات میں اس رسالے کو شائع کیا تھا۔ ممکن ہے اس کی وجہ سے یہ غلط فہمی پیدا ہوئی ہو کہ ڈیوڈ مل اس کے مصنف تھے اور اسی وجہ سے شلزے کو اس وضاحت کی ضرورت پیش آئی کہ اس کے مصنف ڈیوڈ ملینو نہیں بلکہ جان جوشوا کیٹیلر تھے۔ شلزے اس کا اعتراف کرتا ہے کہ اس نے جان جوشوا کیٹیلر کے مسودے سے استفادہ کیا ہے اور اس پر اضافہ کیا ہے۔ وہ اظہارِ افسوس کرتا ہے کہ جان جوشوا کیٹیلر نے ہندوستانی الفاظ کو فارسی رسم الخط میں نہیں لکھا جس کی وجہ سے تلفظ کی بہت سی غلطیاں اس کی تحریروں میں راہ پا گئی ہیں۔ شلزے کے قول کے مطابق اس نے ان میں سے بعض کی تصحیح کر دی ہے اور اس طرح زیرنظر شلزے کی 'قواعد ہندوستانی' میں جان جوشوا کیٹیلر کی قواعد کا مواد بھی شامل سمجھنا چاہیے۔

۸۔ فارسی حروف سے مراد اردو کا رائج رسم الخط ہے جو اصلاً عربی نسخ سے ماخوذ ہے۔ اردو کی ابتدائی تصانیف میں دکھنی دور تک نسخ رسم الخط ہی کا رواج تھا۔ نستعلیق کا رواج بعد میں ہوا۔ اس رسم الخط کی بعض خصوصیات سے مقدمے میں بحث کی گئی ہے۔ بیسویں صدی میں اردو ہندی کے قضیے کے بعد گاندھی جی نے اسے قرآنی حروف بھی بتایا اور قرآنی حروف کی ایک تحریک بنگہ کو س رسم الخط میں لکھنے کی بھی شروع ہوئی تھی جو پھر ختم ہو گئی۔ یہ بنیادی رسم الخط بلوچی، بروہی، سندھی، پشتو، پنجابی اور اردو سب کے لیے مستعمل ہے۔

۹۔ ''مورس'' کا لفظ یورپ میں مسلمانوں کے لیے عام طور پر اور مسلمانانِ اسپین کے لیے بالخصوص استعمال کیا جاتا تھا۔ اردوئے قدیم کو اکثر یورپین مصنفین نے ''مورس'' غالباً اس بنا پر کہا ہے کہ وہ اسے مسلمانوں کی زبان سمجھتے تھے۔ شلزے نے واضح کیا ہے کہ اس کا صحیح اور اصلی نام ''ہندوستانی'' ہے جو مسٹر فریزر کی وضاحت کے مطابق لفظ ''ہندو'' سے مشتق ہے۔ (اگر یہ وضاحت درست ہے تو ہندو سے مشتق ہندوئی یا ہندوی ہوگی، ہندوستانی ہندوستان سے اور ہندوستان ہندو سے مشتق کہنا زیادہ درست ہوگا)۔ مسٹر فریزر کون بزرگ تھے اور انہوں نے یہ تحریر کہاں لکھی ہے اس کی تحقیق نہ ہو سکی، لیکن ظاہر ہے کہ یہ بھی ان یورپین مصنفین میں سے ہوں گے جنھوں نے شلزے سے پہلے اردو یا ہندوستانی کی اصل کے بارے میں کچھ لکھا ہوگا۔ اس طرح کے بعض اور مصنفین و مولفین کا ذکر مقدمے میں کیا گیا ہے۔ ہندوستانی کو مورس کہنے والے غالباً پہلے پرتگالی تھے جنھوں نے بقول شلزے اسے مورویکو (MORVICO) کا نام دیا۔

گل کرسٹ جو سنہ ۱۷۸۲ع میں بمبئی پہنچے ، اپنے رسالے میں لکھتے ہیں :

"چنانچہ اس زبان کو ، جسے اس زمانے میں مورس کہتے تھے ، سیکھنے کے لیے میں جم کر بیٹھ گیا ۔" (رسالہ گل کرسٹ ، شائع کردہ مجلس ترقی ادب لاہور ، ص ۲۰)

اس سے بھی شلزے کے بیان کی تائید ہوتی ہے کہ اٹھارھویں صدی کے نصف آخر تک اس زبان کو یورپ میں ہندوستانی یا مورس دونوں ناموں سے پکارا جاتا تھا ۔ اس لفظ مورس کی اصل اور اس کے مختلف معانی میں خاصا اختلاف ہے ۔

۱۰۔ اس غلط فہمی کا شکار بعض اور مغربی مصنفین بھی ہوئے ہیں جنھوں نے اردو کو فارسی کی ایک شاخ بتایا ہے ۔ شلزے کا یہ قول اردو کی اصل و نسل اور اردو و فارسی کے حقیقی رشتے سے لاعلمی کی بنا پر ہے ورنہ اردو کو کسی طرح بھی فارسی کی ایک علاقائی بولی نہیں کہا جا سکتا ۔ بلا شبہ اردو میں فارسی کے الفاظ بکثرت ہیں اور اکثر اصنافِ سخن بھی اردو میں وہی رائج ہیں جو فارسی سے آئیں اور بڑی حد تک اردو قواعد نویسوں نے اردو کی قواعد لکھنے میں فارسی اور عربی کے قواعد نویسوں کا اتباع کیا ہے ، اور بیشتر وہی اصطلاحات بھی اختیار کی ہیں جو عربی اور فارسی کی قواعد لکھنے میں استعمال ہوئی ہیں لیکن پھر بھی اردو کا اپنا ڈھانچا اور کینڈا فارسی سے مختلف ہے ۔ اردو میں فارسی الفاظ کے استعمال کا بھی یہ حال ہے کہ اسماء بے شک بہت سے فارسی کے بھی ہیں لیکن زبان کا اصل سرمایہ ، جسے زبان کی اساس کہہ سکتے ہیں ، اس کے افعال ہوتے ہیں ۔ اردو کے افعال اور ان کے صیغے سب اردو کے اپنے ہیں اور ان کے مصادر بھی ، جن کو مصدرِ اصلی کہا جاتا ہے ، فارسی نہیں بلکہ ہندوستانی نژاد ہیں ۔ فارسی مصادر یا ان کے ترجمے ، جن کو مصدرِ جعلی کہا جاتا ہے ، اردو میں ان کی تعداد ایک فی صد بھی نہیں ۔ اردو کی صوتیات اور اس کی قواعدِ صرف و نحو اور سرمایۂ لغت سب سے اس کی تائید ہوتی ہے کہ اردو ایک مستقل زبان ہے ، اس کی اپنی حیثیت ہے ، یہ فارسی یا کسی اور زبان کی شاخ نہیں ۔ اردو میں جس قدر فارسی کا دخل ہے خود فارسی میں عربی کا دخل اس سے کم نہیں لیکن اس کی بنا پر ہم فارسی کو عربی کی علاقائی بولی نہیں کہہ سکتے ۔

۱۱، ۱۲۔ شلزے کا یہ قول بھی صرف ایک حد تک درست ہے کہ یہ زبان تمام صوبوں میں ایک سی نہیں ہے ۔ لیکن یہ کہنا غلط ہے کہ جو صوبہ فارس سے جس قدر دور ہے ، یہ زبان اسی نسبت سے فارسی سے مختلف ہو جاتی ہے ۔ علاقائی فرق زبان کے صرف ایک حصے کو خاص طور پر متاثر کرتا ہے اور وہ محاورہ اور روزمرہ ہے ، ورنہ جہاں تک اردو کی اصل کا تعلق ہے ، اردوئے قدیم سے لے کر آج تک ، یہ فرق ایسا رہا ہے کہ صرف ماہرینِ لسانیات ہی اس میں تمیز کر سکتے ہیں ۔ مثلاً شمالی ہند بالخصوص پنجاب اور نواحِ دہلی کی اردوئے قدیم اور دکھنی اردو میں فرق کرنا بہت دشوار ہے ۔ دکھنی میں صرف ایک کلیدی کلمہ نکو بہ معنی 'نہیں' ایسا ہے جو عبارت کے دکھنی ہونے کی تصدیق کرتا ہے ورنہ اور کوئی امتیازی لسانیاتی نشانات نہیں ہیں ۔

۱۳- یہ قول درست ہے کہ دارالخلافہ کی زبان کو اُور علاقوں کی زبان کے مقابلے میں معیاری اور مستند اور ٹکسالی سمجھا جاتا رہا ہے - چنانچہ شلزے نے فرانسیسی کی مثال پیش کی ہے کہ ورسائی (ver a lles) کے دربار کی فصیح و بلیغ مستند فرانسیسی کے مقابلے میں دور افتادہ صوبوں کی زبان کا وہ درجہ نہیں تھا - اور یہی حال شلزے کے بقول انگلستان میں تھا جہاں ویلس اور یارکشائر کی انگریزی ، انگریزی دربار کے محاورے کے مقابلے میں یہی حیثیت رکھتی تھی - لیکن یہ سمجھنا کہ اردو کی یہ ٹکسال فارس یا اس کا کوئی شہر تھا ، درست نہیں - اردو کی ٹکسال اردوئے معلیٰ شاہ جہاں آباد تھی جہاں ایک عرصے تک اس کا سکہ بلا شرکتِ غیرے چلتا رہا - پھر جب دلی کی سلطنت کو ضعف ہوا اور سیاسی و سماجی انتشار نے دہلی کی سیاسی قیادت کے ساتھ اس کی تہذیبی مرکزیت کو بھی صدمہ پہنچایا تو دہلی کے اربابِ علم و فن نے اور شہروں کو بسایا اور ان کے دم سے اردو کی ترقی کے نئے مراکز قائم ہوئے جن میں خاص طور پر لکھنو کو عرصے تک دہلی کے مقابلے کا دعویٰ رہا -

معیاری ، مستند اور ٹکسالی اردو کی بحث میں ایک دلچسپ دستاویز انشاءاللہ خاں انشا کی ''دریائے لطافت'' ہے - لکھنو میں اردو زبان اور شاعری کے فروغ کے لیے منجملہ اور مصادر کے دیکھیے ''لکھنو کا دبستانِ شاعری'' مصنفہ ڈاکٹر ابواللیث صدیقی ، طبع سوم ، مطبوعہ اردو مرکز لاہور ، سنہ ۱۹۵۶ع -

۱۴- مترجم نے فریزر کے اس قول کی خود تردید کر دی ہے کہ اس ملک کو ہند کا نام مغلوں نے دیا تھا - اور یہ بھی درست نہیں کہ ہندو کے معنی سیاہ فام کے ہیں - کیونکہ شمالی ہند کے ہندو جنوبی ہند کے باشندوں کے مقابلے میں گورے رنگ والے ہیں اور مغل ان سے زیادہ گورے ہیں -

۱۵- یہاں اصطلاحات کے سلسلے میں خلط مبحث ہے - شلزے اور اس کے مترجم دونوں نے ہندوی ، سنسکرت اور دیوناگری کو ایک ہی معنوں میں استعمال کیا ہے - ہندوی اور سنسکرت زبانوں کے نام ہیں اور دیوناگر (یعنی دیوناگری) ایک رسم الخط ہے - ان میں سنسکرت قدیم تر ہے - اگر شلزے قدامت اور تقدس کے اعتبار سے زبانوں کی اولیت کی طرف اشارہ کرتا ہے تو وہ سنسکرت بالخصوص ویدک سنسکرت ہے جس میں آریوں کے مقدس وید ہیں جن کو شلزے اسرار و رموز ادب اور دیومالا کا مجموعہ بتاتا ہے - ہندوی پراکرت کی اس شکل کا نام ہے جو اردوئے قدیم کہلاتی ہے - چنانچہ قدیم لغات اور پنجاب ، دکن اور دہلی کی تصانیف میں اردوئے قدیم کے لیے جو نام ملتے ہیں ان میں سب سے پرانا ہندوی اور بعد ازاں ہندی ہے - اسے کسی طرح بھی سنسکرت سے متوازی نہیں کہا جا سکتا - شلزے سنسکرت ، ہندوی اور دیوناگر کو ایک خانے میں رکھ کر ہندی اور ناگری کو اس سے ممتاز کرتا ہے - ہندی بھی اردوئے قدیم کا ایک نام ہے - اور جسے آج کل ہندی کہتے ہیں اور جو بھارت کی سرکاری زبان ہے ، اس میں اور اردو میں فرق یہ ہے کہ اردو کا رسم الخط فارسی رسم الخط سے اور ہندی کا برہمی سے (یعنی دیوناگری) ماخوذ ہے - عام بول چال کی اردو

اور ہندی میں صرف یہ فرق ہے کہ اردو میں عربی فارسی کا عنصر زیادہ ہے اور ہندی میں پراکرتی عناصر زیادہ ہیں ۔ ادبی سطح پر یہ امتیاز اور بھی واضح ہو جاتا ہے ورنہ قواعد صرف و نحو میں دونوں میں تقریباً مکمل اشتراک پایا جاتا ہے ۔ دیوناگر اور ناگر میں جو امتیاز شلزے نے قائم کیا ہے ، وہ بھی موجود نہیں ہے ۔ تیسرا رسم الخط جسے شلزے بنگلہ کہتا ہے ، اگرچہ بنیادی طور پر برہمی سے ہی ماخوذ ہے لیکن وہ ایک مستقل رسم الخط ہے اور بنگلہ زبان بھی ایک الگ زبان ہے جس کا رشتہ اردو ، ہندی یا ہندوستانی سے اُتنا ہی ہے جتنا دوسری متوازی ہند آریائی زبانوں اور بولیوں سے ہے ۔ چوتھا رسم الخط گورمکھی ہے اور یہ بھی اردو ، ہندوی ، ہندی یا ہندوستانی کا رسم الخط نہیں ہے ۔ یہ صرف سکھوں کی پنجابی کا رسم الخط ہے ۔ تانکری سے معلوم نہیں شلزے کی مراد کیا ہے ۔

۱۶- یہ قول بھی درست ہے ۔ ''کارا منڈل'' ، مالابار اور گجرات کے ساحلوں پر ایک رسم الخط رائج ہے یا تھا ۔

۱۷ ، ۱۸- یہ کہنا درست نہیں کہ شلزے نے جسے ہندوی یا دیوناگر کہا ہے ، اس کے حروفِ تہجی عبرانی سے ماخوذ ہیں ۔ اور نہ یہ قیاس درست ہے کہ ان میں سے بعض حروف قطعاً یکساں اور بعض بہت ملتے جلتے ہیں ۔ رسم الخط کی بحث کے لیے منجملہ اور مآخذ کے دیکھیے :

The Alphabet, Dr. D. Dringer, New York, 1948.

نیز دیکھیے حاشیہ ۲۸ ۔

۱۹- یہاں شلزے ہندوی رسم الخط کی بجائے ''ہندوی زبان'' کی اصطلاح استعمال کرتا ہے اور کہتا ہے کہ یہ ہندوی زبان عبرانی حروف استعمال کرتی ہے ، اور اسے دیوناگر کہتے ہیں ، اور یہ اُن لوگوں کی زبان اور رسم الخط ہے جو اب بھی گمراہ ہیں ، اور یہ جدید ہندوستانی سے (جسے شلزے یہاں بھی مورس کہتا ہے) بالکل مختلف ہے ۔ اس کے بقول جب تیمور لنگ نے ہندوستان کو فتح کیا تو دو قوموں کے ملنے سے قدرتی طور پر ایک مخلوط زبان پیدا ہوئی جسے ہندوستانی کہتے ہیں ۔ ظاہر ہے یہ بیان درست نہیں ۔ زبانوں کا اختلاط تیمور کے عہد یا مغلوں کے دور سے بہت پہلے شروع ہو چکا تھا ، بلکہ بعض بیانات سے تو سراغ ملتا ہے کہ مسلمانوں نے جب سندھ کو فتح کیا ، اور خاص طور پر سندھ کے زیریں علاقے میں مسلمان آباد ہو گئے ، تو ان علاقوں میں مسلمانوں اور مقامی باشندوں کے میل جول سے ایک مخلوط زبان پیدا ہونے کے امکانات نظر آتے ہیں (تفصیلات کے لیے دیکھیے : نقوشِ سلیمانی ، سید سلیمان ندوی ، مطبوعہ اعظم گڑھ ، سنہ ۱۹۳۹ع ، صفحہ ۳۱ - ۳۰ ، بالخصوص مقالہ ''ہندوستان میں ہندوستانی'' جس میں عرب سیاحوں مثلاً اصطخری ، ابن حوقل اور بشاری کے سفرناموں سے ایسے حوالے پیش کیے گئے ہیں) ۔ اس ملی جلی زبان کے لیے فارسی رسم الخط کا اختیار کرنا نہ محض بربنائے فخر تھا اور نہ محض کاہلی اور سستی کی وجہ سے ۔ حقیقت یہ ہے کہ یہ زبان ابتدا میں صرف روزمرہ بول چال کی ایک بولی تھی ۔ مسلمان اپنی تحریریں فارسی اور عربی میں لکھتے تھے اور فارسی ہی ایک مدت تک درباری ، عدالتی اور سرکاری زبان ،

نیز ایک تہذیبی علامت کی حیثیت سے بر صغیر میں رائج اور مقبول رہی ۔ قدرتی طور پر جن "مسلمان مصنفین نے اس نئی بولی میں لکھنے اور تالیف و تصنیف کا آغاز کیا ان کے سامنے ان کا اپنا ایک رسم الخط تھا ۔

۲۰۔ اس غلط فہمی کے باوجود جس کا اظہار اس سے پہلے شلزے نے کیا ہے اور اردو کو فارسی کی ایک ذیلی یا علاقائی بولی بتایا ہے ، اس کی یہ وضاحت نہایت اہم ہے کہ وہ اردو (جسے اس نے ہندوستانی اور مورس کا نام دیا ہے) کو اپنے مزاج کے اعتبار سے فارسی اور عربی سے بالکل مختلف سمجھتا ہے ۔ اور یہ دلیل دیتا ہے کہ اس کے اسم کی گردان ، فعل کی گردان اور صیغے ، اس کا اشتقاق اور صرف و نحو ، غرض کہ اس کا اپنا مخصوص نظام ہے اور اہل یورپ جن مشرقی زبانوں سے واقف ہیں ان سب سے مختلف ہے ۔

۲۱۔ یہاں شلزے پھر لا علمی کی بنا پر غلط فہمی کا شکار ہوا ہے ۔ اور محض اس بنا پر کہ بعض نحوی تراکیب تامل اور تلیگو میں ایسی ملتی ہیں جو اس سے مماثل ہیں ، ہندوستانی یا مورس کو اس سے ملاتا ہے ، حالانکہ اردو یا ہندوستانی بر صغیر پاک و ہند کے آریائی خاندانوں کی زبانوں اور بولیوں کے حلقے میں شامل ہے ، جبکہ تامل اور تلیگو کا شمار غیر آریائی زبانوں میں ہوتا ہے ۔ بلا شبہ تامل اور تلیگو پر سنسکرت کا اثر ہے اور ان زبانوں نے آریائی زبانوں کو متاثر بھی کیا ہے لیکن پھر بھی اصل و نسل کی ہیئت اور ساخت میں یہ دونوں خاندان الگ الگ ہیں ۔

۲۲۔ یہاں شلزے سنسکرت کو قدیم ہندوی کا نام دیتا ہے اور اسی کو دیوناگر بتاتا ہے ۔ لیکن اس کا یہ دعویٰ درست نہیں کہ سنسکرت ہندوستان میں بولی جانے والی تمام زبانوں کی مورث اعلیٰ ہے ۔ اصل صورت یہ ہے کہ آریائی خاندان کے علاوہ ، جس میں سنسکرت اور بعض جدید ہند آریائی زبانیں (بشمول اردو یا ہندوستانی) شامل ہیں اور ایک خاندان اور گروہ سے تعلق رکھتی ہیں ، ان کے علاوہ جنوبی ہند کی تامل ، تلیگو ، کنڑی اور ملیالم غیر آریائی خاندان کی زبانیں ہیں ۔ مغربی پاکستان کے علاقے بلوچستان میں بولی جانے والی براہوی زبان بھی غیر آریائی خاندان سے تعلق رکھتی ہے ۔ سنسکرت کی قدامت مسلّم ہونے کے باوجود یہ مسئلہ اب تک اختلافی اور تحقیق طلب ہے کہ دردستان کے علاقے کی زبانیں اور بولیاں ایک ایسی زبان کی نشان دہی کرتی ہیں جو سنسکرت سے قدیم نظر آتی ہے ۔ اس کی تفصیل کے لیے دیکھیے :

Dardistan—Dr. G.W. Lietner—Lahore

(Edition for restricted circulation).

اس کے دیباچے میں لائٹنر لکھتے ہیں :

"It is my impression from an enquiry into Dardu verbal and other forms that these languages are the dialects from which the Sanskrit was perfected."

"درد کے افعال اور دیگر اشکال کے مطالعے اور تحقیق سے میرا یہ تاثر ہے کہ یہ زبانیں ایسی بولیوں سے تعلق رکھتی ہیں جن سے سنسکرت کی تکمیل ہوئی ۔"

شلزے کا یہ قیاس بھی محض خیالی ہے کہ مرہٹی اور گجراتی دوسری زبانوں یا بولیوں کے مقابلے میں سنسکرت سے قریب ہیں ۔

۲۳۔ تلیگو اور سنسکرت کے اس رشتے کے بارے میں سطور بالا میں تردید کی جا چکی ہے لیکن یہاں یہ بیان نہایت اہم ہے کہ شلزے ہندوستانی کو مغلوں کی وسیع سلطنت کی عام بول چال کی زبان بتاتا ہے ۔

۲۴ ، ۲۵۔ شلزے کا یہ بیان نہایت اہم ہے کہ اٹھارھویں صدی کے آغاز میں بر صغیر پاک و ہند میں مسلمانوں کی عام بول چال کی زبان ، خواہ وہ کسی علاقے یا صوبے میں ہوں ، ہندوستانی یا مورس تھی اور ہندوؤں میں ، مختلف صوبوں میں مختلف زبانیں مثلاً مرہٹی ، بنگالی اور مالاباری مختلف زبانیں رائج تھیں اور ان کے علاوہ بے شمار پہاڑی بولیاں ایسی تھیں جن کو شلزے وحشی بتاتا ہے ۔

۲۶۔ شلزے کی یہ وضاحت درست ہے کہ ہندو دو زبانیں استعمال کرتے تھے۔ ایک سنسکرت جو مذہب اور ادب کی زبان تھی لیکن جو ایک بولی جانے والی زبان کی حیثیت سے مردہ ہو چکی تھی ۔ اس کا علم محض کتابی تھا اور وہ بھی صرف برہمنوں کے طبقے تک محدود تھا ۔ دوسری زبان کو شلزے نے ہندی یا ناگری کہا ہے جو اس کے بقول کچھ علاقوں میں بولی اور سمجھی جاتی تھی اور جس میں حساب کتاب اور کچھ تحریریں بھی موجود تھیں ، لیکن یہ ہندی یا ناگری کوئی ایسی بولی نہ تھی جو پورے ملک کی یا کم از کم کسی خاص علاقے کی عام بولی ہو ۔ غالباً رسم الخط کی بنا پر شلزے نے اس زبان کے الگ وجود کو تسلیم کیا ہے ورنہ اس دور تک بلکہ اس سے پہلے اور بعد بھی (ہندوی کے علاوہ) اردوئے قدیم کو ہندی کے نام سے ہی پکارتے تھے ۔ مراد شاہ لاہوری (وفات ۱۲۱۵ھ) نے سنہ ۱۲۰۳ھ میں ایک منظوم خط لکھا تھا جس میں یہ شعر موجود ہے :

یہ اردو کیا ہے یہ ہندی زبان ہے　　کہ جس کا قائل اب سارا جہان ہے

میر مہدی مائل نے اپنا دیوان سنہ ۱۱۷۶ھ میں مرتب کیا ہے۔ اردو کے حال میں چند شعر ہیں جس کا آخری شعر ہے :

شاہ جہاں کے عہد سے خلقت کے بیچ میں　　ہندوی تو نام مٹ گیا ، اردو لقب چلا

اردو کے قدیم ناموں کی بحث کے لیے حوالے پہلے دیے جا چکے ہیں ۔

۲۷۔ ہندوستانی میں فارسی اور عربی کی آمیزش کے باب میں شلزے کا یہ تجزیہ پوری طرح درست نہیں ۔ بلا شبہ مسلمان قرآن پڑھتے تھے اور بعض مسلمان عربی سے واقف تھے بلکہ علمی زبان کی حیثیت مدتوں تک عربی زبان کو حاصل رہی لیکن اردو میں عربی عناصر براہ راست عربی سے بہت کم داخل ہوئے ہیں ۔ زیادہ تر فارسی کے ذریعے اور وسیلے سے اردو میں آئے ہیں اور اسی لیے اردو میں عربی کے بہت سے الفاظ کا املا اور معنی اور کبھی دونوں چیزیں بدل گئی ہیں ۔

۲۸- سنسکرت یا دیوناگری رسم الخط، جسے آغاز میں شلزے نے عبرانی سے ماخوذ بتایا ہے، ڈاکٹر بیولر (Dr. Bühler) کی تحقیق کے مطابق قدیم شمالی سامی یا فینقی رسم الخط سے ماخوذ ہے جس کے نمونے آسوری اوزان اور باٹوں میں ملتے ہیں۔ اس مصنّف کے بقول یہ رسم الخط میسوپوٹامیہ کے تاجروں کے ذریعے سے ہندوستان پہنچا۔ جس رسم الخط سے برہمی رسم الخط ماخوذ ہے اس کی اصل سامی رسم الخط میں صرف ۲۲ علامتیں تھیں جن سے برہمی رسم الخط کی پوری چھیالیس علامتیں ظہور میں آئیں۔ غالباً رسم الخط کی تکمیل و ترتیب فاضل برہمنوں نے کی ہوگی اور ان کی یہ مکمل صورت پانچویں صدی قبل مسیح تک وجود میں آ چکی ہوگی کیونکہ پانینی نے چوتھی صدی قبل مسیح میں جو قواعد لکھی تھی اس میں اس کی یہ حیثیت تسلیم کی گئی ہے۔ اصل سنسکرت میں حروفِ تہجی کی ترتیب میں پہلے سادہ مصوتے (simple vowels) اور پھر دو مصوتے (diphthongs) اور آخر میں مصمتے ہوتے ہیں جو ایک صوتی نظام کی ترتیب سے آتے ہیں۔ تیسری صدی قبل مسیح سے اس برہمی رسم الخط کی دو شاخیں کتبات میں واضح طور پر ملتی ہیں۔ ایک شمالی اور دوسری جنوبی شاخ۔ شمالی شاخ سے وہ رسم الخط ماخوذ ہیں جو شمالی ہند میں رائج اور آریائی بولیوں کی تحریر کے لیے عام طور پر مستعمل ہیں۔ ان میں سب سے اہم ناگری یا دیوناگری ہے جس میں سنسکرت کے مخطوطات عام طور پر لکھے گئے ہیں اور جس میں سنسکرت اور جدید ہندی کی کتابیں عام طور پر شائع ہوتی ہیں۔ پوری طرح ناگری میں تحریری کتبہ آٹھویں صدی عیسوی کا اور قدیم ترین مخطوطہ گیارھویں صدی کا ہے۔ جنوبی ہند کی شاخ سے باقی رسم الخط ماخوذ ہیں جو سب کے سب وندھیاچل پہاڑ کے جنوب میں رائج ہیں اور منجملہ اور زبانوں کے کنڑی اور تلیگو کے علاقوں میں پائے جاتے ہیں۔ لکھنے کے لیے کاغذ بر صغیر میں مسلمان لائے۔ اس سے پہلے بھوج پتر یا دوسرے درختوں کی چھال یا پتّوں پر لکھنے کا رواج تھا۔ اس بحث کے لیے منجملہ اور ماخذ کے دیکھیے:

A History of Sanskrit Literature,
Arthur. A. Macdonnell,
London, 1909, p. 15-20.

۲۹- یہاں شلزے نے سنسکرت حروف کے نام سے اس دیوناگری رسم الخط کا نمونہ دیا ہے جو اس کے بقول دہلی، پٹنہ اور بنارس کے مدارس میں سکھایا جاتا تھا۔ اس میں چھیالیس حروف کی بجائے، جن کی تفصیل پہلے دی جا چکی ہے، صرف اڑتیس حروف ہیں۔ یہ فہرست ناقص ہے کیونکہ رائج دیوناگری رسم الخط میں انیسویں صدی کے مغربی مصنفین نے ان کی تعداد چوالیس بتائی ہے جس میں گیارہ مصوتے اور تینتیس مصمتے ہیں۔ منجملہ اور حوالوں کے دیکھیے:

Grammar of the Hindustani Language,
—Duncan Forbes, Revised Edition,
London, WM. H. Allen & Co., 1859.
Section VI, p. 156-157.

۳۰- ہندی اور ناگری رسم الخط کو شلزے نے سابقہ سنسکرت حروف سے مختلف بتایا ہے جو بقول اس کے ہندوستانی لکھنے کے لیے بھی استعمال ہوتے تھے - گویا ہندی رسم الخط کا اور ہندوستانی زبان کا نام ہوا - پھر اس ہندوستانی زبان کو ہی ہندی کہنے لگے جو اس ناگری رسم الخط میں تحریر کی جائے -

۳۱- بنگلہ حروف کے سلسلے میں شلزے کے قول میں یہ بات خاص طور پر قابل لحاظ ہے کہ وہ اس زبان اور رسم الخط کو اس علاقے میں آباد ہندوؤں کی عام زبان بتاتا ہے - چونکہ اس نسخے کے مترجم نے (جیسا کہ دیباچے میں صراحت ہے) ہندوستانی زبان کے باب میں بنگالی کے سلسلے میں بھی اپنے مشاہدات اس میں شامل کر دیے ہیں اس لیے ہندوؤں اور مسلمانوں کی بولی کا فرق اس کے ذہن میں ضرور ہوگا اور مسلمانوں کی زبان ہندوؤں کے محاورے سے ضرور مختلف ہو گی -

۳۲- اسی طرح گورمکھی کا تعلق ہندوستانی کی تحریر سے بالکل نہیں - یہ پنجابی کا رسم الخط ہے اور وہ بھی، جیسا کہ شلزے نے خود وضاحت کی ہے، صرف سکھوں کا رسم الخط ہے - سکھوں کو ہندو مذہب میں شامل کرنا صحیح نہیں - لاہور کو شلزے نے صوبہ لکھا ہے -

۳۳- یہاں شلزے نے جس رسم الخط کا ذکر کیا ہے اس کا تعلق بھی ہندوستانی یا ہندوی زبان سے نہیں ہے - یہ ایک طرح کا خط شکستہ ہے جو عام طور پر صرف تجارت اور کاروبار میں استعمال ہوتا تھا اور اب بھی بھارت کے بنیے اس میں اپنا حساب کتاب رکھتے ہیں - شلزے نے زبان کو ہندوی یا ناگری کہا ہے - ناگری یا دیوناگری، جو بنیادی طور پر برہمی رسم الخط کی ایک شکل ہے، اس کا برصغیر کی بعض اور زبانوں میں بھی جزوی رد و بدل کے ساتھ استعمال ہوتا ہے - مثلاً بنگالی یا گجراتی کے لیے جو رسم الخط استعمال ہوتا ہے وہ بھی بنیادی طور پر یہی رسم الخط ہے -

۳۴- Vowel یا مصوتہ کے سلسلے میں یہ بیان تشریح طلب ہے - شلزے کے بقول ہندوستانی زبان میں تین یا زیادہ سے زیادہ پانچ مصوتے ہوتے ہیں - اگر اس کی مراد حروف علت سے ہے تو وہ روایتی تشریح کے مطابق واؤ، الف اور یائے ہیں - لیکن وہ مزید وضاحت کرتے ہوئے لکھتا ہے کہ ان کا استعمال شاذ ہی ہوتا ہے اور وہ بھی ان الفاظ کے املا میں جو غیرملکی زبانوں کے ہوں - ظاہر ہے یہ حروف علت نہیں ہو سکتے کیونکہ یہ تو بہرحال لکھے جاتے ہیں - غالباً اس کی مراد اعراب یعنی فتحہ، کسرہ اور ضمہ سے ہے کہ عام طور پر یہ تینوں املا میں نظر انداز کر دیے جاتے ہیں - پانچ کی تعداد معلوم نہیں شلزے نے کہاں سے لی ہے - انگریزی میں روایتی تشریح میں البتہ a, e, i, o, u بتائے جاتے ہیں حالانکہ یہ بھی درست نہیں ہے - اردو میں مصوتوں کی تعداد دس ہے اور ان کی ایک ایک انفیائی شکل ملا کر تعداد بیس ہوتی ہے - ان کی تفصیل کے لیے دیکھیے راقم کا مقالہ ''اردو کا صوتی نظام'' شائع کردہ پنجاب یونیورسٹی لاہور - یا ''جامع القواعد'' حصہ صرف، شائع کردہ مرکزی ترقی اردو بورڈ لاہور، سنہ ۱۹۷۱ع، ص ۱۸۵ و بعد) -

۳۵- اس بیان میں دو امور کی تصحیح ضروری ہے ۔ ہندوستانی یا اردو کو فارسی کی صوبائی بولی کہنا کسی طرح درست نہیں ؛ نہ تاریخی اعتبار سے اور نہ لسانی اعتبار سے ۔ تاریخی اعتبار سے ہندوستانی خاص بر صغیر کی پیداوار ہے اور ایران کے کسی علاقے سے اس کا کبھی کوئی تعلق نہیں رہا ۔ لسانی اعتبار سے بھی یہ ہند آریائی کی ہندوستانی شاخ سے تعلق رکھتی ہے اور فارسی کا رشتہ اس کی ایرانی شاخ سے ہے ۔ اپنے قواعدِ صرف و نحو میں بھی اردو یا ہندوستانی فارسی کی ذیلی بولی نہیں ہو سکتی ۔ یہ غلط فہمی غالباً اس وجہ سے پیدا ہوئی کہ اردو کا رسم الخط فارسی کے رائج رسم الخط سے ماخوذ تھا ، لیکن خود فارسی کا یہ رسم الخط بھی عربی رسم الخط سے ماخوذ ہے ۔ ہندوستانی پر فارسی کے اثرات بے شک بہت گہرے ہیں ، قواعد میں بھی بعض عناصر مشترک ہیں اور بعض چیزیں فارسی سے ماخوذ ہیں ۔ اردو میں فارسی کے سابقے اور لاحقے بھی بکثرت استعمال ہوتے ہیں اور فارسی الفاظ کا ایک بڑا ذخیرہ بھی ہندوستانی یا اردو میں موجود ہے لیکن اس کے باوجود یہ ایک الگ اور مستقل زبان ہے جس کا اپنا مزاج اور اپنی قواعد ہے ۔

۳۶- دائیں سے بائیں طرف لکھے جانے والے رسم الخط میں صرف فارسی ہی نہیں ۔ عربی بھی شامل ہے ۔ یہی رسم الخط کمال اتاترک کے دور سے پہلے ترکی کا بھی تھا ۔ اس کے علاوہ ملتانی ، پنجابی ، سندھی ، پشتو ، بلوچی اور بروہوی کا بھی یہی رسم الخط ہے ۔

۳۷- ہندوستانی یا اردو کے بارے میں ابتدائی دور کی حد تک یہ درست ہے کہ یہ زبان یا بولی صرف گفتگو یا کاروبار کی حد تک تھی اور لکھنے پڑھنے کا کام فارسی میں ہوتا تھا ، کیونکہ فارسی نہ صرف عدالتی اور سرکاری زبان تھی بلکہ اس کی حیثیت ایک تہذیبی زبان کی تھی ، لیکن اٹھارھویں صدی کے نصف اول تک ، جس وقت شلزے نے یہ کتاب لکھی ، ہندوستانی یا اردو میں شاعری اور نثر کا خاصا بڑا سرمایہ بہم پہنچ چکا تھا اور فارسی کے مقابلے میں اس کی ادبی حیثیت بھی کسی قدر مسلّم ہو چکی تھی ۔ فارسی البتہ رسمی طور پر سنہ ۱۸۳۵ء تک سرکاری زبان رہی لیکن سلطنتِ مغلیہ کے زوال اور انحطاط کے ساتھ ہی فارسی کا زور بھی کم ہوتا گیا ، یہاں تک کہ انیسویں صدی کے آغاز میں لوگوں کو قرآن مجید کے اردو تراجم کی ضرورت اس لیے محسوس ہوئی کہ بچوں اور عورتوں کے علاوہ اور لوگ بھی فارسی سے ناواقف تھے ۔ چنانچہ ان کی تعلیم کے لیے ہندوستانی ، ریختہ یا اردو کو استعمال کیا گیا ۔

۳۸ - ۳۹- ایران پر عربوں کی فتح کے بعد عربی کے اثرات کا یہ مختصر تذکرہ ہے ۔ چونکہ ظہورِ اسلام کے ساتھ دینی ، شرعی ، فکری اور علمی معاملات میں مسلمانوں کے فکر کا سرچشمہ قرآنِ حکیم ، حدیثِ نبوی اور تاریخِ اسلام تھا اس لیے قدرتی طور پر علمی اور فنی اصطلاحات فارسی میں بکثرت عربی سے آگئیں ۔ اور یہ بھی درست ہے کہ فارسی کی قواعد پر بھی ایک حد تک عربی کا اثر ہوا ۔

۴۰-۴۱- جو بات عربی کے فارسی پر اثرات کے ضمن میں کہی گئی ہے وہی بات اردو پر عربی فارسی کے اثرات کے باب میں صادق آتی ہے کہ اردو میں علمی اور فنی اصطلاحات کا بیشتر ذخیرہ فارسی اور عربی سے ماخوذ ہے اور یہ سلسلہ اب تک جاری ہے ۔ اس کا ایک سبب یہ ہے کہ مسلمانوں کے علوم کا مأخذ اور سرچشمہ قرآن مجید اور حدیث نبوی ہیں اور ان کے سلسلے میں لغت، تجوید، لسانیات، زبان، ادب، شاعری، صرف و نحو، انساب، تاریخ اور سارے دوسرے معاشرتی علوم پیدا ہوئے ۔ مسلمان جب یونانی فلسفے کی طرف متوجہ ہوئے تو انھوں نے فلاسفۂ یونان کی کتابیں بکثرت (بالخصوص خلفائے عباسیہ کے عہد میں) عربی میں ترجمہ کیں اور ان علوم کے لیے اپنی زبان میں اصطلاحات وضع کیں ۔ یہ سارا سرمایہ عربی سے فارسی کو اور عربی فارسی سے اردو کو ورثے میں ملا ۔ یہ بات دلچسپ ہے کہ شلزے کے پیش نظر یہ حقیقت تھی کہ عربی کی اکثر اصطلاحیں اردو میں براہ راست عربی سے نہیں بلکہ فارسی کے وسیلے سے آئی ہیں ۔

۴۲- شلزے نے اردو کے حروف تہجی کی جو فہرست دی ہے اس میں صرف ۳۲ علامات ہیں، اور آخر میں ایک علامت ہمزہ ("ء") اور بتائی ہے ۔ اس طرح کل تعداد ۳۳ ہو گئی ۔ اس فہرست میں 'ٹ'، 'ڈ' اور 'ڑ' شامل نہیں ہیں حالانکہ آگے چل کر مثالوں میں یہ حروف بھی ملتے ہیں ۔ نون غنہ کا ذکر بھی نہیں ہے ۔ ہائیہ آوازوں یعنی 'بھ' 'پھ' وغیرہ کو نہ تو الگ لکھا ہے اور نہ دوچشمی یا ملفوظی ہائے کو الگ علامت بتایا ہے حالانکہ اس کی مثالیں بھی متن میں جا بجا موجود ہیں ۔ یائے معروف اور یائے مجہول کو بھی الگ الگ شمار نہیں کیا ہے ۔ یہ صورت کتابت کے بعض اور قدیم نمونوں میں بھی ملتی ہے ۔ غالباً تحریری زبان کے نمونے کے لیے جو ماخذ شلزے یا اس کے استاد یا مخبر کے پیش نظر تھا وہ اُس قسم کا کوئی قاعدہ تھا جو بچوں کو لکھنا پڑھنا شروع کراتے وقت کام میں لاتے تھے اور جو بنیادی طور پر صرف عربی حروف پر مشتمل ہوتا تھا ۔ اس فہرست میں 'ژ' اور 'گ' دو ایسے حروف ہیں جو عربی قاعدے میں نہیں ملیں گے ۔ ان میں سے 'ژ' بعد میں مختلف قلم سے فہرست میں بڑھایا گیا ہے ۔ یہ قطعاً ایک اضافہ ہے جو بعد میں کیا گیا اور جس کے تلفظ کے بارے میں خود شلزے کو پورا یقین نہ تھا ۔ البتہ 'گ' موجود ہے جسے 'ک' پر تین اضافی نقطوں سے ظاہر کیا گیا ہے ۔ 'ذ' 'ز' 'ض' اور 'ظ' کے تلفظ کے فرق کو بھی شلزے محسوس یا ظاہر نہیں کر سکا اور ان تینوں کو وہ انگریزی 'Z' کے مطابق بتاتا ہے ۔ یہی صورت 'ت' اور 'ط' کی ہے ۔ اس کا سبب یہی ہے کہ شلزے کے پیش نظر بول چال کی زبان ہے ۔ اور چونکہ اردو کے عام آدمی کی بول چال میں تلفظ کا یہ فرق واضح نہیں ہوتا، اس لیے صوتی اعتبار سے یہ آوازیں یکساں ہیں ۔ املا میں البتہ اب تک ان کا روایتی اصل املا قائم اور برقرار ہے؛ اگرچہ بہت سے الفاظ میں جو اردو میں عربی سے آئے اور اب دخیل یا مستعار الفاظ کی حیثیت سے موجود ہیں، ان کے تلفظ کے ساتھ املا میں بھی تصرف ہوا ہے ۔

۴۳-۴۴- شلزے نے لکھا ہے کہ 'ر' پر تین نقطے لگا دیں تو اس کی آواز 'ژ' ہو جاتی ہے لیکن انگریزی میں وہ اس آواز کو واضح نہیں کر سکا اور اسے 'jay' لکھتا ہے جو 'ج' کی

آواز ہے ۔ جیسا کہ اس نے متن میں اعتراف کیا ہے ، اس کے تلفظ کے بارے میں وہ خود بھی شبہ میں تھا ۔

۴۵۔ 'گ' کے لیے جو علامت شلزے نے تجویز کی ہے ، وہ 'ک' پر تین اضافی نقطے ہیں لیکن اردو کے قدیم املا میں 'ک'، 'گ' کے املا میں کوئی فرق نہیں ہے ۔

۴۶۔ یہ وضاحت نون غنہ کی ہے حالانکہ شلزے نے صف صاف یہ نہیں کہا ہے ۔ اس کا یہ خیال کہ 'ن' الفاظ کے بیچ اور آخر میں اکثر غنہ ہو جاتا ہے ، درست نہیں ۔ نون ایک مصمتے کی حیثیت سے ایک انفی مصمتہ (Nasal vowel) ہے ۔ نون غنہ صرف انفیانے کا ایک عمل ہے جو مصوتوں پر ہوکر سادہ مصوتوں کو انفیائی روپ دیتا ہے ۔ ایسے مصوتوں کو انفیائی مصوتہ (nasalised vowel) کہتے ہیں ؛ مثلاً 'بانس' اور 'بانس' میں ایک ہی مصوتہ پہلی صورت میں سادہ اور دوسری صورت میں انفیائی ہے ۔

۴۷۔ جیسا کہ پہلے مذکور ہوا ، شلزے نے اپنی فہرست حروف تہجی میں 'ٹ' کو شامل نہیں کیا ہے اور نہ ملفوظی آوازوں کو لیکن یہاں اس کی مثال موجود ہے ۔ 'ت' پر دو کی بجائے چار نقطے لگا کر 'ٹ' بنایا ہے اور بجائے ہائے ملفوظی کے ہائے ہوز ہی استعمال کی ہے ۔ 'ڈ' کی مثالیں اور جگہ بھی موجود ہیں لیکن یہاں 'ڈ' کو بھی 'د' ہی لکھا ہے یعنی اس پر کوئی اضافی یا تصریحی علامت نہیں ہے ۔

۴۸۔ یہاں بھی 'ڑ' فہرست حروف تہجی میں شامل نہیں لیکن اس مثال میں موجود ہے اور 'ر' پر چار نقطے اضافی لگا کر اسے ظاہر کیا ہے ۔

۴۹۔ متن میں 'ڑ' کو 'ر' ہی لکھا ہے ۔

۵۰۔ گھڑی متن میں کھری ہے ۔

۵۱۔ آٹا اور میدہ اردو میں الگ الگ مفہوم رکھتے ہیں ، لیکن شلزے نے دونوں کے لیے انگریزی کا ایک ہی لفظ استعمال کیا ہے ۔

۵۲۔ شلزے کا املا 'کہٹا' ہے ۔ اگرچہ اس نے تشدید کا اس سے پہلے ذکر کیا ہے لیکن املا میں اس کا لحاظ بہت کم رکھا ہے ۔ اور جیسا کہ حاشیہ نمبر ۴۷ میں بیان کیا گیا ہے ہائے ہوز اور ہائے ملفوظی کا بھی امتیاز نہیں ہے ۔

۵۳۔ کڑوا یعنی ہائے ہوز بجائے الف ۔

۵۴۔ یہ املا غالباً صوتی ہے ۔ شلزے نے 'بطخ' کو 'بتک' سنا ہوگا ۔ 'خ' کی جگہ 'ک' اور تشدید ندارد ۔ ویسے بعض لوگ بغیر تشدید بھی بولتے ہیں ۔

۵۵- متن 'ر' بجائے 'ڑ' ۔

۵۶- متن 'د' بجائے 'ڈ' ۔

۵۷- متن 'تی' بجائے 'تھی' ۔

۵۸- متن 'ریچ' بجائے 'ریچھ' ۔

۵۹- متن 'لومری' بجائے 'لومڑی' ۔

۶۰- 'آنڑو' اردو میں کم مستعمل ہے۔

۶۱- بجائے بچھڑا ۔

۶۲- بجائے مینڈھا ۔

۶۳- بجائے گدھا ۔

۶۴- اردوئے قدیم میں یہ تلفظ اور املا عام ہے بجائے 'لہو' ۔

۶۵- بجائے مونہ ۔

۶۶- بجائے آنکھ ۔

۶۷- بجائے کوکھ

۶۸- بجائے بایاں ہاتھ ۔

۶۹- بوبو ، بہ معنی بڑی بہن اب بھی بعض علاقوں میں مستعمل ہے ۔

۷۰- بجائے بیاہ ۔

۷۱- 'کہہ' بجائے 'کے' ۔

۷۲- اردوئے قدیم کے دور تک حالتِ اضافی میں حرفِ اضافت بھی جمع مؤنث کے لیے جمع مؤنث لاتے تھے ۔ 'کی' واحد مؤنث ، 'کیاں' جمع مؤنث ۔

۷۳- بجائے جھوٹ ۔

۷۴- شلزے نے 'انکھیاں' 'انکھیوں' 'انکھیں' کا ذکر نہیں کیا ۔ اردوئے قدیم میں یہ شکلیں بھی موجود تھیں ۔

۷۵- یہ تجزیہ درست نہیں - 'چوکی' کی جمع اسم کی حالت کے مطابق 'چوکیاں' اور 'چوکیوں' دونوں درست ہیں - 'چوکیاں اُٹھائیں' 'چوکیوں کو اُٹھایا' - نیز 'سب' کے ساتھ 'سب چوکی' نہیں بلکہ 'سب چوکیاں' درست ہوگا - دکھنی محاورے میں البتہ بعض مثالیں 'سب' کے ساتھ واحد اسم کے استعمال کی ملتی ہیں لیکن شاذ -

۷۶- شلزے نے جس کو دو رکنی کہا ہے وہ در اصل تابع مہمل ہے - ایسے مجموعے دو طرح کے ہوتے ہیں یعنی ایک جزو با معنی اور دوسرا مہمل کلمہ ہوتا ہے : مثلاً چائے وائے ، پانی وانی ، پان وان ، کام وام وغیرہ - اردو میں بعض ایسی صورتیں ہوتی ہیں کہ کلمہ مہمل محض اس مجموعے میں مہمل ہوتا ہے ورنہ الگ خود ایک اور مفہوم رکھتا ہے - اور کلمہ با معنی ہے ، یعنی وائے بہ معنی افسوس کہ 'چائے وائے' میں بطور جزو ثانی طابع مہمل - اردو میں ہم وزن اور صوتی اعتبار سے ہم آہنگ کلمۂ مہمل 'واؤ' سے شروع ہوتا ہے جس طرح پنجابی میں 'شین' سے ، مثلاً چائے شائے ، پانی شانی وغیرہ - شلزے نے 'کیڑا اوپڑا' ، 'کوڑی اوڑی' بھی لکھا ہے اور ساتھ ہی 'مچھی وچھی' ، 'کھانا وانا' بھی لکھا ہے -

۷۷- غالباً اصل مسودے میں یہاں پھر خلا ہے کیونکہ اسم کی جنس کی بحث جس کا یہ محل تھا ، یہاں مکمل نہیں ہوئی ہے - اس سے پہلے صفحہ پر جہاں لکھا ہے کہ جنس کی دو صورتیں ہیں یعنی مذکر اور مؤنث ، وہاں بھی کچھ عبارت لکھ کر قلم زد کر دی گئی ہے - شاید جنس کی پیچیدہ بحث بعد میں لکھنے کی نیت ہو جس کی تکمیل نہ ہو سکی -

۷۸- اس صیغے میں 'کوں' ، 'کیتیں' کے ساتھ 'ستے' محلِ نظر ہے - یہ حالت ظرفی میں ہے - ممکن ہے اُس وقت بول چال میں یہ صورت بھی باقی ہو -

۷۹- شلزے کو محض 'ث' کے تلفظ سے دھوکا ہوا ورنہ 'ث' علامت ظرفی نہیں ہے -

۸۰- مراد دورۂ قمری -

۸۱- مطابقت کے لیے بعض اصول موجود ہیں -

۸۲- ہندو مہینے دراصل موسمی ہیں -

۸۳- یہ حساب باقاعدہ ہے -

۸۴- روز سبت الگ درج ہے -

۸۵- 'چاکر' کی مؤنث 'چاکری' نہیں بلکہ 'چاکرانی' یا 'چاکرنی' ہونا چاہیے ، جیسے نوکر سے نوکرانی ، مہتر سے مہترانی ، نہ کہ نوکری اور مہتری -

۸۶- 'دوست' کی تانیث 'دوستدارنی'، 'یارنی' دونوں درست نہیں ۔ یہ اس قسم کا اسم ہے جس میں مذکر مؤنث کے لیے الگ الگ کلمات ہوتے ہیں، جیسے 'بیل' کی تانیث 'گائے'، 'دوست' کے مقابلے میں مؤنث 'سکھی'، 'سہیلی' وغیرہ ہوں گے ۔

۸۷- مریدنی، نیز مریدن ۔

۸۸- 'پردیسی' مذکر ۔ مؤنث پردیسنی نہیں بلکہ 'پردیسن' ہوگا ۔

۸۹- 'بلاؤ' سے 'بلی' کی تانیث اس کلیے کے تحت نہیں جس کی بحث ہے ' یعنی یائے کے اضافے سے مؤنث بنانے کا عام قاعدہ ۔ اس حساب سے 'بلاؤ' کی تانیث 'بلاوی' ہوتا جو غلط ہے ۔ 'بلائی' البتہ عام بول چال میں ملتا ہے لیکن 'بلتی' عام ہے اور اس کے مقابل مذکر 'بلاؤ' نہیں 'بلا' ہے ۔

۹۰- 'ت' بجائے 'تھ' عام بول چال کے تلفظ کے مطابق ہے ۔ املا 'ہتھنی' ہی ہے ۔

۹۱- 'ت' بجائے 'ٹ' ۔

۹۲- 'چارہ' سے 'لاچارہ' کی ترکیب درست نہیں ۔ 'لاچار' عام ہے اور 'لاچاری' بھی مستعمل ہے لیکن 'چارہ' سے نفی 'لاچارہ' غلط ہے ۔

۹۳- 'امید' سے نفی 'نا امیدی' صرف سابقہ 'نا' کا اضافہ نہیں جیسا کہ اس شق کے آغاز میں مذکور ہے ۔ یہاں سابقہ کے علاوہ انجاسی لاحقہ 'ی' بھی لگایا ہے ۔

۹۴- 'دانائی' سے 'نادانائی' قیاساً درست ہوگا، یعنی 'دانائی' سے نفی 'نادانی' مستعمل ہے ۔

۹۵- ۹۶- ۹۷- شلزے کا تجزیہ مکمل نہیں ہے، صرف لاحقہ 'آر' لگانے سے پیشہ‌ور کا مفہوم مکمل نہیں ہوتا بلکہ اسم میں صوتی تغیر و تصرف بھی ہوتا ہے ۔ 'سونا' سے 'سونا آر' نہیں بنتا بلکہ 'سونا' سے صرف ہوکر 'سن آر' بنتا ہے ۔ 'لوہا' سے بھی تصرف ہوکر 'لوہار' (بلکہ لہار) بنتا ہے ۔ چمڑا میں تصرف زیادہ ہے ۔ دراصل 'چمار' 'چمڑا' سے مشتق نہیں ہے بلکہ 'چم' یا 'چام' سے مشتق ہے ۔

۹۸- یہاں یہ درست نہیں ہے کہ 'گاہ' جو لاحقہ مکان کا ہے وہی لاحقہ زمانے کا بھی ہے ۔ 'خواب گہ'، 'شکار گاہ'، 'نشست گاہ' وغیرہ میں لاحقہ مکانی ہے ۔ 'گاہ'، 'گاہی' لاحقہ زمانی ہے، 'صبح گاہی'، 'صبح گاہ' ۔ اس فہرست میں 'ہر' اور 'ہرگاہ' بھی شامل ہے جو اس جگہ درست نہیں ۔

۹۹- 'پروردگار' کے اشتقاق کا تجزیہ درست نہیں ۔ یہ صرف 'پرور' میں 'گار' لاحقہ لگانے سے نہیں بنا، 'پروردن' سے اسم فاعل 'پرور' ہے ۔ 'پروردگار' 'کردگار' میں علامت مصدر میں سے صرف 'ن' حذف کر کے 'گار' لگایا ہے ۔

۱۰۰- 'چی' لاحقہ اردو میں ترکی سے آیا ہے اس لیے عام طور پر صرف مستعار اور دخیل الفاظ میں ملتا ہے۔ 'خزانہ' سے 'خزانچی' میں لاحقہ لگانے کے علاوہ 'خزانہ' کی ہائے ہوز کی تخفیف بھی ہے۔ 'چی' بطور لاحقہ تصغیر کے لیے بھی آتا ہے۔ وہ اس سے الگ لاحقہ ہے، مثلاً 'دیگ'، 'دیگچہ'، 'دیگچی'، یعنی تصغیر مع تانیث۔

۱۰۱- 'دار' سے 'داربان' اردو یا ہندوستانی میں مستعمل نہیں۔

۱۰۲- ہندوستانی میں صوتی تغیر سے 'سائباں' مستعمل ہے۔

۱۰۳- 'باڑی' اردو کا لاحقہ نہیں۔ باڑا (باڑہ) البتہ بعض ترکیبوں میں رائج ہے، مثلاً امام باڑہ۔ شلزے نے امام باڑی لکھا ہے جبکہ اردو میں یہ صورت مستعمل نہیں۔ باقی مثالیں ٹھاکر باڑی، گولا باڑی، گھال باڑی، کہار باڑی بھی اردو میں نہیں۔ جیسا کہ مترجم نے تمہید میں بیان کیا ہے، اس نے شلزے کے متن میں اُن معلومات کو بھی شامل کر دیا ہے جو خود اس نے بنگال میں اپنے قیام کے دوران میں جمع کی تھیں۔ یہ تمام الفاظ غالباً ان ہی معلومات پر مبنی ہیں۔

۱۰۴- عام حالات میں یہ درست ہے کہ اردو میں صفت موصوف یعنی اسم سے پہلے لاتے ہیں: مثلاً 'اچھا لڑکا' لیکن بعض صورتوں میں مثلاً جوابیہ جملوں میں 'لڑکا کیسا ہے'، جواب میں کہتے ہیں 'لڑکا اچھا ہے' دراصل یہاں 'اچھا' کا ربط 'ہونے' سے یعنی فعل سے ہوتا ہے۔ یہ دو مثالیں دیکھیے:

اچھا لڑکا پڑھتا ہے۔ لڑکا اچھا پڑھتا ہے۔

۱۰۵- اردوئے قدیم میں بے شک صفت مؤنث جمع موصوف مؤنث کی نسبت سے جمع ہی لاتے تھے؛ مثلاً 'اچھیاں عورتاں'، لیکن اب صفت اور موصوف مؤنث میں صفت واحد ہی ہوتی ہے۔ 'اچھی لڑکی' سے 'اچھی لڑکیاں'، نہ کہ اچھیاں لڑکیاں۔ خود شلزے نے مثال میں 'دوبلی انبیہایاں' لکھا ہے حالانکہ اس کے قول کے مطابق 'دوبلیاں' ہوتا۔

۱۰۶- صفت سے مراد صرف کیفیت یا quality نہیں بلکہ کمیت یعنی quantity بھی اس میں شامل ہے۔ اچھا آدمی، ایک آدمی، اچھے آدمی، چار آدمی وغیرہ۔

۱۰۷- مقابلے کے لیے اردو میں فارسی کا لاحقہ 'تر' بھی آتا ہے: بہتر، کمتر وغیرہ۔

۱۰۸- شلزے نے نفس کو 'soul' لکھا ہے جس کے معنی 'روح' کے ہیں۔ اردو میں نفس اور نفس پرست کے معنی 'روح' اور روح کی پوجا کرنے والا نہیں، بلکہ وہ جو اپنی خواہشاتِ نفسانی اور اپنی ذات کا پرستار ہو۔

۱۰۹- یہ معنی محض 'ہے' سے پیدا نہیں ہوئے بلکہ ترکیب میں 'ہے' کے علاوہ 'سو' بھی ضروری ہے۔ شلزے کی دی ہوئی تمام مثالوں سے بھی اس کی تائید ہوتی ہے۔

۱۱۰- 'اجیالا' جن معنوں میں شلزے نے استعمال کیا ہے وہ 'اُجلا' ہے۔ اردوئے قدیم میں بعض مثالیں ایسی ملتی ہیں۔

۱۱۱- ظاہر ہے یہ املا درست نہیں۔ 'پرانا' کا املا 'پورانا' تو ہو سکتا ہے، 'پورانہ' نہیں۔

۱۱۲- Brown کو بھورا اور Grey کو سرمئی کہتے ہیں۔ 'سونلا' یا 'سانولا' ایک الگ رنگ ہے۔

۱۱۳- یہ لفظ 'لپیٹا'، 'دوہرا' کے لیے لکھا ہے جو درست نہیں۔

۱۱۴- یہاں انگریزی کا ترجمہ 'بیمار'، 'مریض' ہونا چاہیے۔ اگر اردو کاہلا (کاہل) درست ہو تو انگریزی Lazy ہوگا۔

۱۱۵- اب رائج املا 'برانا' ہے۔

۱۱۶- یہ املا قدیم مسودات میں ملتا ہے یعنی 'ٹ' بغیر ہائے ملفوظی۔

۱۱۷- 'اگارہ' اردوئے قدیم میں پراکرتی اثرات کا ترجمان ہے۔ پنجابی اور بعض علاقائی بولیوں میں آج تک 'اگارہ' بولتے ہیں لیکن اردو کے دکھنی دور میں بھی 'گیارہ' ملتا ہے اور یہی اب تک مستعمل ہے۔

۱۱۸- 'اٹتیس' کا استعمال بھی قدیم پراکرتی ہے۔ بعد میں 'ٹ' کی جگہ 'ڑ' ہوا اور اب 'اڑتیس' ہی درست ہے۔

۱۱۹- 'اونچالیس' اب تک پنجابی میں ہے۔ اردو میں 'انتالیس' ہی بولتے اور لکھتے ہیں۔ شلزے نے دونوں صورتوں کو اردو بتایا ہے۔

۱۲۰- جو صورت اوپر اونچالیس اور انتالیس کے سلسلے میں بیان ہوئی وہی چوتالیس اور چوالیس کی ہے۔

۱۲۱- 'چھتالیس' پنجابی میں اب تک باقی ہے۔ شلزے کے عہد تک دونوں صورتیں کم از کم بعض علاقوں میں موجود تھیں۔

۱۲۲- یعنی 'ٹ' بجائے 'ڑ'۔ یہاں شلزے نے دو صورتیں نہیں لکھی ہیں جیسا کہ بعض دوسرے اعداد کے سلسلے میں کیا ہے۔

۱۲۳- بجائے انّچاس - اونیس اور اونجالیس کے قیاس پر اونچاس ہوا - ایک نون کا اضافہ غالباً بعد میں ہوا -

۱۲۴- 'چوہن' بجائے 'چون' ، قدیم - نیز واؤ غیر مشدد -

۱۲۵- املا بہ تخفیف یا یعنی 'ترسٹ' بجائے 'تریسٹ' (بغیر ہائے ہوز) پنجابی سے قریب -

۱۲۶- 'ست سٹ' بجائے 'سڑسٹھ' -

۱۲۷- 'اٹ سٹ' بجائے 'اڑسٹھ' -

۱۲۸- یہ اندراج دلچسپ ہے - 'بی' بہ معنی 'دو' اکثر ہند آریائی زبانوں میں موجود ہے ، مثلاً سندھی میں اب تک ہے - اردو میں بیس ، بیالیس ، بتیس وغیرہ میں بھی ہے - براسی کی مثال اردو میں نہیں ملتی ، غالباً 'نراسی' کے آہنگ پر 'براسی' زیادہ رائج تھا -

۱۲۹- موجودہ پنجابی سے قریب تر -

۱۳۰- یہ وہی صورت ہے جو 'براسی' بجائے 'بیاسی' کے سلسلے میں ملتی ہے -

۱۳۱- 'نوانوے' بجائے 'ننیانوے' بھی مخصوص صورت ہے -

۱۳۲- قاعدے کے مطابق 'چھٹواں' درست ہے لیکن اب اس طرح نہیں بولتے -

۱۳۳- اگاروان بجائے گیارھواں قدیم پنجابی سے قریب تر -

۱۳۴- 'ٹ' بجائے 'ڑ' -

۱۳۵- وہی صورت جو اونجالیس بجائے انتالیس کی ہے -

۱۳۶- ایک چالیسواں ، یہ صورت اردوئے قدیم میں بھی شاذ ملے گی - شلزے نے اس کے ساتھ اکتالیسواں بھی لکھا ہے ، غالباً محض قیاسی ہے -

۱۳۷- 'چوتالیسواں' قدیم اردو میں شاذ ہے - پنجابی میں آج بھی موجود ہے -

۱۳۸- اٹتالیسواں ، یہاں بھی 'ٹ' بجائے 'ڑ' ہے - بول چال میں بعض اوقات یہی تلفظ سنا جاتا ہے -

۱۳۹- اُنچاسواں ، قدیم - موجودہ پنجابی میں ہے -

۱۴۰- اٹھاسٹواں قدیم لغت -

۱۴۱- حائے حطی بجائے ہائے ہوز 'باہتر' اور الف بجائے زبر -

۱۴۲- 'براسی' اور 'براسواں' اردوئے قدیم یا جدید میں نہیں ملتے ، بجائے 'بیاسی' -

۱۴۳- 'برانوینواں' بجائے 'بانویواں' بھی اسی طرح اردوئے قدیم یا جدید میں نہیں ، بجائے 'بیانویواں' -

۱۴۴- 'میں' واحد متکلم کی جمع ہمیں ، ہموں ، ہمارا بتائی ہے - یہ اردوئے قدیم کی شکل نہیں - غالباً علاقائی بول چال میں مقامی اثرات کا نتیجہ ہے -

۱۴۵- 'ہمنا' اور 'ہمنا کوں' اردوئے قدیم میں موجود ہے (نیز 'ہمن کوں') - سعدی کاکوروی کا مطلع ہے جس میں جمع بطور واحد ہے :

ہمنا تمن کو دل دیا ، تم دل لیا اور دکھ دیا
ہم یہ کیا تم وہ کیا ، اچھی بھلی یہ پیت ہے

۱۴۶- 'واستے' املا صوتی 'ت' بجائے 'ط' ، 'میرے لیے' شلزے نے نہیں لکھا ہے -

۱۴۷- 'تیرے سے' اب محاورۂ عوام میں ہے - ویسے متروک - تجھ سے ، تم سے بولتے ہیں -

۱۴۸- 'تومانرا' غالباً صوتی املا ، موجودہ شکل غیر انفی تمہارا -

۱۴۹- 'تومانرا سے' یہاں 'تومانرا سے' (تم سے) ہونا چاہیے - غالباً شلزے کو غلط فہمی ہوئی - نیز تومانرا میں 'را' زائد ہے - تم سے -

۱۵۰- اونو اردوئے قدیم میں حالت اضافی میں آتا ہے جو 'اونو کا' میں موجود ہے - حالتِ فاعلی واحد 'وہ' اور جمع 'وہ/وے' آتی تھی -

۱۵۱- 'اونیاں' (جمع) اور 'اونے' (واحد) خاص شکل ہے - شلزے کے علاوہ اردوئے قدیم میں اس کی مثال مشکل سے ملے گی -

۱۵۲ - ۱۵۳- 'اینو' (جمع) اور 'این' (واحد) بے جان کے لیے شلزے کے یہاں ملتا ہے -

۱۵۴- 'اینی' بھی صرف شلزے کے یہاں ملتا ہے -

۱۵۵- 'وے لوگ' جمع نہیں ، الگ ترکیب ہے -

۱۵۶- 'آپ' کی جمع حالتِ فاعلی میں آپ/آپ سب/آپ لوگ ہو سکتی ہے - اپنیاں حالتِ اضافی ہو سکتی ہے - اپنی/اپنا -

۱۵۷- 'آپ کا' درست ہے ، 'اپنیاں کا' کی مثال نہیں ملتی -

۱۵۸- یہ تجزیہ درست نہیں کہ آپ 'میں' 'تم' 'ہم' 'وے' کے ساتھ ترکیب نہیں پاتا۔ اردوئے قدیم 'آپ' 'اپی' 'اپیں' اسی ترکیب میں موجود ہے۔

۱۵۹- میں اپنے ہات سے لکھا ، 'نے' محذوف ہے۔ نیز 'ہات' کا املا صوتی ہے بغیر ہائے ہوز۔

۱۶۰- 'ایس' حالت فاعلی جمع میں درست نہیں ، 'اے' صحیح ہوگا۔

۱۶۱- 'تنھوں' سے ، سے ، کوں کے ساتھ درست ہوگا ، حالتِ اضافی ، ظرفی یا طوری میں ، نہ کہ حالتِ فاعلی میں جہاں اُنے ، ایھنے ، یہ آنا چاہیے۔

۱۶۲- تسکوں ، تنکوں بجائے اس کوں۔ اردوئے قدیم میں تسکوں ، تنکوں اشارۂ بعید کے لیے آتا ہے اس لیے ان کے to that ، that کے معنی ہوتے ہیں۔ ایسے ، ایسکوں یعنی اسے اور اس کو بہ اضافہ یائے ہے۔ اردوئے قدیم میں اس اضافی یائے کی مثالیں اکثر ملتی ہیں۔

۱۶۳- کوئی ، یہ مثال بہت صاف اور واضح ہے۔ قدیم شکل 'کُنٔی' بھی ملتی ہے اور 'کوئی' بھی۔

۱۶۴- 'کوئی' بہ طور اضافی درست نہیں ، 'کسی' ہونا چاہیے۔ کوئی کی/کا بھی عام محاورے کے خلاف ہے۔ غالباً گردان کی تکمیل کے لیے قیاس سے لکھا گیا یا شاید کوئی مقامی صورت ہو۔

۱۶۵- بجائے ہر ایک یا ایک ایک۔

۱۶۶- بجائے کس کا ، کس کی۔

۱۶۷- کوئی بجائے جو کوئی ، تس کا یہاں موقع نہیں۔

۱۶۸- Future uncompounded سے شلزے کی مراد غالباً ماضی مطلق ہے کیونکہ آئندہ مثالوں میں 'میں دیا' ، 'ہم دیے' وغیرہ کو First perfect کہا ہے۔ Second perfect دراصل ماضی قریب ہے "میں دیا ہوں" اور ماضی بعید کو

Plus perfectious on time more than perfects

کہا ہے "میں دیا تھا۔"

۱۶۹- فعل کی گردان میں یہ کہنا کہ ان میں جنس کا صیغہ عربی زبان کی طرح آتا ہے درست نہیں۔ اردو افعال کی گردان میں جنس کے صیغے خود آریائی زبانوں کی خصوصیت ہے۔ عربی میں فعل کی ترکیب آریائی زبانوں سے بالکل مختلف ہے۔ اس کے اوزان اور ابواب مقرر ہیں۔

۱۷۰- 'دیتیاں' سے فعلِ حال کے معنی پیدا نہیں ہوتے جب تک 'ہیں' نہ آئے ، غالباً سہواً رہ گیا ہے۔

۱۷۱- ہمارا دیتے/دیتیاں/ہے ، 'ہمارا' حالتِ اضافی ہے - یہاں حالتِ فاعلی کا تقاضا 'ہم' اور فعل امدادی 'ہے' واحد کی جگہ جمع ہے لیکن 'ہے' اور 'ہیں' میں اکثر شلزے نے فرق نہیں کیا اور اسے محض ایک ہلکا سا انفی فرق بتایا ہے - آغاز میں بھی وہ اپنی اس الجھن کا ذکر کر چکا ہے -

۱۷۲- ہیں ، کی جگہ 'ہی' ہے -

۱۷۳- گرت پڑت یعنی گرتے پڑتے - بعض علاقائی صورتوں میں 'گرت پڑت' درست ہے -

۱۷۴- جمع میں دیتے/دیتیاں کے ساتھ امدادی فعل بھی جمع 'تھیاں' آنا چاہیے - چنانچہ دکھنی میں یہی صورت ہے 'جانتیاں تھیاں' -

۱۷۵- ۱۷۶- ۱۷۷- دیکھیے حاشیہ ۱۶۸ -

۱۷۸- 'نے' محذوف ، ہم نے دیا تھا -

۱۷۹- حاشیہ ۱۷۴ - 'تھیاں' کے استعمال سے شلزے واقف تھا - چنانچہ ''رنڈیاں اہواں (وہاں) تھیاں (تھیں)'' اس کی مثال ہے - ملحوظ رہے کہ 'رنڈی' بہ معنی عورت کا استعمال بعد میں انیسویں صدی کے آغاز تک رہا اور میر امن کی ''باغ و بہار'' میں موجود ہے -

۱۸۰- یہ بیان نہایت اہم ہے - 'نے' کے استعمال کے متعلق شلزے کا بیان اردو قواعد میں اس حرف کے استعمال کی اولین وضاحت ہے - شلزے کا یہ قول درست ہے کہ یہ حرف فعل کے زمانہ ماضی کے صیغے میں واحد اور جمع عدد کے دونوں صیغوں کے لیے آتا ہے - بغیر 'نے' کے استعمال کے فرق کی وضاحت بھی کی ہے - ''صاحب نے کہا ہے''، ''صاحب دیے ہیں''، ''حکیموں نے کہا ہے''، ''حکیموں نے کہے ہیں'' - اس کو صراحت سے واضح کیا ہے کہ 'نے' حاضر یا مستقبل کے صیغے کے ساتھ نہیں آتا -

۱۸۱ - ۱۸۲- یہاں First Future سے مراد مستقبل کا مطلق صیغہ ہے - اس میں ماضی کی طرح قریب اور بعید کا ذکر نہیں اور نہ استمرار کا ذکر ہے جس کا بیان آگے حاشیہ ۱۸۵ میں ہے - شرطیہ بھی اسی شکل میں ہے جو ''دوں میں تو مجکو شاباش کہیں'' یعنی اگر میں دوں گا تو مجھ کو شاباش کہیں گے - اس صورت میں گے/ گا محذوف ہے -

۱۸۳- یہ مثال واحد تکریمی کی ہے - 'دیں گے' اور 'دیوں گے' لیکن 'دیویں گے' کی مثال یہاں نہیں ہے -

۱۸۴- یہ مثالیں فعل امر کی ہیں - 'وہ دیو' بجائے 'دے' بعد تک مستعمل رہا -

۱۸۵- بجائے 'تم دیتے رہو گے' یہ استمرار کی وہ شکل ہے جس کی طرف حاشیہ ۱۸۱ - ۱۸۲ کے تحت اشارہ کیا گیا ، مستقبل میں استمرار ، بعد کے قواعد نویسوں نے بھی صرف ماضی کے ساتھ استمراری کا ذکر کیا ہے -

۱۸۶- کھنڈانا بمعنی بکھیرنا ، ڈالنا -

۱۸۷- 'دینے کی/دینے کا' یہ استعمال اب بھی اسی طرح ہے ، یعنی دینے کے لیے -

۱۸۸- GERUND سے مراد حرف "کو ، سے ، میں" ہے جن کی شکل "کوں ، سیں ، سوں ، ستیں ، مے ، منیں ، منے" ہے -

۱۸۹- اس طرح کی مثالیں اصلاً تمنائی ہیں ، 'تا دے سکے' یا 'تا دے سکے' -

۱۹۰- اس سے پہلے فعل 'دینا' کی پوری گردان بیان ہوئی - شلزے لکھتا ہے کہ چند مستثنیات کے علاوہ باقی افعال کی گردان بھی اسی کے مطابق ہوتی ہے - ان مستثنیات کی تعداد شلزے کے بقول صرف چار یا پانچ ہے - 'رہنا' کی گردان کی تفصیل آگے ہے - 'تیں رہتا ہے' قدیم اردو میں بعض جگہ ہے - یعنی 'تو رہتا ہے' - حاضر واحد مذکر مؤنث رہتی ہوں ، غائب واحد مذکر وہ رہتا ہے -

۱۹۱- شلزے کی یہ وضاحت غیر ملکیوں کے لیے خاص طور پر اہم ہے کہ افعال کی گردان میں ایک تو اُن کی حالت (یعنی فاعلی ، اضافی ، ظرفی ، طوری ، ندائی وغیرہ) کا لحاظ رکھنا ضروری ہے اور دوسرے فعل کا فاعل کے ساتھ اور متعدی میں مفعول کے ساتھ - حسب موقع جنس اور عدد کے صیغے کی مطابقت کا لحاظ رکھنا ضروری ہے - یہ مسئلہ اس لیے اور بھی پیچیدہ ہو جاتا ہے کہ اردو میں جنسِ حقیقی کے علاوہ ایک جنس غیرحقیقی یعنی Grammatical Gender بھی ہے - اس کی بحث ہم کر چکے ہیں - مثال یہ ہے "میں نے روٹی کھائی/میں نے پانی پیا" ، 'روٹی کھایا' اور 'پانی پی' درست نہ ہوگا -

۱۹۲- 'ہمیں' بجائے 'ہم' -

۱۹۳- 'رہنے کا' اور 'رہنے کو' دونوں طرح آتا ہے - شلزے نے صرف پہلی صورت لکھی ہے -

۱۹۴- تمنائی یا احتمالی ؟

۱۹۵- 'توں' بجائے 'تم' - پنجابی میں 'توں' اب بھی موجود ہے -

۱۹۶- 'ہونگیاں' اردوئے قدیم کے قاعدے کے مطابق جمع مؤنث مستقبل 'ہونا' سے -

۱۹۷- 'ہوؤ' میں دوسرا واؤ اب محذوف ہو چکا ہے لیکن اکثر افعال میں 'ؤ' موجود ہے -

۱۹۸- 'ہوگو' بجائے 'ہوا' یا 'ہے'۔

۱۹۹- 'واسطے' کا املا 'ت' اور 'ط' دونوں سے لکھا ہے۔

۲۰۰- احتمالی یا تمنائی۔

۲۰۱- 'مہیں' بجائے 'میں' غالباً مقامی لہجہ۔ بعض بولیوں میں البتہ یہی شکل درست اور اصلی ہے۔

۲۰۲- اس میں 'کریا' بجائے 'کرا' اور 'کیا' ہے۔ لیکن یہ صورت شلزے نے ماضی کی قسم اول یعنی ماضی مطلق کی بتائی ہے۔ قسم دوم بعید میں 'کییا' ہے جس کی جمع کییے/کییاں بھی موجود ہے۔

۲۰۳- آؤنا، اردوئے قدیم میں یہی شکل ہے۔ 'آون' اسی سے براہ راست ہے:

آون آون کہہ گئے اور بیتے بارہ ماس

۲۰۴- 'آکو' بجائے 'آنے کا' یا 'آنے کو' یا 'آ کر'۔

۲۰۵- یہ مثال متعدی المتعدی کی ہے۔ 'کرنا' لازم، 'کرانا' متعدی اور 'کروانا' متعدی المتعدی۔ شلزے نے 'کروانںا' لکھا ہے جس میں ایک نون زائد ہے۔

۲۰۶- 'کراوتے تھے' بجائے 'کرتے'۔ یہ صورت لازم کی ہے، متعدی نہیں جو 'کرتے' نہیں 'کرواتے' ہوگی۔

۲۰۷- 'دھولانا' متعدی بغیر واؤ کے درج ہے اور جمع میں 'دھولاوتیں' 'دھولاوتیاں' بشمول واؤ۔

۲۰۸- ×

۲۰۹- 'لگ'۔ اردوئے قدیم میں 'لگ' لگن، ہے، بعد میں 'لگ' اور 'تک' دونوں ہیں۔ اب 'لگ' متروک ہے اور صرف 'تک' باقی رہ گیا ہے۔

۲۱۰- یہاں 'میری' بجائے 'اپنی'۔

۲۱۱- 'اون' بجائے 'او' یا 'وہ' یا 'وو'۔

۲۱۲- 'کوچ' بجائے 'کچھ' صوتی املا۔

۲۱۳- اس طرح کی تراکیب غیر ملکیوں کے تراجم میں اس دور میں اور اس کے بعد بھی بکثرت ملتی ہیں۔ ظاہر ہے۔ یہ بول چال کی عام زبان نہیں۔

۲۱۴- اصل متن میں 'گھڑے' ہے جو غلط فہمی اور التباس کا نتیجہ ہے۔

۲۱۵- یہ پورا جملہ خلافِ محاورہ ہے۔ غالباً مقامی طور پر سن کر درج ہوا۔

۲۱۶- 'میرا کام' بجائے 'اپنا کام'۔

۲۱۷- 'امان' بجائے 'ایمان' صوتی املا ، اُس دور کے عوام کے تلفظ کے مطابق۔

۲۱۸- 'مہوں' بجائے 'مینہ' اب بھی بعض علاقائی بولیوں میں (مثلاً روہیلکھنڈ میں) اسی طرح موجود ہے۔

۲۱۹ - ۲۲۰- 'ہم دینے نہیں سکتا' ، اس دور کے غیر ملکیوں کی گفتگو کے مطابق جمع کی ساخت۔

۲۲۱- 'افسوس کہنا' Lamenting کا ترجمہ ہے۔

